www.dailybolan.com
MEMBER APNS باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ
Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
Mobile: 0336-6113760
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
جلد 37 | بدھ 9 ستمبر 2026، بمطابق 26 ربیع الاول 1448ھ | شمارہ 249

انفورسمنٹ کے ذریعے ایک سال میں 800 ارب روپے ریکور کیے گئے، برآمدات پر مبنی معاشی ترقی اولین ترجیح ہے، شہباز شریف

حکومت نے برآمد کنندگان کو خاص طور پر ٹیکس میں ریلیف دیا ہے: وزیراعظم

تاجر برادری کی مشاورت سے آگے بڑھیں گے، ہمیں برآمدات پر مبنی ترقی کو فروغ دینا ہے، حکومت نے برآمد کنندگان کو خاص طور پر ٹیکس میں ریلیف دیا ہے

طویل سفر میں صنعتکاروں اور تاجر برادری کی مشاورت شامل رہی، ٹیم ورک کے ذریعے درست راہ پر گامزن ہیں، شہباز شریف کی کاروباری شخصیات سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ مشکل حالات کے باوجود مشاورت سے بنیادی اصلاحات کی گئی ہیں، انفورسمنٹ کے ذریعے ایک سال میں 800 ارب روپے ریکور کیے گئے، برآمدات پر مبنی معاشی ترقی اولین ترجیح ہے۔ منگل کو ممتاز صنعتکاروں اور کاروباری شخصیات کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تاجر برادری اور صنعتکاروں کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ بجٹ سے قبل صنعتکاروں اور تاجر برادری سے متعدد ملاقاتیں کیں اور (بقیہ 6 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی: کوئٹہ صوبے کا چہرہ ہے، شہری ترقی، بنیادی سہولتوں کی بہتری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے حوالے سے اہم اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی ترقی، خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے جاری منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا

اجلاس میں بتایا گیا کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت 12 منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں، 7 منصوبوں پر کام جاری ہے جبکہ 5 نئے منصوبے بھی تجویز کیے گئے ہیں

کوئٹہ (بولان بیورو) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے حوالے سے اہم اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی ترقی، خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے جاری منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت 12 منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں، 7 منصوبوں پر کام جاری ہے جبکہ 5 نئے منصوبے بھی تجویز کیے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے جاری منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

ملک کے دیگر علاقوں کی طرح سندھ کے عوام کا بھی نئے انتظامی یونٹس کے قیام کا مطالبہ

اندرون سندھ بنیادی سہولیات کا فقدان، بجلی، پانی، گیس، سڑکوں، اسپتالوں اور تعلیمی اداروں کی عدم دستیابی پر شہریوں کا اظہار تشویش

انتظامی ڈھانچے میں بہتری اور اختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کرنے سے عوامی مسائل کے حل میں تیزی آسکتی ہے

کراچی (این این آئی) ملک کے دیگر علاقوں کی طرح سندھ کے عو (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

جنوبی وزیرستان میں فائرنگ سے قبائلی رہنما جاں بحق

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) جنوبی وزیرستان اپر میں فا (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

سول اسپتال مٹھی میں 8 ماہ کے دوران 480 نوزائیدہ بچے جاں بحق

غذائی قلت، کم وزن اور مختلف بیماریوں کے باعث اموات، جنوری تا اگست 2732 بچے اسپتال لائے گئے

106 کو مزید علاج کیلئے دوسرے اسپتال منتقل کیا گیا

مٹھی (این این آئی) تھرپارکر کے سول اسپتال مٹھی میں رواں سال کے (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اپوزیشن اور جے یو آئی ف کا حکومت کو ٹف ٹائم دینے کا فیصلہ

سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس اور رہنما جے یو آئی مولانا عطا الرحمٰن کے درمیان ملاقات

مولانا فضل الرحمٰن کے گھر فیصلہ ہوا تھا کہ ایوان میں اپوزیشن متفقہ حکمت عملی اپنائے گی، اپوزیشن لیڈر راجہ ناصر عباس

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس اور جے یو آئی ف کے رہنما مولانا عطا الرحمٰن کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں حکومت کو ٹف ٹائم دینے کا فیصلہ کیا گیا۔ اس حوالے سے مولانا فضل الرحمٰن کے گھر فیصلہ ہوا تھا کہ ایوان میں اپوزیشن متفقہ حکمت عملی اپنائے گی، طے ہوا تھا کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ میں مل کر اپوزیشن کا کردار ادا کرنا ہے متعدد اپوزیشن کے باہمی (بقیہ 9 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم پاکستان کی سعودی عرب پر بزدلانہ حوثی حملوں کی شدید مذمت

پاکستان سعودی عرب کے امن، سلامتی اور استحکام کے لیے اپنی حمایت جاری رکھے گا، شہباز شریف کا بیان

سعودی عرب کے برادر عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سعودی عرب میں شہری اور توانائی کی تنصیبات کو نشانہ بنانے والے حوثیوں کے بزدلانہ حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کے امن، سلامتی اور استحکام کے لیے اپنی حمایت جاری رکھے گا (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

عوام چاہیں تو صوبے بن جائیں گے نہیں چاہیں گے تو نہیں بنیں گے: رانا ثناء اللہ

جنوبی پنجاب اور بہاولپور سے متعلق پنجاب اسمبلی کی قراردادیں غیر موثر ہوچکیں

عوامی ریفرنڈم آئین کے مطابق یا پارلیمنٹ کی منظوری سے ہی ممکن ہوگا، کسی وزیر کے بیان کی بنیاد پر نہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب اور بہاولپور سے متعلق پنجاب اسمبلی کی قراردادیں 10 سال پرانی ہونے کے باعث اب غیر موثر ہوچکی ہیں، اگر کسی اسمبلی کی مدت کے دوران کوئی قرارداد پر عملدرآمد نہ ہو سکے تو اگلی اسمبلی پر منحصر ہوتا ہے کہ وہ اس معاملے پر نئی قرارداد منظور کرتی ہے یا نہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے اسلام آباد کو صوبہ بنانے سے متعلق سوال پر کہا کہ الیکشن کمیشن حکومت کو آ (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ میر زرین خان مگسی ملاقات کررہے ہیں

ہم صوبے بنانے کے خلاف نہیں لیکن حالات کو بھی دیکھنا چاہیے: مولانا فضل الرحمٰن

صوبوں کے معاملے میں سیاسی جماعتوں کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، پیپلز پارٹی بات تو کرتی ہے لیکن وہ صرف سندھ کی حد تک کرتی ہے

مسلم لیگ (ن) خاموشی اختیار کیے ہوئے ہے، مرکز میں حکومت (ن) کی ہے، قومی سطح کے معاملات کا کے کے حوالے ہیں' خطاب

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ ہم نے اس ملک میں رہنا ہے تو اپنے ضمیر کی بات کریں گے، خیر خواہی کی بنیاد پر بات کرتے ہیں، ہم آپ کی بھلائی اسی میں دیکھتے ہیں، ہم آپ کی بھی خیر خواہی اسی میں دیکھتے ہیں، آپ کا مزاج بن گیا ہے کہ آپ کو خوشامدگروں کی زبان اچھی لگتی ہے، اگر کوئی سیدھی بات کرے تو وہ آپ کو بری لگتی ہے۔ لاہور میں ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ ہم ملک کو آپ کی ملکیت نہیں مانتے، یہ ملک ہمارا ہے، ہم اس کے شہری ہیں، اور ریاست عوام کے بغیر کچھ نہیں ہے۔ ہم اصو (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان کی سی فوڈ برآمدات پہلی بار 50 کروڑ ڈالر سے تجاوز کر گئیں

مالی سال 2023-24 میں پاکستان کی سی فوڈ برآمدات 406 ملین ڈالر تھیں

سی فوڈ برآمدات میں مسلسل اضافہ پاکستان کے لیے قیمتی زرمبادلہ کمانے کا ذریعہ بن سکتا ہے، مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کی سمندری خوراک کی برآمدات ریکارڈ 568 ملین ڈالر کی سطح تک پہنچ چکی ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بہتر معیار، نئی منڈیوں تک رسائی، زیادہ ویلیو ایڈیشن اور برآمدی منڈیوں میں تنوع (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

نئے صوبے نہیں، عام آدمی کے حالات بہتر بنانا اصل مسئلہ ہے، چوہدری برجیس طاہر

آئین و قانون کی حکمرانی، انصاف، میرٹ اور روزگار کے بغیر ملک ترقی نہیں کرسکتا

نوجوان خطرناک راستوں سے بیرون ملک جانے پر مجبور ہیں، سیاستدان باہمی لڑائیوں میں الجھے ہوئے ہیں

اصل مسئلہ یہ ہے کہ ملک میں آئین و قانون کی حکمرانی قائم ہو، غریب کو انصاف ملے

مزدور اور کسان کے حالات بدتر ہو رہے ہیں' سابق وفاقی وزیر

سانگلہ ہل (این این آئی) سابق گورنر و وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ ملک کے اصل مسائل نئے صوبے بنانا نہیں بلکہ عام آدمی کے حالات بہتر بنانا ہیں، آج غریب، انصاف، مزدور اپنی محنت کا صلہ اور نوجوان میرٹ پر روزگار مانگ رہا ہے مگر افسوس (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

پاکستان کو سک کیئر سے ہیلتھ کیئر کی طرف جانا ہوگا، مصطفیٰ کمال

وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال نے پمز میں 10 فیصد مریضوں سے فیس لیے جانے کا نوٹس لے لیا، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز پر برہم

فیس دہندہ 10 فیصد مریض پمز کے بارے میں باتیں کرتے ہوں گے، پمز کے 100 فیصد مریضوں کے مفت علاج کیلئے وزیراعظم سے بات کروں گا، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے پمز میں 10 فیصد مریضوں سے فیس لیے جانے کا نوٹس لیتے ہوئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز ڈاکٹر محمد سلمان پر اظہار برہمی کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پمز میں 10 فیصد مریضوں سے فیس لینا نامناسب ہے، (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر)

شمالی کوریا کی بحریہ میں 5 ہزار ٹن وزنی دوسرا تباہ کن جہاز شامل

نئے جنگی جہاز کی جزیرہ نما کوریا کے مشرقی سمندر میں تعیناتی مخالفین کے لیے واضح پیغام ہے، کم جونگ

پیانگ یانگ (این این آئی) شمالی کوریا نے 5 ہزار ٹن کا دوسرا تباہ کن جہاز کانگ کون کلاس بحری بیڑے میں شامل کر لیا، یہ جہاز شمالی کوریا کی جوہری جوابی کارروائی کے نظام کا حصہ بنے گا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جہاز کو شمالی کوریا کی نسن پورٹ پر بحریہ کے سپرد کیا گیا۔ اس موقع پر منعقدہ تقریب کے مہمان خصوصی شمالی کوریا کے سربراہ کم جونگ ان تھے جو اپنی صاحبزادی کے ہمراہ تقریب میں (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

امریکا کیساتھ اسٹریٹجک اتحاد اچھی بات، مگر کافی نہیں، قطر

دوحہ (این این آئی) قطر کی وزارت خارجہ کے ترجمان ماجد الانصاری نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ اسٹریٹجک اتحاد اچھی بات ہے، تاہم یہ کافی نہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ماجد الانصاری نے ایک (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

پاکستان امن کا علمبردار، بھارت کو ہر من مانی سے روک سکتے ہیں' رانا تنویر حسین

پاکستان ناقابل تسخیر، مسلح افواج اور عوام ہر دشمن کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہیں' وفاقی وزیر

مریدکے (این این آئی) وفاقی وزیر فوڈ سیکیورٹی ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی قوانین اور ریجن سمیت دنیا بھر میں امن کا علمبردار ہے یہ احترام نہ ہو تو بھارت کو ہر من مانی سے روک سکتے ہیں، بھارت جنگ کے میدان سے لے کر سفارتی میدان میں ہمیشہ پاکستان کے ہاتھوں شکست سے دوچار ہوتا رہا اور آئندہ بھی ہوتا رہے گا۔ اپنے بھتیجے کن قومی اسمبلی رانا احمد عتیق انور مسلم لیگ (ن) (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

پاکستانی معیشت مستحکم، ہرمز بحران کے جھٹکے برداشت کرسکتی ہے، موڈیز

اسلام آباد (این این آئی) موڈیز نے کہا ہے کہ پاکستانی معیشت مستحکم ہے اور ہرمز بحران کے جھٹکے برداشت کرسکتی ہے۔ بین الاقوامی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی موڈیز کی رپورٹ کے مطابق پاکستان کی معیشت آبنائے ہرمز سے (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

اعظم نذیر تارڑ نے راولپنڈی میں مسیحی خاتون کے قتل کا نوٹس لے لیا

واقعہ کی قانون کے مطابق مکمل اور جامع تحقیقات یقینی بنائی جائیں، وزیر قانون

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انسانی حقوق اعظم نذیر تارڑ نے راولپنڈی میں مسیحی خاتون صبا محبوب کے قتل کے واقعہ کا نوٹس لے لیا۔ وفاقی وزیر نے آئی جی پنجاب کو واقعے سے متعلق مراسلہ بھیجوا دیا ہے۔ وزیر قانون نے مراسلے میں کہا کہ واقعے کی قانون کے مطابق مکمل اور جامع تحقیقات یقینی بنائی جائیں، تحقیقات انصاف کی فراہمی کے لیے ترجیحی بنیادوں پر کی (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر)

سمندری حدود کے نگہبانوں کو سلام، پاک بحریہ علاقائی امن میں اہم کردار ادا کر رہی ہے: صدر زرداری

آپریشن محافظ البحر کے ذریعے پاکستان کی توانائی سلامتی کو یقینی بنانے میں بھی پاک بحریہ نے اہم کردار ادا کیا

آپریشن سومناتھ پاک بحریہ کی بہادری اور عزم کی علامت ہے، یوم بحریہ پر صدر مملکت کا شہدا و غازیوں کو خراج عقیدت پیش

کراچی (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے یوم بحریہ (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد کو خود مختار یونٹ بنانے کیلئے نئے مقامی ٹیکس کی تجویز زیر غور

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی حدود میں بنیادی سہولیات اور انتظامی ڈھانچے کو چلانے کے لیے ریونیو اکٹھا کیا جائیگا

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان قرض پروگرام کے تحت پانچویں جائزے کے مذاکرات رواں ماہ شروع ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے اسلام آباد کو خود مختار یونٹ بنانے کی صورت میں مقامی سطح پر نیا ٹیکس لگانے کی تجاویز کا جائزہ لینا شروع کردیا ہے، پاکستان اور آ (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

گلگت بلتستان کی 464 کلومیٹر طویل 7 اہم سڑکیں وفاق کے حوالے کرنے کی تجویز

سیاحوں پر ٹول ٹیکس عائد کرنے کی تجویز بھی زیر غور ہے، مقامی آبادی کو اس ٹیکس سے مکمل استثنیٰ حاصل ہوگا

منظوری کے بعد نیشنل ہائی وے اتھارٹی ان سڑکوں کی تعمیر، توسیع، بحالی اور طویل مدتی دیکھ بھال کی ذمہ داری سنبھالے گی

لاہور (این این آئی) گلگت بلتستان میں سیاحت کے فروغ اور سفری (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں مزید بڑھ گئیں

بحری جہازوں پر امریکا، ایران حملوں سے عالمی سطح پر تیل سپلائی میں طویل تعطل کے خدشات بڑھ گئے

نیویارک (این این آئی) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوگیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں پر امریکا (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

اسحاق ڈار کا کویتی ہم منصب سے ٹیلی فونک رابطہ، علاقائی صورتحال پر گفتگو

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ملاقات کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح سے ٹیلی فونک رابطہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر)

جنید انوار نے شارک کے تحفظ کیلئے 10 سالہ قومی منصوبہ پیش کر دیا

شارک کی کم ہوتی آبادی بحال کرنے اور پائیدار ماہی گیری یقینی بنانے کا فیصلہ

پہلے 5 سال کیلئے 38 سے 50 لاکھ ڈالر درکار ہوں گے، منصوبہ 2025ء تا 2035ء تین مراحل میں مکمل کیا جائے گا، وفاقی وزیر بحری امور

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے بحیرہ عرب میں شارک کے تحفظ اور بہتر انتظام کیلئے پاکستان کے پہلے 10 سالہ قومی منصوبے کا اعلان کردیا، جس کا مقصد شارک کی کم ہوتی آبادی کی بحالی، سمندری حیاتیاتی تنوع کا تحفظ اور ماہی گیری کے وسائل کا پائیدار استعمال یقینی بنانا ہے۔ وفاقی وزیر کے مطابق شارک کے تحفظ و انتظام کا قومی منصوبہ 2025ء سے 2035ء تک تین مراحل میں نافذ کیا جائے گا، جس پر عملدرآمد میرین فشریز ڈیپارٹمنٹ کرے گا، جبکہ متعلقہ اداروں پر مشتمل قومی مشاورتی کمیٹی منصوبے کی نگرانی کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ منصوبے کے پہلے پانچ سال (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

قائم مقام صدر یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

سیاستدان جمہوریت کا جنازہ نکال رہے ہیں، ایمل ولی

پنجاب کے محفوظ ہونے پر بالکل بھی اعتراض نہیں، اعتراض دہشت گردی کے خلاف ریاست اور اشرافیہ کے دوغلے پن پر ہے

ہم چاہتے ہیں کہ پختونخوا اور بلوچستان بھی اتنے ہی محفوظ ہوں جتنا پنجاب اور اسلام آباد محفوظ ہیں، صدر عوامی نیشنل پارٹی

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ دہشت گردی کسی صوبے کی نہیں، ریاستی پالیسیوں کی پیداوار ہے۔ ہمیں آج پنجاب کے محفوظ ہونے پر بالکل بھی اعتراض نہیں، اعتراض دہشت گردی کے خلاف ریاست اور اشرافیہ کے دوغلے پن پر ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ پختونخوا اور بلوچستان بھی اتنے ہی محفوظ ہوں جتنا پنجاب اور اسلام آباد محفوظ ہیں۔ جن پالیسیوں نے آج خیبر پختونخوا اور بلوچستان کو دہشت گردی کی لپیٹ میں رکھا ہے، وہ ان علاقوں کے عوام سے پوچھ کر نہیں بنائی گئی تھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آج جس خطرے سے پنجاب کو محفوظ رکھنے کی با (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

پاکستانی برآمدات کے شعبے میں بڑی پیشرفت، ایس ایم ایز کیلئے نئی انشورنس اسکیم شروع

پہلی بار ایس ایم ای ایکسپورٹرز کو بیرون ملک سے ملنے والی ادائیگیوں کا تحفظ حاصل ہوگا

لاہور (این این آئی) پاکستان کے برآمدی شعبے میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے، جہاں پاک ایگزم اور ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں یعنی ایس ایم ایز کیلئے انشورنس اسکیم متعارف کرادی ہے۔ نئی اسکیم کے تحت پہلی بار ایس ایم ای ایکسپورٹرز کو بیرون ملک خریداروں سے ملنے والی ادائیگیوں کا تحفظ حاصل ہوگا۔ بیرون ملک خریدار کی جانب سے رقم اد (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی کے 27 ستمبر احتجاج و لانگ مارچ کیخلاف اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے 27 ستمبر کے احتجاج اور لانگ مارچ کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ میں اہم درخواست دائر کردی گئی۔

نیپرا کا فیصلہ مسابقتی بجلی مارکیٹ کے قیام میں اہم سنگ میل ہے' وزیر توانائی

یوز آف سسٹم چارج کا تعین سی ٹی بی سی ایم کیلئے آخری اہم ریگولیٹری اقدام تھا' اویس لغاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے نیپرا کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیپرا کا فیصلہ مسابقتی بجلی مارکیٹ کے قیام میں اہم سنگ میل ہے، یوز آف سسٹم چارج کا تعین سی ٹی بی سی ایم کیلئے آخری اہم ریگولیٹری اقدام تھا، یوز آف سسٹم چارج کے تعین سے سی ٹی بی سی ایم پالیسی کی راہ ہموار ہوگئی۔ وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ مسابقتی بجلی مارکیٹ پاکستان کو روایتی و (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی یوم دفاع پاکستان کی تقریب میں شرکت

کراچی (این این آئی) 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے ضلع شرقی کراچی کے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول گلشن میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کے مہمان خصوصی وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

صوبے بننے چاہئیں مگر یہ وقت نئے صوبوں کی بات کا نہیں، کیپٹن (ر) صفدر

کون سا ضلع کس صوبے کا حصہ بنے گا، اس کا فیصلہ بھی عوامی رائے سے کیا جائے، میڈیا سے گفتگو

چنیوٹ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما کیپٹن ریٹائرڈ صفدر نے نئے صوبوں کے قیام سے پہلے عوامی رائے لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب سمیت دیگر علاقوں میں نئے صوبوں کا فیصلہ بھی ریفرنڈم کے ذریعے ہونا چاہیے۔ چنیوٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیپٹن ریٹائرڈ صفدر نے کہا کہ صوبے بننے چاہئیں مگر یہ وقت نئے صوبوں کی بات کا نہیں، نئے صوبوں (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سندھ ہائیکورٹ کے 3 ایڈیشنل سیشن ججز کے تبادلے و تعیناتیاں

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اور ججز نے تین عدالتی افسران کے فوری طور پر تبادلے اور نئی جگہوں پر تعیناتی کے احکامات جاری کردیئے ہیں۔ سندھ ہائیکورٹ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق عدالتی افسران کے تبادلے اور تعیناتیاں عوامی مفاد میں کی گئی ہیں۔

جماعت اسلامی کا پٹرولیم لیوی کیخلاف ٹرین مارچ کا اعلان

دھرنے اپنی ذات نہیں، عوامی حقوق کے لیے دے رہے ہیں، حافظ نعیم الرحمان

کسانوں، طلبہ اور مزدوروں سے حکومت غنڈہ ٹیکس لے رہی ہے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ دھرنے اپنی ذات نہیں، عوامی حقوق کے لیے دے رہے ہیں۔ صوبائی دارالحکومت میں دھرنے کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جماعت اسلامی عوام کے حقوق کے لیے دھرنے دے ر (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پنجاب کے محکموں سے کرپشن کا خاتمہ مریم نواز کا مشن ہے ، عظمیٰ بخاری

پاکستان کو براہِ راست جنگ کا نہیں، بھارت کی پراکسی دہشتگردی کا خطرہ ہے، دہشتگرد صوبائی سرحدوں کی پرواہ نہیں کرتے، امن وامان یقینی بنانا صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری ہے

مریم نواز نے ٹارگٹڈ آپریشن کے ذریعے کچے میں امن قائم کیا، کئی ماہ سے کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا

لاہور (این این آئی) وزیراطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے دہشت گردی سے متعلق بیان پر ہونے والی تنقید کو بلاجواز قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ کے ایک واضح سیکیورٹی کنسرن کو خواہ مخواہ سیاسی اور صوبائی رنگ دیا جا رہا ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری قوم اور تمام صوبوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اسے صوبائیت یا سیاست کی عینک سے دیکھنا انتہائی افسوسناک ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے اپنے خطاب کے دوران دہشت گردی کے خطرے کے حوالے سے ایک اہم سیکیورٹی معاملے کی نشاندہی کی تھی۔ پنجاب میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گرد عناصر، کالعدم تنظیموں اور ان کے نیٹ ورکس پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ نے اسی تناظر میں اس خدشے کا اظہار کیا کہ بیرونی سرحدوں سے آنے والے دہشت گرد عناصر اور پراکسیز کا خطرہ بھی سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے حالیہ معرکہ؟ حق سمیت ہر موقع پر ثابت کیا ہے کہ وطن کے دفاع کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ پاکستان کو کسی ملک سے خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں، تاہم جو عناصر براہِ راست مقابلہ نہیں کر سکتے، وہ پراکسیز کے ذریعے پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں، اور اس خطرے سے آنکھیں بند نہیں کی جا سکتیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ دہشت گردی کسی ایک صوبے کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے پاکستان کا مسئلہ ہے۔ خیبر پختونخوا ہو یا بلوچستان، پنجاب ہو یا سندھ، ہر جگہ دہشت گردی کے خاتمے اور امن کے قیام کیلئے مؤثر حکمت عملی اور مربوط کارروائی ضروری ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کی خواہش ہے کہ خیبر پختونخوا سمیت تمام صوبوں میں امن قائم ہو اور دہشت گردوں کے سلیپر سیلز اور نیٹ ورکس اسی طرح ختم کیے جائیں جیسے پنجاب میں کیے گئے ہیں۔ وزیراطلاعات نے کہا کہ پنجاب میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے حکومت نے اداروں کو جدید ٹیکنالوجی، بہتر نگرانی اور مؤثر وسائل فراہم کیے ہیں۔ کچے کے علاقے میں مربوط کارروائی اس کی ایک نمایاں مثال ہے، جہاں مختلف صوبوں کی حدود کے درمیان کارروائیوں سے بچ نکلنے والے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف منظم ایکشن کے نتیجے میں صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کی مؤثر حکمت عملی کے نتیجے میں کرائم اگینسٹ پراپرٹی میں 70 فیصد سے زیادہ کمی آئی ہے۔ پولیس کی استعدادکار بڑھانے، جدید آلات اور ٹیکنالوجی کی فراہمی اور مؤثر نگرانی کے اقدامات کا مقصد عوام کو محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ یہ تصور ناقابلِ قبول ہے کہ کوئی صوبائی حکومت اپنے صوبے میں امن وامان کی ذمہ داری سے دستبردار ہو جائے اور یہ ذمہ داری مکمل طور پر وفاقی اداروں یا پاک فوج پر چھوڑ دے۔ آئین اور قانون کے تحت صوبائی حکومتوں اور ان کے متعلقہ اداروں کی بھی امن وامان برقرار رکھنے کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے خیبر پختونخوا حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اگر واقعی پختون عوام کی عزت اور حقوق کی فکر ہے تو اس کا اظہار محض بیانات اور سیاسی پروپیگنڈے کے بجائے عملی اقدامات سے ہونا چاہیے۔ پختون نوجوانوں کو معیاری تعلیم، اسکالرشپس، لیپ ٹاپس، بہتر سڑکیں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی بھی اتنی ہی اہم ہے۔ عوام کو بنیادی سہولیات سے محروم رکھ کر صرف سیاسی بیانیہ بنانے سے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ وزیراطلاعات نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے نہ صرف پنجاب بلکہ دیگر صوبوں کے عوام اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھی عملی مدد کی ہے

سکھر: تھانہ بی سیکشن پولیس کی کارروائیاں، گٹکا ماوا اور چرس برآمد، 2 ملزمان گرفتار

منشیات اور مضرِ صحت اشیا کی خرید وفروخت میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) تھانہ بی سیکشن پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران گٹکا ماوا اور منشیات برآمد کر کے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق پہلی کارروائی تھانہ بی سیکشن کی حدود ریلوے گرانڈ، اسٹیشن روڈ کے قریب کی گئی، جہاں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے نیو پنڈ کے رہائشی ملزم نوید ولد وزیر علی چنہ کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزم کے قبضے سے 35 عدد گٹکا ماوا کی پڑیاں برآمد ہوئیں، جس کے بعد ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 173/2026، زیر دفعہ 8 SMMG Act درج کرلیا گیا۔ دوسری کارروائی ہوابندر کے علاقے میں عمل میں لائی گئی، جہاں تھانہ بی سیکشن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ٹکر محلہ کے رہائشی ملزم عامر علی ولد مدثر علی بروہی کو گرفتار کیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے 500 گرام چرس برآمد ہوئی، جس پر اس کے خلاف مقدمہ نمبر 174/2026، زیر دفعہ 9(1) SCNS کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق دونوں کارروائیوں کے بعد گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ منشیات اور مضرِ صحت اشیا کی خرید وفروخت میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

سوراب۔ سوراب پولیس نے ڈکیتی کی واردات ناکام بناتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا اور چوری شدہ گاڑی بھی برآمد

رفاہی اراضی پر رہائشی پلاٹس کی تعمیر، وفاقی آئینی عدالت برہم

ایسی کیا خدمات انجام دی گئی تھیں جن کے صلے میں این جی او کو 2 ہزار گز کا پلاٹ دے دیا گیا؟ جسٹس حسن اظہر رضوی

وفاقی آئینی عدالت نے درخواست گزار سے آئندہ سیشن تک این جی او کی آڈٹ رپورٹ طلب کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی

کراچی (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت کی کراچی رجسٹری میں این جی او کے نام پر رفاہی اراضی الاٹ کر کے اس پر رہائشی پلاٹس کی تعمیر کے معاملے کی سماعت ہوئی، عدالت نے این جی او کے وکیل پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے آئندہ سماعت تک آڈٹ رپورٹ طلب کرلی۔ درخواست گزار این جی او کی جانب سے سندھ ہائیکورٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل کی سماعت کے دوران وکیل بشیر شاہ نے مؤقف اختیار کیا کہ ادارے کو یہ جگہ 1982 میں رفاہی مقاصد کے لیے الاٹ کی گئی تھی۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے استفسار کیا کہ ایسی کیا خدمات انجام دی گئی تھیں جن کے صلے میں این جی او کو 2 ہزار گز کا پلاٹ دے دیا گیا؟ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل سندھ فیضان میمن نے عدالت کو بتایا کہ اس وقت کے چیئرمین زکوٰۃ کمیٹی نے اپنی تنظیم کو اراضی الاٹ کی تھی، تاہم قانون کے مطابق چیئرمین زکوٰۃ کمیٹی کو اراضی الاٹ کرنے کا اختیار ہی حاصل نہیں تھا۔ انہوں نے بتایا کہ مذکورہ اراضی اسکول کے لیے مختص ہے، جبکہ درخواست گزار این جی او نے اس پر رہائشی پلاٹس تعمیر کردیئے ہیں۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے این جی او کی فنڈنگ سے متعلق بھی استفسار کیا کہ ادارے کو فنڈنگ کون کرتا ہے؟ وکیل نے بتایا کہ پہلے وفاق کی جانب سے گرانٹ ملتی تھی، اب ادارہ خود سوسائٹی سے انتظام کرتا ہے۔ عدالت نے این جی او کے وکیل سے استفسار کیا کہ پہلے یہ بتایا جائے کہ این جی او کے پاس پیسے کہاں سے آتے ہیں، کیا کوئی آڈٹ بھی کرتا ہے؟ عدالت نے درخواست گزار سے آئندہ سیشن تک این جی او کی آڈٹ رپورٹ طلب کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی۔

لاہور میں کمرشل گاڑیوں کی چوری کی وارداتوں میں 48 فیصد کمی

لاہور (این این آئی) لاہور میں کمرشل گاڑیوں کی چوری کی وارداتوں میں 48 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق رواں سال کے پہلے 7 ماہ کے دوران کمرشل گاڑیوں کی چوری کے 276 مقدمات درج ہوئے جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے میں 534 کمرشل گاڑیاں چوری ہوئی تھیں۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں گزشتہ سال 80 کمرشل گاڑیاں چوری ہوئی تھیں جبکہ رواں سال یہ تعداد

سوراب پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر ایکشن

ڈکیتی کی واردات ناکام، چوری شدہ گاڑی چند گھنٹوں کے اندر برآمد، مبینہ ملزم قانون کی گرفت میں

سوراب (نامہ نگار) سوراب پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی مبینہ واردات ناکام بنادی اور چوری شدہ گاڑی وقوعے کے چند گھنٹوں بعد برآمد کر کے ایک شخص کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایس پی سوراب خورشید احمد بلوچ کی ہدایت پر کارروائی ڈی ایس پی بلاول بلوچ اور ڈی ایس پی گدر عبدالعزیز خدرانی کی نگرانی میں کی گئی۔ کارروائی میں سٹی اور صدر تھانوں کے ایس ایچ اوز سمیت پولیس اہلکاروں نے حصہ لیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واردات کی اطلاع ملنے کے بعد مختلف مقامات پر ناکہ بندی کر کے مشتبہ افراد اور گاڑیوں کی چیکنگ شروع کی گئی، جس کے دوران پولیس ٹیم نے جدید ذرائع کی مدد سے چوری شدہ گاڑی کا سراغ لگا لیا۔ پولیس نے گاڑی برآمد کرنے کے ساتھ عمران ولد محمد انور، قوم مڑداشہی، ساکن سیاہ کمب ماراپ حال سنی خضدار کو گرفتار کرلیا گرفتار شخص کو مزید تفتیش کے لیے حوالات منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم سے تفتیش جاری ہے اور ڈکیتی کی واردات سے متعلق مزید شواہد اور معلومات سامنے آنے کا امکان ہے۔

بدین، ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سلیم رضا بلوچ ودیگر سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

سوراب ٹو ڈن کراس روڈ کے تعمیراتی کام ادھورے چھوڑنے کے خلاف احتجاج

کلی سرخ کے مکینوں نے روڈ بازار کے مقام سے بند کردی، مذاکرات کے بعد روڈ بحال

سوراب (نامہ نگار) سوراب ٹو ڈن کراس روڈ کے تعمیراتی کام ادھورے چھوڑنے کے خلاف کلی سرخ کے مکینوں نے احتجاج کرتے ہوئے روڈ کو سوراب بازار کے مقام پر ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند کردیا جس کے باعث دونوں اطراف گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ سوراب ٹو ڈن کراس روڈ علاقے کے لیے انتہائی اہم روڈ ہے تاہم تعمیراتی کام شروع کرنے کے بعد اسے ادھورا چھوڑ دیا گیا ہے، جس کے باعث مقامی آبادی کو آمدورفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مکینوں کے مطابق سڑک کی تعمیر مکمل نہ ہونے سے شاہراہ پر گرد وغبار، گڑھوں اور خستہ حال راستوں کے باعث حادثات کا خطرہ بڑھ گیا ہے جبکہ طلبہ، مریضوں، خواتین اور دیگر مسافروں کو بھی مشکلات پیش آرہی ہیں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ حکام فوری طور پر سوراب ٹو ڈن کراس روڈ کے تعمیراتی کام دوبارہ شروع کر کے اسے جلد مکمل کریں اور عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔ دریں اثنا وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سوراب شیخ محمد یاسین سمالانی نے مظاہرین سے مذاکرات کیے مذاکرات اور یقین دہانی کے بعد مظاہرین نے احتجاج ختم کرتے ہوئے سوراب ٹو ڈن کراس روڈ کو ٹریفک کے لیے بحال کردیا

قمبر شہدادکوٹ پولیس کی بڑی کارروائی منشیات سپلائی کی کوشش ناکام بنادی

لاکھوں روپیہ مالیت کا گٹکا اور ایک عدد موٹرسائیکل رکور کر کے پولیس نے اپنی تحویل میں لے لیا ہے

شہدادکوٹ (رپورٹ: شبیر کمبوہ) قمبر شہدادکوٹ پولیس کی بڑی کارروائی منشیات سپلائی کی کوشش ناکام بنا دی ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر تھانہ ربی پل پولیس کی کامیاب کارروائی منشیات سپلائر گینگ کے دو اہم کارندے گرفتار۔ بڑی مقدار میں (5750) گرام گٹکا اور ایک عدد 125 موٹرسائیکل پولیس کسٹڈی مقدمہ درج کرلیا آئی سی پی پی ربی پل سب انسپکٹر فہیم حسین عباسی بمع پولیس اسٹاف کی چیکنگ کے دوران کارروائی میں منشیات سپلائر گینگ کے دو اہم سرغنہ کو (5750) گرام گٹکا اور ایک عدد 125 موٹرسائیکل سمیت گرفتار کرلیا ہے گرفتار منشیات سپلائرز کے قبضے سے لاکھوں روپیہ مالیت کا گٹکا اور ایک عدد موٹرسائیکل رکور کر کے پولیس نے اپنی تحویل میں لے لیا ہے گرفتار منشیات سپلائر کی شناخت عبدالجبار چھٹو اور 2- عبدالقادر چھٹو سکنہ کرک بلوچستان کے طور پر ہوئی ہے منشیات فروش ملزمان کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ یہ مختلف شہروں میں منشیات سپلائی کرتے رہتے ہے اور بین الصوبائی منشیات فروش گروہ کے اہم کارندے ہیں گرفتار منشیات سپلائرز کے خلاف پی پی ربی پل تھانہ قبوسعید خان میں منشیات ایکٹ کے تحت مندرجہ ذیل مقدمہ درج کرلیا

قمبر شہدادکوٹ پولیس کی منشیات کے خلاف زبردست کارروائی

دو منشیات فروش ملزمان گرفتار چرس پوست اور موٹرسائیکل برآمد مقدمہ درج

شہدادکوٹ (شبیر کمبوہ) قمبر شہدادکوٹ پولیس کی منشیات کے خلاف زبردست کارروائی ایس ایس پی قمبر شہدادکوٹ حسن سردار احمد خان نیازی صاحب کے احکامات پر منشیات فروش ملزمان کے خلاف تابڑتوڑ کارروائیاں جاری ہیں دو منشیات فروش ملزمان گرفتار چرس پوست) ڈوڈی (اور موٹرسائیکل برآمد مقدمہ درج ایس ایچ او تھانہ غیبی دیرو انسپکٹر اظہر حسین میمن بمع اسٹاف کی دوران گشت خفیہ اطلاع پر غیبی دیرو بائی پاس سے کارروائی دو منشیات فروش ملزمان حسین بخش چانڈیو اور امام بخش چانڈیو کو گرفتار کر کے ملزم حسین بخش کے قبضے سے (1050) گرام چرس اور (1100) گرام پوست) ڈوڈی (کے ملزم امام بخش کے قبضے سے (1100) گرام چرس اور پوست) ڈوڈی (1020) (گرام برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا ہے

ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کا سینئر اسپورٹس جرنلسٹ محمد یعقوب سے اظہار تعزیت

اللہ تعالی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل دے آمین

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) سینئر اسپورٹس جرنلسٹ محمد یعقوب کے جواں سال بیٹے ایوب یعقوب برین ہیمبرج کے باعث انتقال کر گئے، ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے صدر ندیم عمر، نائب صدور جنید خلیل نینی تال والا، تابش جاوید، محمد سمیع خان، سید محمد طلحہ، سکریٹری علی حسین، جوائنٹ سکریٹری محمد توصیف صدیقی، اسسٹنٹ سیکریٹریز سید محمد احمد نقوی، ظفر احمد، محمد ریحان صدیقی، لیگل ایڈوائزر ناصر یوسف ایڈووکیٹ، فنانس منیجر/خازن نجم الاسلام جعفری، ایگزیکٹو کمیٹی ممبرز محمد ماجد خان، صائم احمد، چیئرمین ٹورنامنٹ کمیٹی ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی خالد نفیس اور کوآرڈینیٹر اعظم خان نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں محمد یعقوب سے دلی افسوس اور گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے اللہ تعالی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل دے آمین

سوراب۔ فیملی پارک میں ہلڑبازی کرنے پر اوباش نوجوانوں کو سوراب پولیس نے گرفتار کرلیا ہیں

71 سب انسپکٹرز کو انسپکٹر کے عہدے پر ترقی دے دی گئی

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کی ہدایت پر پنجاب پولیس میں افسران و اہلکاروں کی پروموشنز کا عمل جاری ہے۔ ایڈیشنل آئی جی پنجاب عمران ارشد کی زیر صدارت پروموشن بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں میرٹ اور قواعد وضوابط پورا اترنے والے 71 سب انسپکٹرز کو انسپکٹر کے عہدے پر ترقی دی گئی۔

سوراب میں ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں خودساختہ اضافہ، چار دن میں 40 روپے فی کلو اضافہ

ایل پی جی 380 روپے سے بڑھ کر 420 روپے فی کلو فروخت ہونے لگی ہے

سوراب (نامہ نگار) سوراب شہر میں ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں مبینہ خودساختہ اضافے نے شہریوں کو شدید پریشانی میں مبتلا کردیا ہے ذرائع کے مطابق گزشتہ چار روز کے دوران ایل پی جی کی قیمت میں فی کلو 40 روپے تک اضافہ کردیا گیا ہے، جس کے بعد ایل پی جی 380 روپے سے بڑھ کر 420 روپے فی کلو فروخت ہونے لگی ہے۔ شہریوں کے مطابق ایل پی جی کی قیمت میں اچانک اور مسلسل اضافے سے گھریلو صارفین پر اضافی مالی بوجھ پڑ گیا ہے۔ خصوصاً وہ گھرانے جو کھانا پکانے اور دیگر ضروریات کے لیے ایل پی جی پر انحصار کرتے ہیں، انہیں موجودہ قیمتوں میں مزید مشکلات کا سامنا ہے۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ چندروز قبل ایل پی جی 380 روپے فی کلو کے حساب سے دستیاب تھی، تاہم صرف چار دن کے دوران قیمت میں 40 روپے فی کلو اضافہ کر کے اسے 420 روپے فی کلو تک پہنچا دیا گیا ہے۔

بدین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرون کاشف رضا منگی ودیگر شخصیات بدین میں آواز کارنر کا افتتاح کررہے ہیں

قلات ڈویژن اور سوراب میں پبلک ٹرانسپورٹ کے نئے کرائے مقرر

زائد کرایہ وصولی پر سخت کارروائی کا حکم

سوراب (نامہ نگار) ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (آر ٹی اے) قلات ڈویژن بمقام خضدار اور اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن سوراب کی جانب سے پبلک ٹرانسپورٹ کے مختلف روٹس کے لیے نئے اور نظرثانی شدہ کرایہ نامے جاری کر دیے گئے ہیں انتظامیہ نے ٹرانسپورٹرز، ڈرائیورز اور کنڈکٹرز کو مقررہ کرایوں پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کرتے ہوئے زائد کرایہ وصول کرنے کی صورت میں قانونی کارروائی کا عندیہ دیا ہے۔ جاری کردہ کرایہ نامے کے مطابق طلبا اور معذور افراد کے لیے حکومت بلوچستان کی ہدایات کے تحت 50 فیصد خصوصی رعایت بدستور برقرار رہے گی۔ انتظامیہ کے مطابق سوراب سے کوہٹہ ویگن کرایہ 770 سے کم کر کے 700 روپے، سوراب تا قلات 240 روپے، سوراب تا خضدار 320 روپے، سوراب تا حب 1520 روپے، سوراب تا لاڑکانہ 1250 روپے، سوراب تا شہدادکوٹ 1040 روپے، سوراب تا زہری 250 روپے اور سوراب تا مستونگ 550 روپے مقرر کیا گیا ہے۔ عوام سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ مقررہ کرایے سے زائد رقم ادا نہ کریں

کراچی، شاہ فیصل پل پر باراتی کا ٹریفک روک کر رقص، ویڈیو وائرل

کراچی (این این آئی) کراچی کے مصروف شاہ فیصل پل پر باراتیوں کی جانب سے ٹریفک روک کر سڑک پر رقص اور جشن منانے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ویڈیو میں دلہا اور دلہن سمیت دیگر باراتیوں کو شاہ فیصل پل پر گاڑیوں سے اتر کر رقص کرتے دیکھا جاسکتا ہے، جبکہ ایک شخص پل کی دیوار پر چڑھ کر اس منظر کی ویڈیو بناتا بھی دکھائی دیتا ہے۔

سندھ کوئی انتظامی یونٹ نہیں ہے، قمرالدین گوپانگ

سندھ کی وحدت کے خلاف کسی قسم کی بات چیت سندھ کے عوام کو کسی صورت میں قبول نہیں

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نورالحق) پاکستان پیپلزپارٹی ضلع قمبر شہدادکوٹ کے صدر اور چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل قمبر قمرالدین گوپانگ نے وفاقی وزیر محسن نقوی کی جانب سے ملک میں نئے صوبے اور انتظامی یونٹس کی بابت دیئے گئے بیان کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے۔ کہ سندھ کی وحدت کے خلاف کسی قسم کی بات چیت سندھ کے عوام کو کسی صورت میں قبول نہیں ہے۔ یہ بات انہوں نے ایک اخباری بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر محسن نقوی کا یہ کہنا کہ مجھے امید ہے۔ کہ انتظامی یونٹس بن کر رہیں گے۔ اور اس کو کوئی بھی فرد، سیاسی پارٹی یا نمائندہ روک نہیں سکے گا۔ اور نئے صوبوں کی بابت ان کا یہ موقف کہ نوکری چلی جاتی ہے۔ تو چلی جائے مگر نئے صوبے بنانے کی بات پر وہ کبھی پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ وفاقی وزیر کا یہ بیان انتہائی افسوسناک اور سندھ کے عوام کے جذبات مجروح کرنے والا ہے، پی پی کے ضلعی صدر قمرالدین گوپانگ نے کہا کہ سندھ کوئی انتظامی یونٹ نہیں ہے۔ بلکہ ہزاروں سالوں کی تاریخ، تہذیب، ثقافت، زبان اور اپنی شناخت وپہچان رکھنے والی ایک تاریخی وحدت ہے۔ اور سندھ کی وحدت کی بابت فیصلہ کسی ایک فرد وفاقی وزیر یا سیاسی قوت کی خواہش پر نہیں ہوسکتا بلکہ سندھ کی وحدت سندھ کے عوام کی تاریخی، آئینی اور جمہوری حقوق سے جڑی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی رائے کو غیر اہم سمجھنا اور یہ کہنا کہ کسی فرد یا سیاسی پارٹی اور نمائندے کو روکنے کی طاقت نہیں جمہوریت کی روح کے برعکس ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر کو سمجھنا چاہیے کہ پاکستان وفاق ہے۔ اور وفاق کی مضبوطی صوبوں کی وحدت، خودمختیاری اور عوام کے حقوق کے احترام سے وابستہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلزپارٹی کی قیادت اور کارکنان سندھ کی وحدت کے تحفظ کیلئے تاریخی جدوجہد کی ہے شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید محترمہ بینظیر بھٹو اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سیاسی جدوجہد کا بنیادی محور جمہوریت، وفاق اور صوبوں کے حقوق کا تحفظ رہا ہے۔

کراچی: پیپلزپارٹی سندھ کا 12 ستمبر کو ایم آرڈی شہداء کا دن منانے کا اعلان

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی سندھ نے 12 ستمبر کو ایم آرڈی شہداء کا دن منانے کا اعلان کرتے ہوئے شیڈول میں تبدیلی کردی۔ اس موقع پر سندھ بھر کے ضلعی ہیڈکوارٹرز میں قرآن خوانی اور دعائیہ تقریبات منعقد کی جائیں گی، جبکہ ایم آرڈی شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے دادو کے علاقے کے این شاہ میں جلسہ ہوگا۔ یہ اعلان پیپلزپارٹی سندھ کے صدر نثار احمد کھوڑو نے پیر کو جاری اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلزپارٹی 12 ستمبر کو سندھ بھر میں ایم آرڈی کے شہداء کا دن منائے گی اور کے این شاہ، دادو میں شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے جلسہ منعقد کیا جائے گا۔ نثار کھوڑو نے کہا کہ ایم آرڈی شہداء کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے پیپلزپارٹی کے زیراہتمام تمام ضلعی ہیڈکوارٹرز میں قرآن خوانی اور دعائیہ تقریبات بھی ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں نئے صوبے اور انتظامی یونٹس کی باتوں کا ہر فورم پر بھرپور جواب دیا جائے گا۔

حب، بی این پی کے ضلعی جنرل سیکرٹری بشیر مینگل کی ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت کی جارہی ہے

ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری اینڈ ڈائگناسٹک سینٹر اور نیا ناظم آباد کے اشتراک سے عزم پاکستان کے عنوان سے ایک پروقار تقریب اور فیملی کارنیول کا انعقاد کیا گیا،

درگاہ حضرت دادا سنبک سوائی مور مبارک کا سالانہ عرس مبارک

درگاہ اور میلے کے اطراف سیکورٹی کے سخت انتظامات بھی کیے گئے ہیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے

ٹھٹھہ (رپور واحد شورو) درگاہ حضرت دادا سنبک سوائی مور مبارک کا سالانہ عرس مبارک میلہ 9 ستمبر، بمطابق 26 ربیع الاول، بدھ کی شام اور جمعرات کی رات بلوچستان کے قریب کنڈ جنگ میں واقع ان کے آخری آرام گاہ پر نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ منعقد کیا جارہا ہے۔ عرس کے موقع پر محفلِ میلاد سمیت مختلف مذہبی پروگرام منعقد ہوں گے، جبکہ مولوی میر حسن بوہڑ خصوصی وعظ فرمائیں گے۔ میلے کے مہمانِ خصوصی سردار میر وڈیرو رسول بخش جاکھرو ٹھٹھہ، سردار صالح محمد بھوتانی بلوچستان، صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی اور سابق ایم پی اے سردار جام گھرام خان جوکھیو ہوں گے۔ میلے میں لنگرِ عام کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ میلے کے منتظمین اور خدام محمد موسیٰ ولد محمد انور جاکھرو، فضل الدین جاکھرو، حاجی محمد حسن جاکھرو، سیٹھ حاجی جاکھرو، آصف جاکھرو، حاجی قمر جاکھرو، نظیر احمد جاکھرو، ٹھارو جاکھرو، وڈیرو میوال جاکھرو، الہ ڈنو جاکھرو، ماسٹر بشو جاکھرو، ذوالفقار جاکھرو، ماسٹر شمعون جاکھرو، عبدالمالک جاکھرو اور ممتاز جاکھرو گلمنڈا، ضلع ٹھٹھہ نے جاری کردہ بیان میں بتایا کہ میلے کی تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں

یلو فیور کارڈ کا معاملہ، کراچی ایئرپورٹ پر خاتون مسافر اور عملے میں تلخ کلامی

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ پر یلو فیور کارڈ کے معاملے پر خاتون مسافر اور بارڈر ہیلتھ سروسز کے عملے کے درمیان تلخ کلامی ہوگئی، جس کے بعد صورتِ حال پر قابو پانے کے لیے اے ایس ایف اہلکاروں کو بھی طلب کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ادیس ابابا سے آنے والی سارہ نامی مسافر سے بارڈر ہیلتھ سروسز کے عملے نے یلو فیور کلیرنس کارڈ طلب کیا، جس پر خاتون نے مؤقف اختیار کیا کہ وہ یلو فیور میں مبتلا نہیں، اس لیے ان کے پاس مذکورہ کارڈ موجود نہیں ہے۔

سوراب پارک میں ریسنگ اور ہلڑبازی، پولیس کا ایکشن، متعدد نوجوانوں کے خلاف کارروائی

عوامی مقامات پر امن وامان اور نظم وضبط خراب کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

سوراب (نامہ نگار) عوامی شکایات پر سوراب پولیس نے پارک ایریا میں ریسنگ، ہلڑبازی اور دیگر غیر مناسب سرگرمیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملوث نوجوانوں کے خلاف قانونی ایکشن لیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی ایس پی سوراب خورشید احمد بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ڈی ایس پی/ایس ڈی پی او بلاول بلوچ کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی محمد یونس محمد شہی اور ڈیوٹی افسر عبدالرحیم نے سنیپ چیکنگ کے دوران کی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ پارک ایریا میں بعض نوجوان ریسنگ، ہلڑبازی اور ایسی سرگرمیوں میں ملوث تھے جن سے دیگر شہریوں کو مشکلات کا سامنا تھا۔ عوامی شکایات کے بعد پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق ایکشن لیا۔ سوراب پولیس نے واضح کیا ہے کہ عوامی مقامات پر امن وامان اور نظم وضبط خراب کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

منشیات اسمگلنگ کیس: کراچی میں 9 ملزمان کو عمر قید

کراچی (این این آئی) انسدادِ منشیات کی عدالت نے منشیات اسمگلنگ کے مقدمے میں 9 ملزمان کو جرم ثابت ہونے پر عمر قید کی سزا سنا دی۔ عدالت نے تمام ملزمان پر فی کس 20 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔ جرمانے کی رقم ادا نہ کرنے کی صورت میں ملزمان کو مزید قید کی سزا بھگتنا ہوگی۔

سوراب۔ وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی سوراب شیخ محمد یاسین سمالانی مظاہرین سے مذاکرات کررہے ہیں

پاکستان ریلوے کے ریٹائرڈ ملازمین کے اعزاز میں روہڑی میں پروقار الوداعی تقریب

آل پاکستان STEs ویلفیئر ایسوسی ایشن سکھر ڈویژن کے زیراہتمام روہڑی کے پرل میرج ہال، اسٹیشن روڈ پر ایک پروقار الوداعی تقریب منعقد ہوئی

روہڑی (نمائندہ اسلم سومرو) پاکستان ریلوے کے ریٹائرڈ ملازمین کے اعزاز میں روہڑی میں پروقار الوداعی تقریب ریٹائر ہونے والے STEs اور ملازمین کی خدمات کو خراج تحسین کراچی سے اقبال گھوٹو ڈی آئی ایس ٹی کراچی سی ایم ایس ٹی نظیر سومرو سمیت ریلوے افسران وملازمین کی شرکت تفصیلات کے مطابق پاکستان ریلوے سے حال ہی میں ریٹائر ہونے والے اسٹیشن ٹکٹ ایگزامینرز (STEs) اور دیگر ملازمین کے اعزاز میں آل پاکستان STEs ویلفیئر ایسوسی ایشن سکھر ڈویژن کے زیراہتمام روہڑی کے پرل میرج ہال، اسٹیشن روڈ پر ایک پروقار الوداعی تقریب منعقد ہوئی جس میں پاکستان ریلوے کے افسران، STEs، ملازمین اور ریٹائر ہونے والے ملازمین کے ساتھیوں نے شرکت کی تقریب میں خصوصی طور پر کراچی سے اقبال گھوٹو ڈی آئی ایس ٹی کراچی نے شرکت کر کے ریٹائر ہونے والے ملازمین کو خراج تحسین پیش کیا تقریب کا مقصد پاکستان ریلوے میں اپنی زندگی کے قیمتی سال خدمات انجام دینے والے ریٹائرڈ ملازمین کی طویل عرصے پر محیط محنت، دیانت داری، فرض شناسی اور ادارے کے لیے انجام دی جانے والی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنا تھا اس موقع پر ریٹائر ہونے والے ملازمین کی پیشہ ورانہ خدمات، ساتھیوں کے ساتھ ان کی دیرینہ وابستگی اور پاکستان ریلوے کے لیے ان کی گراں قدر خدمات کو یاد کیا گیا تقریب میں شہزادو برڑو، مسٹر امان اللہ چانجار، مسٹر جام منصور، مسٹر جام محمد اقبال، سید شرافت شاہ، مسٹر صفیر عباسی، مسٹر سعید عباسی، مسٹر عبدالغفار، مسٹر فیض ملک، مسٹر انتخاب عالم، مسٹر معراج، مسٹر نیاز گڈارو، مسٹر غلام حیدر سومرو، مسٹر دلیل خان، مسٹر خالد فاروق، مسٹر الیاس خان اور جام محبوب سمیت دیگر ریٹائر ہونے والے ملازمین کو خصوصی طور پر اعزاز سے نوازا گیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ریلوے افسران اور ملازمین نے کہا کہ ریٹائرمنٹ ملازمت کے سفر کا اختتام ضرور ہے لیکن ادارے اور ساتھیوں سے تعلق اور وابستگی کا اختتام نہیں ریٹائر ہونے والے ملازمین نے اپنی جوانی اور زندگی کے قیمتی سال پاکستان ریلوے کی خدمت میں صرف کیے ان کی محنت اور خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا مقررین نے کہا کہ پاکستان ریلوے کی ترقی اور نظام کو بہتر انداز میں چلانے میں فرنٹ لائن ملازمین خصوصاً STEs کا کردار انتہائی اہم رہا ہے ریٹائر ہونے والے ساتھیوں نے اپنی ذمہ داریاں محنت، دیانت داری اور فرض شناسی کے ساتھ انجام دیں، جس پر پوری ریلوے برادری انہیں خراج تحسین پیش کرتی ہے تقریب میں ریٹائر ہونے والے ملازمین کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے

جناح ٹرمینل کے رن ویز ایریا میں جدید نگرانی کا نظام نصب

کراچی (این این آئی) پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے جناح ٹرمینل کے رن ویز ایریا میں جدید نگرانی کا نظام نصب کردیا، جس کے بعد رن ویز اور اطراف کی 24 گھنٹے مؤثر نگرانی کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی کے مطابق جدید کیمروں کی مدد سے طیاروں کی پارکنگ اور نقل وحرکت کی بھی نگرانی کی جاسکے گی، جبکہ نئے کیمرے رات کی تاریکی میں بھی رن ویز اور اطراف کی واضح نگرانی کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

کے الیکٹرک کی مبینہ غیرقانونی لوڈشیڈنگ کے خلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے کے الیکٹرک کی مبینہ غیرقانونی لوڈشیڈنگ اور قوانین کی خلاف ورزی سے متعلق آئینی درخواست پر دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا۔ درخواست گزار سیدہ ماریہ رضا نے موقف اختیار کیا کہ باقاعدگی سے بجلی کے بل ادا کرنے والے صارفین کو بھی غیرقانونی لوڈشیڈنگ کا سامنا ہے۔

بلوچستان کے سابق وزیراعلی سردار اختر جان مینگل کا ٹھٹھہ مینگل ہاؤس آمد

ملک کی سلامتی، خوشحالی، امن وامان، بیماروں کی صحت یابی اور رزق میں برکت کے لیے اجتماعی دعائیں بھی کی گئیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) بلوچستان کے سابق وزیراعلی سردار اختر جان مینگل کا ٹھٹھہ مینگل ہاؤس آمد، تعزیت بلوچستان کے سابق وزیراعلی اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سردار اختر جان مینگل، سابق ایڈوائزر ٹو سی ایم بلوچستان *ڈاکٹر شہزاد *شفیق مینگل پی اے ٹو سردار اختر جان مینگل، طارق، خضدار بلوچستان سے آئے ہوئے میر صادق مینگل، میر صفر خان مینگل، میر احمد خان مینگل، ایڈوکیٹ غلام نبی مینگل، میر مہراللہ مینگل اور دیگر ٹھٹھہ مینگل ہاس پہنچے۔ انہوں نے ٹھٹھہ کے معزز بروہی مینگل برادری کے ڈاکٹر عبدالواحد مینگل سے ان کے چچا حاجی اختر مینگل بروہی *اور ذوالفقار مینگل بروہی سے ان کے والد حاجی غلام رسول مینگل کی وفات پر تعزیت کی۔ مرحوم کی مغفرت کے لیے مکلی درگاہ حضرت الحاج علامہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی کی جامع مسجد کے امام وخطیب مولوی محمد ایوب نعیمی جوکیو نے دعا کروائی۔ اس موقع پر ملک کی سلامتی، خوشحالی، امن وامان، بیماروں کی صحت یابی اور رزق میں برکت کے لیے اجتماعی دعائیں بھی کی گئیں۔ تقریب میں مکلی درگاہ کے امام وخطیب مولوی محمد ایوب جوکیو نعیمی نے الحاج مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی رحمۃ اللہ علیہ کی لکھی ہوئی کتاب "سوانح حیات" کا تحفہ سردار اختر جان مینگل، ڈاکٹر عبدالواحد مینگل، پی پی پی ضلع ٹھٹھہ کے انفارمیشن سیکریٹری سید محمود عالم شاہ بخاری، پیر سکندر شاہ جلالو اور دیگر کو پیش کیا۔

نیشنل ایکشن پلان پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، سرمد علی بھاگت

کھیلوں، تعلیم، سماجی وفنی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ثقافتی اور تاریخی پروگرامز کا انعقاد کیا جائے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) نیشنل ایکشن پلان پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، متعلقہ ادارے مربوط حکمت عملی کے تحت ذمہ داریاں ادا کریں: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرون ٹھٹھہ ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرون عمران الحق کی زیر صدارت دربار ہال مکلی میں نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد اور سوشیو پولیٹیکل ڈومین کے تحت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹیز کے اہم اجلاس منعقد ہوئے، جن میں ضلع میں امن وامان، سماجی مسائل اور مختلف سرکاری اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پاکستان کوسٹ گارڈز، محکمہ روینیو، انسدادِ منشیات، ایکسائز، پولیس، صحت، تعلیم، لیبر، ورکس اینڈ سروسز، سوشل ویلفیئر، حیسکو اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون عمران الحق نے ہدایت کی کہ ضلع بھر میں نیشنل ایکشن پلان پر مؤثر اور منظم انداز میں عملدرآمد یقینی بنایا جائے، جبکہ تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں سنجیدگی، باہمی رابطے اور مربوط حکمتِ عملی کے تحت انجام دیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ منشیات، غیرقانونی سگریٹ کی فروخت وترسیل، بجلی کی چوری اور واجبات کی وصولی، نان کسٹم پیڈ اشیا کی روک تھام، غیرقانونی پٹرول پمپس کے خلاف کارروائی، تجاوزات، ذخیرہ اندوزی اور غیرقانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں، بالخصوص افغان شہریوں کی جانچ پڑتال اور مدارس کی رجسٹریشن سے متعلق نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔

قتل کا جرم ثابت ہونے پر ملزم کو عمر قید اور جرمانے کی سزا

بچوں کے تنازع پر ملزمان نے اپنے بھائی اختیار گوپانگ کو کلہاڑی کے وار کر کے قتل کر دیا تھا

شہدادکوٹ (رپورٹ شبیر کمبوہ) ایڈیشنل سیشن جج 2 شہدادکوٹ کی عدالت نے قتل کا جرم ثابت ہونے پر ملزم کو عمر قید اور جرمانے کی سزا سنادی۔ شہدادکوٹ میں ایڈیشنل سیشن جج 2 محمد علی میمن کی عدالت نے قتل کا جرم ثابت ہونے پر ملزم سجاد علی ولد منور علی گوپانگ کو عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی ہجرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں ملزم کو مزید ایک سال قید کی سزا بھگتنا ہوگی 29 جولائی 2024 کو تعلقہ میرو خان کے گاں ہمل گوپانگ میں بچوں کے تنازع پر ملزمان نے اپنے بھائی اختیار گوپانگ کو کلہاڑی کے وار کر کے قتل کر دیا تھا، جس کا مقدمہ مقتول کے بھائی ریاض حسین گوپانگ کی شکایت پر درج کیا گیا تھا۔

حب۔ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان وسینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو، بزنجو کارواں کے سرپرست اعلیٰ میر جمیل بزنجو، میر عبدالوہاب بزنجو کے چچا، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل آواران میر نصیر جان بزنجو اور جی ایم بی ڈی اے میر منیر بزنجو کے کزن میر عبداللہ جان بزنجو کے انتقال پر مختلف سیاسی، سماجی شخصیات بزنجو ہاؤس پٹھان کالونی حب میں تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں

عدیل حسین چانڈیو کا سی پیک پروجیکٹس کا سرپرائز وزٹ

کسی بھی غیر ملکی باشندے کو سیکیورٹی کے بغیر کہیں بھی جانے کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی، ایس ایس پی ٹھٹھہ

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) ایس ایس پی ٹھٹھہ نے ضلع ٹھٹھہ میں واقع مختلف CPEC اور NON-CPEC پراجیکٹس کا سرپرائز وزٹ کیا اور سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ ایس ایس پی ٹھٹھہ عدیل حسین چانڈیو نے ضلع ٹھٹھہ میں واقع مختلف CPEC اور NON-CPEC پراجیکٹس کا سرپرائز وزٹ کیا اور سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، سیکورٹی پر تعینات اہلکاروں کو ڈیوٹی کے بارے میں تفصیلی بریف کیا اور بہترین سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے وفاقی اور صوبائی حکومت کی جانب سے جاری کردہ سیکورٹی پروٹوکولز پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ ایس ایس پی ٹھٹھہ نے تمام پراجیکٹس پر موجود عملے کو سختی سے ہدایات کی کہ کسی بھی غیر ملکی باشندے کو سیکیورٹی کے بغیر کہیں بھی جانے کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی اور حکومت سندھ کی جانب سے دیے گئے احکامات پر سختی سے عمل کریں اور سیکیورٹی کے حوالے سے تمام فارملٹیز کو پورا کریں اور سیکیورٹی کو مزید سخت بنائیں۔ اس کے علاوہ کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو بغیر اجازت پراجیکٹس کے اندر آنے کی اجازت نہیں ہوگی اگر کسی بھی شخص نے خلاف ورزی کی تو اس کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

سینئر صحافی بلال غوری کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہیں، اسلم غوری

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے ترجمان اسلم غوری نے سینئر صحافی بلال غوری کی گرفتاری کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پیکا ایکٹ اس ملک کا سیاہ قانون ہے اور آزادیِ صحافت پر پابندی کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو اپنے فرائض کی ادائیگی کے لیے مکمل آزادی اور تحفظ ملنا چاہیے جبکہ انسانی حقوق کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اسلم غوری نے کہا کہ حکومت کو اپنے اوپر ہونے والی تنقید برداشت کرنے کا حوصلہ پیدا کرنا ہوگا

چچ می ٹرافی انڈر 15- انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ

زون چار وائٹس اور زون پانچ وائٹس کی مسلسل دوسری اور زون تین بلوز کی کامیابی

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیراہتمام اور میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے جاری آرسی اے کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے چچ می ٹرافی انڈر 15- انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ میں گزشتہ روز زون چار وائٹس اور زون پانچ وائٹس نے اپنی اپنی حریف ٹیموں کو شکست دے کر مسلسل دوسری کامیابی حاصل کرلی۔ ٹی ایم سی گراونڈ پر کھیلے گئے پہلے میچ زون چار وائٹس نے زون سات بلوز کو 8 وکٹوں سے ہرا دیا۔ زون سات بلوز پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 74 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی۔ عسید خان نے 29 رنز بنائے۔ حارث خان نے 7 رنز دیکر 3، کامل نے 10 اور ایان احمد نے 17 رنز دیکر 2-2 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ جواب میں زون چار وائٹس نے 2 وکٹوں کے نقصان پر 76 رنز بنالئے۔ مسعود علی نے 33 اور کامل نے 18 رنز بنائے۔ کے سی سی اے اسٹیڈیم پر کھیلے گئے دوسرے میچ میں زون پانچ وائٹس نے زون چھ بلوز کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی۔ زون چھ بلوز پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 105 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی۔ معاذ یوسفزئی نے 20 اور ابراہیم راجہ نے 17 رنز بنائے۔

کمشنر راولپنڈی کی مجوزہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے ٹی او آرز جلد حتمی شکل دینے کی ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) کمشنر راولپنڈی ڈویژن و ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی سلمان غنی کی ہدایات پر مجوزہ آرڈی اے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے قیام کے لیے ٹرمز آف ریفرنسز کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس آرڈی اے کانفرنس روم میں منعقد ہوا جس کی صدارت کمشنر راولپنڈی نے کی۔ ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن آرڈی اے نوشین اسرار نے مجوزہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ اور اس کے طریق کار کے حوالے سے پریزنٹیشن دی

روزنامہ
Daily BOLAN HUB Balochistan
حب بلوچستان
بولان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون وفیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے
بدھ 9 ستمبر 2026 ، بمطابق 26 ربیع الاول 1448ھ

موجودہ حکومت اسٹیبلشمنٹ کی بیساکھیوں پر کھڑی ہے، نعیم الرحمن

دونوں بڑی جماعتیں کرپٹ مافیاز کی آماجگاہ ہیں۔ عوام تیار ہو جائیں۔ چوروں اور لٹیروں سے جان چھڑانے کا وقت آ گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ جماعت اسلامی حکومت کے ونٹر پیکج کو پہلے ہی مسترد کر چکی ہے

فروری 2024 کے الیکشن میں عوام فیصلہ دے چکی ہے یہ حکومت فارم 47 اور اسٹیبلشمنٹ کی بیساکھیوں پر کھڑی ہے ارکان جماعت قوم کو بڑے احتجاج کے لئے تیار کریں، اجتماع ارکان سے خطاب

راولپنڈی (اے ایف بی) مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی کا چالیس سالہ دور حکومت ملک کی تاریخ کا سیاہ ترین دور ہے۔ ملک کو معاشی اور اقتصادی طور پر نا قابل تلافی نقصان پہنچایا گیا۔ عوام اب بیدار ہیں۔ فروری 2024 کے الیکشن میں عوام فیصلہ دے چکی ہے۔ یہ حکومت فارم 47 اور اسٹیبلشمنٹ کی بیساکھیوں پر کھڑی ہے۔ ارکان جماعت قوم کو بڑے احتجاج کے لئے تیار کریں۔ ان خیالات کا اظہار امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے واہ میں راولپنڈی ضلع کے اجتماع ارکان سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس ایک روزہ اجتماع ارکان کے تین سیشن ہوئے۔ پہلے سیشن میں نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر مولانا عطا الرحمان نے درس قرآن دیا۔ ضلع بھر سے مرد اور خواتین ارکان نے شرکت کی۔ دوسرے سیشن میں امیر جماعت اسلامی پنجاب شمالی ڈاکٹر طارق سلیم اور امیر جماعت اسلامی ضلع راولپنڈی سید عارف شیرازی نے ارکان کے تحریری سوالات کے جوابات دیئے۔ ضلعی جنرل سیکرٹری عثمان آکاش نے نہایت ہی خوبصورت انداز میں برمحل اور حسب موقع اشعار سے مرصع اور مزین نظامت کے فرائض ادا کئے۔ انہوں نے کلام اقبال اپنی خوبصورت آواز میں سنا کر شرکا سے خوب داد وصول کی۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ غیر اللہ کی حاکمیت میں اقامت دین کی جدوجہد فرض عین ہو جاتی ہے۔ اسلامی قوانین کو پس پشت ڈالنے کی وجہ سے ملک میں غربت وافلاس کی شرح بڑھ رہی ہے۔ دونوں بڑی جماعتیں کرپٹ مافیاز کی آماجگاہ ہیں۔ عوام تیار ہو جائیں۔ چوروں اور لٹیروں سے جان چھڑانے کا وقت آ گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ جماعت اسلامی حکومت کے ونٹر پیکج کو پہلے ہی مسترد کر چکی ہے۔ بجلی اور گیس کے ٹیرف میں واضح کمی ہونے تک ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ انھوں نے کہا کہ افغانستان اور پاکستان باہمی مسائل کو مذاکرات کے ذریعے حل کریں۔ سرحدی تناؤ کسی مسئلہ کا حل نہیں۔ انھوں نے کہا کہ فلسطین کے مسئلے پر حکومت دو ٹوک پالیسی اپنائے۔ عالم اسلام فلسطین کے دو ریاستی حل کو کبھی تسلیم نہیں کرے گا۔ قائداعظم کا فرمان ہی پاکستان کا واضح موقف ہے۔ اجتماع ارکان سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی صوبہ پنجاب شمالی کے امیر ڈاکٹر طارق سلیم نے کہا کہ حکمران اپنی عیاشیوں کو کم کرنے کے بجائے عوام سے جینے کا حق چھین رہے ہیں۔ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی اب پاکستان کے لئے سیکیورٹی رسک بن چکے ہیں۔ ملک کو مہنگائی اور بدامنی کے ذریعے جان بوجھ کر انارکی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ مہنگی بجلی بھاری بھرکم ٹیکسز اور اشرافیہ کی عیاشیاں ملک کو سری لنکا بنا رہی ہیں۔ امیر جماعت اسلامی ضلع راولپنڈی سید عارف شیرازی نے کہا کہ ارکان ہی جماعت اسلامی کی پہچان ہیں۔ جماعت کا ہر کارکن امانتدار، دیانتدار ہے۔ جب اور جہاں عوام کی خدمت کا موقع ملا، بے لوث اور دیانتداری سے خدمت کی ہے۔ جماعت اسلامی اس ملک سے کرپشن لاقانونیت اور مافیاز کا خاتمہ کرے گی۔ انھوں نے کہا کہ عوام میں بیداری واضح ہے۔ ممبر سازی مہم میں عوام کی غیر معمولی دلچسپی اور شرکت اس کرپٹ سسٹم سے بیزاری کا اعلان ہے۔

صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

شرح سود میں 2.5 فیصد کمی کا فیصلہ خوش آئند، مزید کمی کے اقدامات ناگزیر، کاٹی

حکومت صنعتکاری کیلئے مراعات، امپورٹ کو محدود رکھنے کے اقدامات کرے، صدر جنید

کراچی (این این آئی) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر جنید نقی نے اسٹیٹ بینک کی جانب سے شرح سود میں ڈھائی فیصد (2.5%) کی کمی کو خوش آئند قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیشت کی بہتری کیلئے پالیسی ریٹ کو مزید کم کر کے سنگل ڈیجٹ پر کرنا انتہائی ضروری ہے۔ جنید نقی نے کہا کہ شرح سود بلند سطح پر رکھنے سے ہاٹ منی توقع کے مطابق میسر نہیں اور دوسری طرف بلند پالیسی ریٹ سے معیشت سست روی کا شکار ہو گئی ہے

صادق عمرانی کا 31 اگست کا بیان پیپلز پارٹی کا موقف نہیں، میر علی حسن زہری

پاکستان پیپلز پارٹی ایک جمہوری جماعت ہے اور پارٹی قیادت کی جانب سے کسی بھی موقع پر ایسا کوئی ڈائریکشن نہیں دیا گیا کہ ریاستی اداروں، کسی حکومتی فورم یا ملک کے کسی بھی ذمہ دار ادارے کے خلاف اس نوعیت کا بیان دیا جائے

بلوچستان کے مسائل کا حل محاذ آرائی، الزام تراشی یا اداروں کے درمیان فاصلے پیدا کرنے میں نہیں بلکہ بات چیت، سیاسی مفاہمت، باہمی احترام اور مشترکہ کوششوں میں ہے

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری نے صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کے 31 اگست کے بلوچستان اسمبلی اجلاس میں دیئے گئے بیان پر واضح اور دوٹوک مؤقف اختیار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صادق عمرانی کی جانب سے اسمبلی میں دیا گیا بیان نہ پیپلز پارٹی کی پالیسی ہے اور نہ ہی اسے پارٹی کی قیادت یا پیپلز پارٹی بلوچستان کی حمایت حاصل ہے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ صادق عمرانی کا مذکورہ بیان ان کی ذاتی حیثیت میں دیا گیا بیان تھا اور پیپلز پارٹی بلوچستان اس بیان کی حمایت نہیں کرتی۔ انہوں نے کہا کہ چند روز قبل بھی انہوں نے اپنی ذاتی حیثیت میں مذکورہ بیان پر افسوس اور مذمت کا اظہار کیا تھا، جبکہ آج وہ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان کی حیثیت سے واضح کرتے ہیں کہ پارٹی اس بیان کو مسترد کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ایک جمہوری جماعت ہے اور پارٹی قیادت کی جانب سے کسی بھی موقع پر ایسا کوئی ڈائریکشن نہیں دیا گیا کہ ریاستی اداروں، کسی حکومتی فورم یا ملک کے کسی بھی ذمہ دار ادارے کے خلاف اس نوعیت کا بیان دیا جائے۔ صادق عمرانی کا بیان ان کا ذاتی فعل اور ذاتی رائے تھی، اسے کسی صورت پاکستان پیپلز پارٹی کا موقف قرار نہیں دیا جا سکتا۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی ترقی، امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر کام کرنے پر یقین رکھتی ہے۔ بلوچستان کے مسائل کا حل محاذ آرائی، الزام تراشی یا اداروں کے درمیان فاصلے پیدا کرنے میں نہیں بلکہ بات چیت، سیاسی مفاہمت، باہمی احترام اور مشترکہ کوششوں میں ہے

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

سندھ حکومت سستی بجلی بنا کر عوام صنعتکاروں کی امداد کرے گی، مراد علی شاہ

سمندری آلودگی کم کرنے کے لئے ساحلی کناروں پر مینگروز کے درخت لگائے ہیں، کینیڈین ہائی کمشنر سے ملاقات میں گفتگو

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ سندھ حکومت سستی بجلی بنا کر صوبے کی عوام اور صنعتکاروں کی امداد کرے گی۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے کینیڈا کی ہائی کمشنر مس لیسلی سکینلن کی ملاقات ہوئی۔ اوٹاوا میں ڈائریکٹر جنرل برائے جنوبی ایشیا مس میری لوئس ہنن اور سیاسی، اقتصادی اور کمرشل کونسلر مسٹر ڈینیئل آرسنالٹ ملاقات میں شریک تھے۔ ملاقات میں ماحولیات، سیلاب متاثرین کی بحالی اور کوئلے سے بجلی پی پیداوار پر بات چیت ہوئی۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ سمندری آلودگی کم کرنے کے لئے ساحلی کناروں پر مینگروز کے درخت لگائے ہیں، مینگروز کی شجرکاری سے کاربن کریڈٹس بھی سندھ حکومت کما رہی ہے، کوئلے سے بجلی کی پیداوار کے لیئے ماحولیاتی آلودگی عالمی معیار کے حساب سے کنٹرول کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تھر میں اقتصادی سرگرمی ہونے سے لوگوں کی زندگی میں بہتری کی رپورٹس ہیں، کراچی اور حیدرآباد میں 352 میگاواٹ کے پاور پلانٹس لگا رہے ہیں، ہم نجی شراکت داروں کی طرف سے بجلی کی خریداری چاہتے ہیں۔ ہائی کمشنر کینیڈا مس لیسلی سکینلن کا کہنا تھا کہ کراچی کی تاجر مہنگی بجلی سے پریشان ہیں۔ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ حکومت سستی بجلی بنا کر صوبے کی عوام اور صنعتکاروں کی امداد کرے گی، پاکستان صنعتی ترقی کے لیے کام کر رہا ہے، سندھ حکومت اکنامک زونز پر کام کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے سیلاب متاثرین کے گھروں کی تعمیر پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی لچکدار گھروں کی تعمیر سے رہائشی موسمی اثرات سے محفوظ رہیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ کراچی کی ترقی کے لئے سندھ حکومت اپنے وسائل سے ڈونرز ایجنسیوں کی مدد کر رہی ہے، سندھ حکومت شہر کراچی کی سڑکوں، راستوں، پینے کے پانی اور نکاسی آب کی اسکیموں پر کام کر رہی ہے،

ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ایجوکیشن معاشی استحکام کی ضامن ہے، ندیم عالم شاہ

جاپانی قونصل جنرل کی انجینئر آفتاب احمد بلوچ اور انجینئر عابد احمد کاسی سے ملاقات کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (جی این ایم) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل برائے کوئٹہ بلوچستان سید ندیم عالم شاہ سے ڈویژنل ڈائریکٹر آئی ٹی بلوچستان انجینئر آفتاب احمد بلوچ اور پرنسپل گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ خانوزئی انجینئر عابد احمد کاسی نے جاپانی قونصلیٹ کوئٹہ میں ملاقات کی۔ اس موقع پر بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار سے کمپیوٹر سسٹم انجینئرنگ کرنے والے آفتاب احمد نے جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے زیراہتمام جاپان میں منعقد ہونے والے آئی ٹی آرکیٹیکٹ تربیتی کورس میں شرکت کرنے کے حوالے سے بھرپور معاونت کرنے پر جاپانی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ کا خصوصی شکریہ بھی ادا کیا۔ جاپانی قونصلیٹ میں موجود کتاب میں پر اپنے دورہ جاپان کے حوالے سے تاثرات بھی درج کیے۔ ویژنل ڈائریکٹر آئی ٹی بلوچستان انجینئر آفتاب احمد بلوچ اور پرنسپل گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ خانوزئی انجینئر عابد احمد کاسی نے جاپانی قونصلیٹ کے ڈائریکٹر اسرار احمد عدیل کے ہمراہ روایتی جاپانی گڑیا حنا ماتسوری کی نمائش بھی دیکھی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جاپانی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ نے کہا

پاکستان کو استحکام کی ضرورت ہے انتشار اور تقسیم کی نہیں، شازیہ مری

ایک ضدی و گھمنڈی شخص کو خوش کرنے کیلئے ملک کو بار بار نقصان پہنچایا جا رہا ہے

پاکستان کو استحکام اور اتحاد کی ضرورت ہے، انتشار اور تقسیم کی نہیں، پی ٹی آئی بتائے جیل میں ہر قسم کی سہولت کتنے قیدیوں کو ملتی ہے؟، بیان

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان پیپلز پارٹی شازیہ مری نے کہا ہے کہ یوٹرن، جھوٹ، الزامات، دنگا فساد، لشکرکشی پی ٹی آئی کا وطیرہ بن چکا ہے، ایک ضدی و گھمنڈی شخص کو خوش کرنے کیلئے ملک کو بار بار نقصان پہنچایا جا رہا ہے، پاکستان کو استحکام اور اتحاد کی ضرورت ہے، انتشار اور تقسیم کی نہیں، پی ٹی آئی بتائے جیل میں ہر قسم کی سہولت کتنے قیدیوں کو ملتی ہے؟۔ ترجمان پیپلز پارٹی شازیہ مری نے پی ٹی آئی احتجاج کے حوالے سے جاری بیان میں کہا کہ ایک بار پھر ملک میں انتشار پھیلانے کی کال دی گئی ہے۔ جس کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو استحکام اور اتحاد کی ضرورت ہے، انتشار اور تقسیم کی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پرامن احتجاج کے نام پر پیٹرول بم پھینکنا، گاڑیاں جلانا اب پی ٹی آئی کا وطیرہ بن چکا ہے، ہمیں احتجاج سے مسئلہ نہیں، انتشار اور نفرت کی سیاست کرنے پر افسوس ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوٹرن، جھوٹ، الزامات، دنگا فساد اور لشکرکشی اس ٹولے کا وطیرہ بن چکا ہے، پی ٹی آئی میں جو سمجھدار لوگ تھے وہ خاموش اور غیر ذمہ دار لوگوں کو پارٹی کی باگ دوڑ دیدی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے عناصر ملک نہیں بلکہ ایک ایسے شخص کی خوشنودی میں لگے ہیں جو اپنی ذات کی خاطر کچھ بھی کر سکتا ہے، ہمارے لئے ملک اہم ہے، کوئی سیاسی جماعت ملک سے بالاتر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگ حکومت میں تھے تو ملک کو نقصان پہنچایا اور اب اپوزیشن میں بھی بیٹھ کر بھی عوام کی کوئی فکر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین پی پی پی نے تو مشورہ بھی دیا تھا کہ اپنے مقدمے عدالتوں میں لڑیں اور کچھ عوام کا سوچیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ایک ضدی اور گھمنڈی شخص کو خوش کرنے کے لیئے ملک کو بار بار نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ورکرز پاکستانی ملک کا سرمایہ ہیں، انہیں گمراہ کیا جا رہا ہے

قیصر احمد شیخ سے ڈنمارک کے سفیر جیکب لینولف کی ملاقات

وفاقی وزیر کی میری ٹائم سیکٹر میں ڈنمارک کی حکومت اور سرمایہ کاروں کو مکمل تعاون کی یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے میری ٹائم سیکٹر میں ڈنمارک کی حکومت اور سرمایہ کاروں کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔ پیر کو وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے ڈنمارک کے سفیر جیکب لینولف نے ملاقات کی جس میں ڈنمارک کے وزیر خارجہ کے دورہ سے قبل میری ٹائم سیکٹر میں پاکستان اور ڈنمارک کے مابین مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وفاقی وزیر نے کہا کہ ڈنمارک کی حکومت کے ذریعے مارسک لائن (ڈینش کمپنی) کیساتھ مفاہمتی یادداشت پاکستان کے میری ٹائم سیکٹر کیلئے ایک تاریخی کامیابی ہے، تاریخ میں پہلی بار کوئی کمپنی ہمارے میری ٹائم سیکٹر میں 2 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے ڈنمارک کی حکومت اور سرمایہ کاروں کو مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ قیصر احمد شیخ نے امید ظاہر کی کہ ڈنمارک کے وزیر خارجہ لارس لوکے راسموسن کی آمد پر مارسک لائن کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت معاہدے میں بدل جائے گی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت ان کے استقبال کیلئے تیار ہے کیونکہ دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ تعلقات کی طویل تاریخ ہے۔ مزید برآں وفاقی وزیر نے کہا کہ انہوں نے تمام بندرگاہوں اور وزارت بحری امور کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وہ ڈنمارک کے سرمایہ کار (مارسک لائن) کی مدد کیلئے ایک جامع فریم ورک تیار کریں۔

ترکیہ کا سوڈان میں شہریوں پر غیر انسانی حملوں پر اظہار تشویش

انقرہ (انٹرنیوز) ترکیہ نے ہمیں سوڈان میں شہریوں پر کئے گئے غیر انسانی حملوں پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں فوری فائر بندی اور امن واستحکام کی فضا کی بحالی کی ضرورت ہے۔ ترک وزارت خارجہ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ہمیں، سوڈان کی انسانی صورتحال اور صوبہ جزیرہ میں شہریوں کو ہدف بنا کر کیے گئے غیر انسانی حملوں پر شدید خدشات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم فوری طور پر ایسے اقدامات اختیار کئے جانے کی اپیل کرتے ہیں جو بے گھر افراد کی اپنے گھروں کو واپسی اور بلا تعطل انسانی امدادی کارروائیوں کے آغاز کی ضمانت دیں،

لاہور، یونان کشتی حادثہ میں لاپتہ افراد کے لواحقین حکومت سے مدد کی اپیل کر رہے ہیں

چینی الیکٹرک گاڑیوں پر 100 فیصد اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی سے پاکستان کیلئے امکانات روشن

معاون پالیسی کے ذریعے پاکستان بجلی سے چلنے والی موٹرسائیکلیں اور کاریں ایکسپورٹ کرنے کا مرکز بن سکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) امریکا اور کینیڈا کی جانب سے چینی الیکٹرک گاڑیوں پر 100 فیصد اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے نفاذ نے پاکستان کیلئے امکانات روشن کردیئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کی سب سے تیز رفتار الیکٹرک بائیکس متعارف کرنے والے ای ٹربو کے سی ای او شیخ اسامہ نے ای ٹربو کے پلانٹ کا دورہ کرنے والے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ امریکا اور کینیڈا کی اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے بعد چینی کمپنیاں اپنی مینوفیکچرنگ اور اسمبلنگ کے لیے دیگر ملکوں کا رخ کر رہی ہیں اور سی پیک کے تحت صنعتی معاونت کے منصوبوں میں چینی کمپنیوں کی پاکستان میں ری لوکیشن کے امکانات روشن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی سطح پر ایکسپورٹ پراسیسنگ زون کے بجائے ٹیکنالوجی زون قائم کیے جائیں اور چینی کمپنیوں کو مدعو کیا جائے تو پاکستان امریکا اور کینیڈا کو بجلی سے چلنے والی گاڑیوں کی ایکسپورٹ کا مرکز بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ طویل مدتی اور معاون پالیسی کے ذریعے پاکستان بجلی سے چلنے والی موٹرسائیکلیں اور کاریں ایکسپورٹ کرنے کا مرکز بن سکتا ہے، بجلی سے چلنے والی بائیکس اور کاروں کی قیمت میں کمی لانے کے لیے پالیسی مراعات کا دائرہ مزید ان پٹ پارٹس تک وسیع کرنا ہوگا۔ پاکستان کی سب سے تیز رفتار الیکٹرک بائیکس متعارف کرنے والے ای ٹربو کے سی ای او شیخ اسامہ نے ای ٹربو کے پلانٹ کا دورہ کرنے والے صحافیوں سے کو بتایا کہ پاکستان میں بجلی سے چلنے والی موٹرسائیکلیں تیزی سے مقبول ہو رہی ہیں جو ماحول دوست ہونے کے ساتھ ایندھن کی بچت کا بھی موثر ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کی کمپنی نے جدید اور تیز رفتار موٹرسائیکلوں کی پیداوار کے لیے پچاس کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی ہے، معاون اور طویل مدتی پالیسی کے ذریعے پاکستان میں بجلی سے چلنے والی بائیکس کے حجم میں نمایاں اضافہ کیا جا سکتا ہے جس سے ایکسپورٹ کی راہ ہموار ہوگی۔

پنجاب اسمبلی پریس گیلری کمیٹی انتخابات، خواجہ نصیر اور عدنان شیخ بلا مقابلہ صدر وسیکرٹری منتخب

لاہور (این این آئی) لاہور پریس کلب کے صدر ارشد انصاری، نائب صدر امجد عثمانی، سیکرٹری زاہد عابد، جوائنٹ سیکرٹری جعفر بن یار، فنانس سیکرٹری سالک نواز اور اراکین گورننگ باڈی نے پنجاب اسمبلی کی پریس گیلری کمیٹی کے نومنتخب صدر سینئر صحافی خواجہ نصیر اور سیکرٹری عدنان شیخ کو مبارکباد دی ہے۔ پنجاب اسمبلی پریس گیلری کمیٹی کے انتخابات برائے سال 2024-25 میں خواجہ نصیر صدر اور عدنان شیخ سیکرٹری بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ لاہور پریس کلب کے صدر ارشد انصاری نے نومنتخب صدر خواجہ نصیر اور سیکرٹری عدنان شیخ کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے اور توقع ظاہر کی ہے کہ پریس گیلری کمیٹی کے نومنتخب عہدیداران پنجاب اسمبلی اور صحافی برادری کے درمیان موثر رابطے اور صحافیوں کے مسائل حل کرنے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

حزب اللہ کی اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کو لبنانی سرحد کے قریب نشانہ بنانے کی کوشش

اسرائیلی وزیراعظم کا قصبہ میٹولا میں سرحد پر فوجیوں سے ملاقات کیلئے دورہ طے تھا جو ڈرون دھماکے کے بعد منسوخ کردیا گیا

تل ابیب، بیروت، غزہ (جی این ایم) حزب اللہ کی جانب سے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کو لبنانی سرحد کے قریب نشانہ بنانے کی ایک اور کوشش کی گئی لبنان کی سرحد کے قریب اسرائیلی قصبے میٹولا میں اسرائیلی وزیراعظم کی آمد سے قبل ڈرون حملے کے بعد نیتن یاہو کو سرحد پر فوجیوں سے ملاقات کیلئے طے شدہ دورہ منسوخ کرنا پڑ گیا۔ اسرائیلی ذرائع ابلاغ کے مطابق اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو لبنانی سرحد کے قریب اسرائیلی قصبے میٹولا کے دورے کیلئے روانہ ہو چکے تھے تاہم ان کے مقررہ مقام تک پہنچنے سے قبل میٹولا میں ایک ڈرون پھٹ گیا رپورٹ کے مطابق نیتن یاہو کے دورے کیلئے مقررہ وقت سے 20 منٹ قبل ڈرون دھماکے سے پھٹا، دھماکے کے بعد اسرائیلی وزیراعظم نے اسرائیلی قصبے میٹولا کا دورہ منسوخ کردیا خیال رہے کہ اسرائیلی فوج کو لبنان میں زمینی کارروائی کے دوران حزب اللہ کے مزاحمت کاروں کی جانب سے شدید مزاحمت کا سامنا ہے حزب اللہ نے اسرائیلی فوجیوں کو گائیڈڈ میزائل سے نشانہ بنانے کی بھی ویڈیو جاری کردی ہے دوسری جانب جنوبی لبنان میں اسرائیل کے فضائی حملوں میں دو میڈیکل ورکرز سمیت متعدد شہری شہید ہو گئے جبکہ غزہ میں اسرائیلی افواج نے 24 گھنٹوں میں مزید 35 سے زائد فلسطینیوں کو قتل کردیا۔

وی پی این کا استعمال اکثر غیر اخلاقی کاموں میں ہو رہا ہے، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

رجسٹرڈ یا غیر رجسٹرڈ وی پی این سے فحش مواد دیکھا جائے یا غلط پروپیگنڈا کیا جائے تو یہ کام بھی غیر شرعی ہوگا

وی پی این کو رجسٹر کرلیں اور مثبت تنقید کریں تو اس کے استعمال میں کوئی قباحت نہیں' علامہ راغب نعیمی کی گفتگو

لاہور (این این آئی) اسلامی نظریاتی کونسل کے چیئرمین علامہ راغب نعیمی نے ورچوئل پرائیویٹ نیٹ ورک (وی پی این) کو غیر شرعی قرار دینے کی وجہ بتاتے ہوئے کہا ہے کہ وی پی این کا استعمال اکثر غیر اخلاقی کاموں میں ہو رہا ہے۔ انہوں نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وی پی این کو رجسٹر کرلیں اور مثبت تنقید کریں تو اس کے استعمال میں کوئی قباحت نہیں ہے۔ انہوں نے وی پی این کو غیر شرعی قرار دینے کی وجہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ وی پی این کا استعمال اکثر غیر اخلاقی کاموں میں ہو رہا ہے اور پی ٹی اے کے مطابق روزانہ پاکستان سے ڈیڑھ کروڑ بار فحش ویب سائٹس کو دیکھنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ انہوں نے ملک میں لاؤڈ اسپیکر سے متعلق قانون کی مثال دیتے ہوئے کہ جیسے لاؤڈ اسپیکر کے غیر قانونی استعمال پر مقدمہ درج اور سزا ہوتی ہے، اسی طرح رجسٹرڈ یا غیر رجسٹرڈ وی پی این سے فحش مواد دیکھا جائے یا غلط پروپیگنڈا کیا جائے تو یہ کام بھی غیر شرعی ہوگا۔ واضح رہے کہ چند روز قبل اسلامی نظریاتی کونسل نے وی پی این کے استعمال کو غیر شرعی قرار دینا کا فتویٰ جاری کیا تھا جس پر ملک بھر میں اسے نہ صرف شدید تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے بلکہ بعض علما نے بھی اسے غلط قرار دیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے بھی وی پی این کو حرام قرار دینے پر کہا کہ کونسل نے اپنی ساکھ پر سوال اٹھا دیا، اس نوعیت کے فتوے دینے سے ان اداروں کی ساکھ متاثر ہوتی ہے، علما اس فتوے پر نظرثانی کریں اور تمام پہلوؤں کا احاطہ کر کے رپورٹ دیں، جس میں آدھا سچ نہ ہو پورا سچ ہو۔ معروف عالم دین مولانا طارق جمیل نے گزشتہ روز کہا تھا کہ اگر وی پی این کا استعمال حرام ہے تو پھر موبائل فون کا استعمال تو اس سے بھی زیادہ حرام ہے۔ چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کونسل کی طرف سے جاری کردہ بیان میں وی پی این کا استعمال غیر شرعی قرار دیتے ہوئے کہا تھا

وزیر اعلیٰ مریم نواز کا کینال کے قریب زیر تکمیل پی آئی سی ٹو ہسپتال کا دورہ

مریم نواز کا پی آئی سی ٹو کا، ہسپتال کو جلد فعال کرنے کیلئے اقدامات کی ہدایت

وزیر اعلیٰ پنجاب کا پی آئی سی ٹو پراجیکٹ کے لئے درکار مشینری کی فراہمی یقینی بنانے کا حکم

لاہور (انٹرنیوز) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی (پی آئی سی) ٹو کو جلد فعال کرنے کیلئے اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے پی آئی سی ٹو پراجیکٹ کے لئے درکار مشینری کی فراہمی یقینی بنانے کا حکم دیدیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کینال کے قریب زیر تکمیل پی آئی سی ٹو کا دورہ کیا اور تعمیرات کا جائزہ لیا، انہوں نے تعمیراتی میٹریل اور دیگر امور کا بھی معائنہ کیا۔ پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے سی ای او شاہ میر اقبال نے وزیراعلیٰ کو منصوبے بارے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی ٹو پراجیکٹ 250 بیڈز پر مشتمل ہوگا، پی آئی سی ٹو میں جدید ترین ہائبرڈ آپریشن تھیٹرز بھی بنائے جائیں گے، ہسپتال میں ایمرجنسی، سرجیکل اور میڈیکل آئی سی یو بھی بنیں گے۔ ہسپتال کے مختلف فلورز پر ڈرائی پارٹیشن وال اور ایچ ویک کی تنصیب کا کام جاری ہے، وزیراعلیٰ پنجاب نے پی آئی سی ٹو کو جلد فعال کرنے کے لئے اقدامات کی ہدایت کردی۔ مریم نواز نے شاہ میر اقبال کو شاباش دی اور ہسپتال کے ڈیزائن کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ چلڈرن ہارٹ سرجری کے لئے کارڈ سسٹم متعارف کرانے سے سیکڑوں بچوں کے آپریشن آسانی سے ہو چکے ہیں، پی آئی سی ٹو بننے سے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی پر مریضوں کا دباؤ کم ہوگا، ہر ضلع میں کارڈیالوجی کی مکمل سہولتوں کی فراہمی کے پلان پر عمل درآمد شروع ہو چکا ہے۔

اسلم فاروقی کا عوامی حقوق، آئین وعدلیہ کی آزادی کیلئے عزم

ترمیم کیخلاف درخواستیں بادی النظر قابل سماعت، بروقت فیصلہ دینا چاہیے، ایم کیو ایس سی

کراچی (این این آئی) بانیان پاکستان کی اولادوں کی تنظیم محب قومی سماجی کونسل (ایم کیو ایس سی) پاکستان کے چیئرمین ومحب وطن سماجی رہنما محمد اسلم خان فاروقی نے عوامی حقوق، آئین وعدلیہ کی آزادی کے لیے جدوجہد جاری رکھنے کا عزم کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی جانب سے حالیہ 26 ویں ترمیم کے خلاف دائر درخواست سمیت حالیہ ترمیم کو کالعدم کرانے کے لیے عدلیہ میں دائر تمام درخواستیں بادی النظر میں قابل سماعت ہیں جن پر عدلیہ کو بروقت فیصلہ دینا چاہیے

شملہ پہاڑی میں سموگ سے بچاؤ کیلئے خصوصی انتظامات

لاہور (این این آئی) سیکرٹری محکمہ تحفظ ماحول راجہ جہانگیر نے کہا ہے کہ شملہ پہاڑی کو سموگ ہاٹ اسپاٹ قرار دے کر گرین لاک ڈاؤن اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ علاقے میں صفائی اور ماحول کی بہتری کے لیے خصوصی ویٹ سویپنگ کا انتظام کیا گیا ہے تاکہ بغیر دھول مٹی کے صفائی کی جا سکے۔ متعلقہ عملے کو ہدایات دی گئی ہیں کہ یہ عمل دن بھر شفٹوں میں جاری رہے۔

رانا تنویر حسین کی زیر صدارت اجلاس

سمیڈا کے تشکیل کردہ تین سالہ بزنس پلان کی منظوری دے دی گئی

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایات کی روشنی میں سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) کی طرف سے تشکیل کردہ تین سالہ بزنس پلان منظور کر لیا گیا ہے۔ پلان کی منظوری وفاقی وزیر صنعت وپیداوار رانا تنویر حسین کی زیر صدارت منعقدہ سمیڈا کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں دی گئی۔ پلان بارے بریفنگ دیتے ہوئے سی ای او سمیڈا سقراط امان رانا نے بتایا کہ مذکورہ پلان قومی معیشت کے ترقی کے پانچ اہم تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تشکیل دیا گیا ہے جس میں ایس ایم ایز کے لئے فروغ برآمدات، مالیاتی وسائل اور سب کنٹریکٹنگ کے مواقع میں اضافے کے علاوہ ایس ایم ایز کو موسمیاتی تبدیلیوں کے مطابق ڈھالنے اور خواتین کی معاشی ایمپاورمنٹ سے متعلق اقدامات شامل ہیں۔ بورڈ کے چیئرمین وفاقی وزیر صنعت وپیداوار رانا تنویر حسین نے اور دیگر ممبران نے سمیڈا کی طرف سے پیش کردہ پلان کو سراہا

جے ایس ایم یو کو مائیکروبایولوجی میں ایف سی پی ایس ٹریننگ کے لیے سی پی ایس پی کی منظوری حاصل

کراچی (این این آئی) جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی (جے ایس ایم یو) نے کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (سی پی ایس پی) سے مائیکروبایولوجی میں ایف سی پی ایس ٹریننگ کے لیے منظوری حاصل کر لی ہے۔ یہ منظوری جے ایس ایم یو کے مستند مائیکروبایولوجی پروگرام کی کامیاب تکمیل اور جدید تربیتی تقاضوں کو پورا کرنے کی صلاحیت کا اعتراف ہے

کراچی، ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی الطاف گوہر میمن کو اکرم ستار و دیگر اعلیٰ افسران سوینیر پیش کر رہے ہیں

کراچی، گلشن اقبال ابوالحسن اصفہانی روڈ پر حادثات معمول بن گئے

نور پلازہ کے سامنے دو ماہ قبل تیار ہونے والا پیڈسٹرین برج سرخ فیتے کے انتظار میں، افتتاح نہ ہو سکا

کراچی (این این آئی) گلشن اقبال ابوالحسن اصفہانی روڈ پر حادثات معمول بن گئے۔ نور پلازہ کے سامنے دو ماہ قبل تیار ہونے والا پیڈسٹرین برج سرخ فیتے کے انتظار میں افتتاح نہ ہو سکا۔ ایک ہفتے کے دوران چار حادثے۔ سینئر صحافی واینکر پرسن اختر شاہین رند کے بیٹے سمیت نور پلازہ کے تین بچے زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق مسکن چورنگی سے پیراڈائز تک ابوالحسن اصفہانی روڈ پر پیڈسٹرین برج نہ ہونے کے باعث آئے روز حادثات ہوتے رہتے ہیں۔ تیز رفتاری اور رانگ سائیڈ سے آنے والے کار و موٹر سائیکل سوار حادثات کی بڑی وجہ بن گئے

لاہور، محکمہ ماحولیاتی تحفظ کے اہلکار دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کا معائنہ کر رہے ہیں

سرگودھا، تجاوزات سے پاک کرنے کیلئے گرینڈ آپریشن کلین اپ، پختہ تجاوزات کو مسمار کر دیا گیا

ضلع میں تجاوزات مافیا کے خلاف بلاامتیاز آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے جو تجاوزات کے مکمل خاتمہ تک جاری رہے گا، ڈپٹی کمشنر

سرگودھا (جی این ایم) سرگودھا کو تجاوزات سے پاک کرنے کے لئے گرینڈ آپریشن کلین اپ میں پختہ تجاوزات کو مسمار کر دیا گیا جس کے باعث اندرون شہر میں تجاوزات مافیا کی تعمیرات کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ محمد وسیم کی ہدایت پر ضلع کو تجاوزات سے پاک کرنے کے لئے جاری گرینڈ آپریشن کلین اپ میں گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر کوٹمومن مہتاب خان اور چیف آفیسر ضلع کونسل اسد ہریا کی زیر نگرانی انسداد تجاوزات کے انکروچمنٹ عملہ نے سرگودھا لاہور روڈ سیال موڑ پر تجاوزات مافیا کے خلاف کارروائی کرتے سڑک کے دونوں اطراف عرصہ سے قائم عارضی و پختہ تعمیرات کو مسمار کردیا

بنگلہ دیش میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی، اقوام متحدہ تحقیقاتی مشن بھیجے گا

حالیہ طلبہ تحریک کے دوران شیخ حسینہ کی حکومت کے کریک ڈاون میں ایک ہزار سے زائد جاں بحق ہو گئے تھے، رپورٹ

ڈھاکا (این این آئی) اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے دفتر نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش کی عبوری حکومت کی درخواست پر انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی تحقیقات کے لیے مشن بھیج دیا جائے گا۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے ادارے کے دفتر ترجمان روینا شامداسانی نے بیان میں کہا کہ آنے والے ہفتوں کے دوران ایک فیکٹ فائنڈنگ ٹیم بنگلہ دیش روانہ کردی جائے گی، جو احتجاج کے دوران خلاف ورزیوں اور مبینہ تشدد کی تحقیقات کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ مشن ان خلاف ورزیوں کی وجوہات کا کھوج لگائے گا اور فوری انصاف، احتساب اور طویل مدتی اصلاحات کے لیے تجاویز بھی دے گا۔ روینا شامداسانی کا کہنا تھا کہ ہم کمیشن کو تحقیقات میں تعاون کے لیے تیار ہیں،

اے ٹی سی میں دہشت گرد نہیں پی ٹی آئی قیادت وکارکن پیش ہو رہے ہیں، زرتاج گل

شہباز شریف نے اعتراف کیا تھا بجٹ آئی ایم ایف کا ہے، اب گھر کا سامان بیچنا شروع کر دیا، میڈیا سے گفتگو

فیصل آباد (انٹرنیوز) رہنماء پی ٹی آئی زرتاج گل نے کہا ہے کہ اے ٹی سی میں دہشت گرد نہیں پی ٹی آئی قیادت وکارکن پیش ہو رہے ہیں، شہباز شریف نے اعتراف کیا تھا بجٹ آئی ایم ایف کا ہے، اب گھر کا سامان بیچنا شروع کر دیا ہے۔ فیصل آباد میں عدالت پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنماء زرتاج گل نے کہا کہ کورٹ ٹرائل میں آج پہلی پیشی ہوئی اور تاریخ ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے ٹی سی میں کوئی دہشت گرد پیش نہیں ہوتا البتہ پی ٹی آئی قیادت وکارکن پیش ہو رہے ہیں

کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں (کل) گیس سپلائی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کل گیس سپلائی بند رہے گی، ترجمان سوئی سدرن گیس کمپنی کے مطابق بلوچستان میں پائپ لائن کی مرمت کے کام کی وجہ سے 06 نومبر 2024 بروز بدھ کو سریاب روڈ، پر بجلی بند رہے گی

ڈیرہ مراد جمالی میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق تیراز خمی

کوئٹہ (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق تیراز خمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق پیر کو ڈیرہ مراد جمالی میں قومی شاہراہ پر جیکب آباد سے ڈیرہ مراد جمالی آنے والی مسافر وین ایکسل ٹوٹنے کے باعث الٹ گئی

ایل پی جی کی قیمت میں 6 روپے 99 پیسے فی کلوگرام اضافہ

فی کلوگرام قیمت 243 روپے 99 پیسے، 11.8 کلوگرام گھریلو سلنڈر کی قیمت 2 ہزار 879 روپے مقرر

لاہور (این این آئی) ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا۔ اوگرا نے ایل پی جی کی قیمت میں 6 روپے 99 پیسے فی کلوگرام، گھریلو سلنڈر 82 روپے 54 پیسے کا اضافہ کر دیا۔ قیمتوں بڑھنے کے بعد ایل پی جی کی فی کلوگرام قیمت 243 روپے 99 پیسے، 11.8 کلوگرام گھریلو سلنڈر کی قیمت 2 ہزار 879 روپے مقرر کر دی گئی۔ دوسری جانب اوگرا نے قیمتوں میں اضافے کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

زیارت، ڈپٹی کمشنر گورنمنٹ ڈگری کالج کا دورہ کر رہے ہیں

Daily BOLAN HUB Balochistan روزنامہ بولان حب بلوچستان

موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

میرا ملک میری عزت

اس آدھے گھنٹے کی بارش نے تو دل ہی دہلا کر رکھ دیا تھا۔ خوف آ رہا تھا، حالاں کہ یہ تو اوپر والے کی رحمت ہے، لیکن کیا کریں کہ ہمارے شہر میں زیادہ دیر بارش، ہم افورڈ ہی نہیں کر سکتے۔

...

آج سے کچھ دن پہلے سوات میں بچوں، بڑوں اور جوانوں کی ایک ساتھ موت دیکھ کر پاکستان میں خوف و غم کی لہر اٹھی تھی۔ سب ہی چیخ اٹھے تھے، کنارے کے اس پار کھڑے ویڈیوز بناتے لوگوں پر بھی خوب تنقید ہوئی، ایک کے بعد ایک بیان تکلیف دہ اور قہر کا ساتھ۔ سوال اٹھتا ہے کہ کیا کبھی یہ اذیت کم ہو سکے گی؟

ہم بڑے بڑے عہد کرنے والوں کو دیکھ چکے ہیں، ایک کے بعد ایک ناموں کی تختیاں بدلتی جاتی ہیں لیکن سب کچھ ویسا ہی رہتا ہے۔ ایک کے بعد دوسرا اور دوسرے کے بعد تیسرے کندھے تک ذمے داریوں اور الجھنوں کے پوٹ کو دھکیلتے دھکیلتے ہم اس پوٹ کو چٹکی سے پکڑ کر دریا برد ہی تو کر دیتے ہیں کہ ہم اس قابل ہیں۔ برف جیسے جذبات رکھنے والے۔

ہمارے ملک میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں ہے، جوش بھی ہے، عقل بھی ہے لیکن عہدہ ملتے ہی سب دھندلا پڑ جاتا ہے۔ ابھی چند برسوں پہلے کی بات ہے، بارش نے جو شور بپا کیا تھا، نالوں میں طغیانی اور سڑکیں دریا بن گئی تھیں۔ تب بھی محلوں سے گزرنے والے نالوں نے بھی کئی جانوں کو نگلا تھا۔ ایک عرصے تک سفید اور پیلی حفاظتی پٹیوں نے ایک حفاظتی جنگلوں کے ساتھ کچھ سڑکوں کا محاصرہ کر رکھا تھا اور پھر سب کچھ بیٹھتا گیا۔ گرد بیٹھ گئی اور وقت گزر گیا۔ نالوں میں کچرا بھرتا گیا، ان کو بھرنے کا کام اگر عوام اور سرکاری اداروں کے عہدیداران کرتے ہیں تو ان کی طرف سے غفلت برتنے کا کام بھی عوام اور سرکاری ادارے ہی کرتے ہیں یہاں تک کہ نشئی اور مخصوص مافیا والے ناموں اور اس کے ارد گرد کی حفاظتی منڈیروں سے لوہا، سریا تک کھینچ لیتے ہیں اور کون ...

... 147 ارب اٹھارہ کروڑ روپوں کی بے ضابطگی۔ خدا کا خوف۔۔۔ صرف یہی نہیں، دوسرے چھوٹے صوبے کے متعلق بھی ایسی ہی کرپشن کی رپورٹ نظر سے گزری۔ ٹن بلین ٹری سونامی پروگرام بلوچستان کے حوالے سے 16 ارب 80 کروڑ روپوں کی بے قاعدگیاں۔ ہمارے چھوٹے صوبے کرپشن کے حوالوں سے کچھ پیچھے نہیں، اب بڑوں کو کیا کہیں۔ کسی نے کہا جناب! چھوٹوں کی بات نہ کریں، یہاں فنڈ تو بہت ہوتے ہیں پر کام زیرو فی صد بھی نہیں ہوتے۔ یہ ساری خبریں، سارے دعوے بے بنیاد، سب رپورٹیں جھوٹی ہیں اور حقیقت جو چیخ چیخ کر بتا رہی ہے

میڈم چیف منسٹر

تحریر: جاوید چوہدری

میں نے 1991 میں اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور سے صحافت میں ایم اے کیا اور 1992 میں بہاولپور سے لاہور شفٹ ہو گیا اسلامیہ یونیورسٹی اس وقت تک ایک پس ماندہ صحرائی یونیورسٹی تھی بنیادی سہولیات نہ ہونے کے برابر تھیں یونیورسٹی کے مختلف ڈیپارٹمنٹس تین حصوں میں تقسیم تھے اولڈ کیمپس شہر کے درمیان تھا اس میں وائس چانسلر کا دفتر صحافت کا شعبہ لاڈیپارٹمنٹ اور خواتین کے دو ہاسٹل تھے ریلوے کیمپس ریلوے اسٹیشن کے قریب تھا اور اس میں کیمسٹری اور ایجوکیشن کے شعبے تھے جب کہ اس کی بالائی منزل پر ہاسٹل تھا اور اس میں ہم لوگ رہتے تھے باقی یونیورسٹی شہر سے دور صحرا میں تھی یہ حصہ نیو کیمپس یا بغداد الجدید کہلاتا تھا اس کے دائیں بائیں تاحد نظر ریت ہی ریت تھی آبادی کا نام و نشان نہیں تھا ٹریفک بھی نہ ہونے کے برابر تھی یونیورسٹی کے نوے فیصد شعبے اس ...

پڑھا لکھا اور با اثر تھا یہ 2019 میں وائس چانسلر بن کر بہاولپور آئے ذات میں لیڈر شپ گندھی ہوئی تھی لہٰذا انھوں نے پس ماندہ اور غیر معروف یونیورسٹی کی کایا پلٹ کر رکھ دی اور اسے شعبوں طالب علموں اور فیکلٹی کے لحاظ سے ملک کی سب سے بڑی یونیورسٹی بنا دیا یونیورسٹی نے

بہاولپور اور اس کے مضافات میں تعلیم کی ہزاروں شمعیں روشن کیں اور یہ سب کچھ دیکھ کر دل خوش ہو گیا بہرحال قصہ مختصر حکومت کو اس شان دار انسان اور لیڈر شپ کی صلاحیت سے بھرپور شخص سے کام لینا چاہیے تھا اس کے ماڈل کو باقی اداروں تک پھیلانا چاہیے تھا لیکن آنے والے دنوں میں ہم نے اس عظیم انسان کو بھی عبرت کی نشانی بنا دیا۔

2023 میں پروفیسر اطہر محبوب کی مدت ملازمت ختم ہو ...

اور صلاحیت کے لوگوں کو وائس چانسلر بنا دیا گیا کیوں؟ کیوں کہ وزیراعلیٰ پنجاب اور سلیکشن بورڈ بہاولپورا سکینڈل سے ڈر گیا تھا اور ان کا خیال تھا اگر پروفیسر صاحب کو منتخب کر لیا گیا تو میڈیا ایک بار پھر آسمان سر پر اٹھا لے گا اور وزیراعلیٰ پنجاب اس وقت کوئی منفی خبر افورڈ نہیں کر سکتیں آپ خوف کی نوعیت اور لیول دیکھیے صرف اس لیے ایک قابل شخص کو محروم رکھا جا رہا ہے کہ ماضی میں چند لوگوں نے اپنے مفاد کے لیے ان پر کیچڑ اچھالا تھا یہ لوگ آج بھی مزے سے زندگی گزار رہے ہیں۔

ان کو کسی نے بلا کر نہیں پوچھا آپ نے کیوں اپنے تھوڑے سے فائدے کے لیے پورے تعلیمی ادارے اور ملک کے کام یاب ترین وائس چانسلر کی عزت خاک میں ملائی لیکن بے گناہ معصوم اور اہل ترین شخص کو عبرت کی نشانی بنا دیا گیا اور آج حکومت اور اس کے سلیکشن بورڈز صرف میڈیا کے خوف سے اسے اس کی اہلیت کے مطابق پوزیشن نہیں دے رہے آپ دیکھ لیں ملک میں کسی بھی اہل شخص کو برباد کرنا کتنا آسان ہے؟ آپ چند رپورٹرز یا ...

... ڈاکٹر اطہر محبوب کا تعلق پڑھے لکھے خاندان کے ساتھ تھا ان کا خاندان والد اور والدہ دونوں سائیڈز سے انتہائی ...

☆☆☆☆☆

ابراہیمی معاہدہ

تحریر: کامران بنواڑی

ابراہیمی معاہدہ ایک ایسی دستاویز ہے جسے ٹرمپ نے اپنی گزشتہ حکومت کے دور میں متعارف کروایا تھا۔ اس معاہدے کا نام پہلے صدی کی ڈیل رکھا گیا تھا، بعد میں اس کو کچھ تبدیلیوں کے ساتھ ابراہیمی معاہدے کا نام دیا گیا ...

ہیں اور ایسی ہی سوچ کے حامل کچھ افراد پاکستان میں بھی موجود ہیں۔

حقیقت میں امریکا نے یہ معاہدہ خطے میں فلسطین کے ...

... اسرائیل کو بھی تسلیم کرے گا جب فلسطین کی آزاد ریاست جس کا دارالحکومت القدس ہوگا، حالانکہ اس معاملے میں قائداعظم محمد علی جناح کی وضع کردہ خارجہ پالیسی اور نظریہ کے اصولی موقف میں کسی جگہ ایسی بات موجود نہیں ہے کہ پاکستان کسی شرط کے ساتھ اسرائیل کو تسلیم کرے گا، بلکہ قائداعظم کی پالیسی کے ...

... سب کے یہ خلاف ہے، یہ سب کچھ ابراہیمی معاہدے میں شمولیت سے ہوگا۔ پاکستان کے عوام ہمیشہ قائد اعظم کے پاکستان کی بات کرتے ہیں اور آج بھی حکومت کو بتا دیتے ہیں کہ قائد کے پاکستان میں اسرائیل کے ساتھ تعلقات کی کوئی جگہ نہیں ہے۔

مملکت خداداد کے چلبلے پانڈے

تحریر: خزیمہ انصاری

ہیں۔ مارک زکر برگ اور ایلون مسک کو بھی یقین نہیں تھا کہ مملکت خداداد میں ان کا کاروبار اتنا بھاری بھرکم منافع کما سکتا ہے۔

آج کل محترم قیصر بنگالی صاحب ان کے ہاتھ چڑھے ...

ہمارے ہاں ایسے حروف شناس اور حروف سازوں کی کمی نہیں ہے جن کے علم دریا سے شیطان بھی پناہ مانگتا ہے۔ بلھے شاہ نے ایسے ہی دیدہ وروں کی نکتہ آفرینیوں سے گھبرا کر فرمایا تھا۔

علموں بس کریں او یار
سانوں اکو الف درکار

...

بلوچستان کا بحران

تحریر: لیاقت بلوچ

بلوچستان پاکستان کا رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا اہم جغرافیائی حیثیت اور عظیم تاریخی ورثے کا حامل معدنیات سے مالا مال صوبہ ہے۔ اس غیر معمولی تزویراتی، جغرافیائی اہمیت اور وسائل کے باوجود بلوچستان طویل مدت سے دہشت گردی اور اس سے جڑے دیگر مسائل و مشکلات کا شکار ہے۔ بلوچستان کے مسائل کو تمام اسٹیک ہولڈرز کیساتھ مل بیٹھ کر حل کرنے کی بجائے ریاستی رٹ قائم کرنے کے یکطرفہ اقدام نے مسائل کو اور زیادہ گھمبیر بنا دیا ہے۔ بلوچستان کے عوام بالخصوص نوجوانوں کے اندر بڑھتی ہوئی مایوسی ایک نفرت کو ابھارنے کا باعث بن رہی ہے، جو قومی سلامتی اور بلوچستان میں لا اینڈ آرڈر کی بگڑتی صورتحال کیلئے خطرناک ہے۔ صوبے کے عوام کی فیڈریشن پر اعتماد میں کمی ملکی سلامتی کیلئے نیک شگون نہیں۔ بلوچستان میں موجود احساس محرومی کو ختم کرنے کیلئے وہاں کے عوام اور با اثر طبقات کیساتھ باہمی اعتماد پر مبنی سماجی روابط بڑھانا وقت کا تقاضا ہے۔ ...

منصوبے کے مرکز گوادر اور پورے صوبے میں ایک کلومیٹر بھی موٹر وے نہیں ہے، نہ ہی عوامی بہبود کا کوئی اور بڑا منصوبہ زیر تکمیل ہے۔ اس کوتاہی کا ادراک کر کے بلا تاخیر خاتمہ کیا جائے۔ حکومت کا یہ اقدام بلوچستان کے عوام کا فیڈریشن پر اعتماد کی بحالی کا ذریعہ بنے گا۔ ...

مذاکرات اور مفاہمت

سیاست میں مذاکرات اور مفاہمت ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ مقصد سیاسی اعتماد سازی اور باہمی شکوک و شبہات کو دور کر کے آگے بڑھنے پر اتفاق کرنا ہوتا ہے۔ مفاہمت اور مذاکرات لازم و ملزوم اس لیے ہوتے ہیں کہ مذاکرات ہوں گے تو مفاہمت ہوگی۔ سیاست میں ہٹ دھرمی سے باہمی مذاکرات ہوتے ہیں نہ مفاہمت ہوتی ہے۔ سیاسی مذاکرات اور مفاہمت کا عمل اس وقت تک شروع نہیں ہو سکتا جب تک فریقین اس کے لیے تیار نہ ہوں۔ یہ کام یکطرفہ نہیں ہو سکتا ہے۔ سیاسی مفاہمت اور مذاکرات ایک حکمت عملی ہوتی ہے تاکہ سیاست کے بند دروازے کھولیں جائیں اور مل جل کر آگے بڑھنے کے امکانات کو پیدا کیا جائے۔

...

اختر مینگل کا استعفیٰ

تحریر: ہمدان عبداللہ

...

بجلی کے بل

تحریر: سردار طارق علی جھانپو

...

بھارت کی بڑھتی ہوئی تنہائی

تحریر: عثمان دموہی

...

کامیاب سفارتکاری اور خود احتسابی

تحریر: ایم جے گوہر

پاکستان آج کے وقت میں کامیاب سفارتکاری کے ذریعے دنیا کی نظروں میں اپنی پہچان اور وقار کی وجہ کامیابیاں حاصل کر رہا ہے۔ خصوصاً حالیہ پاک بھارت معرکے کے بعد پاکستان کو حیران کن کامیابیاں ملی ہیں ...

...

ہر شعبہ میں نجی ادارے کام کرتے نظر آرہے ہیں، ڈاکٹر خالد عراقی

ہماری ریاست صحت کی سہولیات فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے

کراچی (این این آئی) جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود عراقی نے کہا کہ ہماری ریاست صحت کی سہولیات فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے۔ تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی اور ادویات کی قیمتوں میں اضافے نے عام آدمی کو ادویات کی خریداری اور بیماری کی تشخیص کے لئے ڈاکٹرز کے پاس اور اسپتال جانے سے دور کردیا ہے۔ ہر شعبہ میں نجی ادارے کام کرتے نظر آرہے ہیں کیونکہ ریاست اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے سے قاصر ہے۔ ہمیں حال کے ساتھ مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نصاب مرتب کرنے اور اپنے طلبہ میں اسکلز پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کلیہ علم الادویہ جامعہ کراچی کے زیر اہتمام انٹرنیشنل سینٹر فار کیمیکل اینڈ بائیولوجیکل سائنسز جامعہ کراچی کی سماعت گاہ میں ورلڈ فارماسسٹ ڈے کی مناسبت سے منعقدہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر خالد عراقی نے مزید کہا کہ فارماسسٹ صحت کے شعبے میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہوتے ہیں۔ فارماسسٹ کی اہمیت کو سمجھنا نہایت ناگزیر ہے کیونکہ وہ نہ صرف ادویات کی فراہمی اور تیاری میں اہم کردار ادا کرتے ہیں بلکہ مریضوں کی دیکھ بھال اور ادویات کی صحیح مقدار اور استعمال کے بارے میں رہنمائی بھی فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے ورلڈ فارماسسٹ ڈے کے موقع پر کانفرنس کے انعقاد پر کلیہ علم الادویہ کی کاوشوں کا سراہا۔

ہالووین جیسی شیطانی پارٹیاں اسلامی اقدار کے خلاف ہیں، سید ارشد کاظمی

اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ ہر چیز کی اصل حقیقت کو پہچانیں اور باطل کے سامنے ڈٹ کر کھڑے ہو

کراچی (این این آئی) تحریک اہلسنّت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری، کراچی کے صدر علامہ فیصل عزیزی، جنرل سیکریٹری مولانا سید محمد شفیع قادری، یوتھ ونگ کے صدر سید عبدالرحیم شاہ ودیگر نے کہا ہے کہ ہالووین جیسی شیطانی پارٹیاں اسلامی اقدار وروایات کے خلاف ہیں۔ یہ بات انہوں نے حال ہی میں ایک یونیورسٹی اور کورنگی کے علاقے میں منعقد شیطانی پارٹی جس میں شیطان کی پوجا کے مظاہر موجود تھے پر اظہار تشویش اور پرزور مذمت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ یہ نہایت افسوسناک ہے کہ ایسی سرگرمیوں پر نہ صرف پولیس کی جانب سے کوئی کارروائی نہیں کی گئی بلکہ تعلیمی ادارے کی انتظامیہ نے بھی اس معاملے پر خاموشی اختیار رکھی۔ پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا کہ اسلام ہمیں سکھاتا ہے کہ ہر چیز کی اصل حقیقت کو پہچانیں اور باطل کے سامنے ڈٹ کر کھڑے ہوں۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ کا فرمان مبارک ہے: اور حق کو باطل کے ساتھ ملا نہ دو اور جان بوجھ کر حق کو چھپاؤ نہ" (البقرہ:42)۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ ایسے مظاہر ہماری دین کی روح کے خلاف ہیں اور ان کا مقصد نوجوانوں کی ذہن سازی میں گمراہی پیدا کرنا ہے

رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل کو حاجی پرویز حسین علاقہ مسائل سے آگاہ کررہے ہیں

سندھ اسمبلی: ارکان کی جانب سے مختلف توجہ دلانوٹس پیش کئے گئے، عوامی مسائل کی نشاندہی

میرے حلقے میں تمام روڈوں کی حالت بہت خراب ہے، حلقے میں ایمرجنسی فنڈ سے بھی کہیں کوئی کام نہیں ہوا، معاذ محبوب

کراچی (این این آئی) سندھ اسمبلی کے اجلاس میں بدھ کو ارکان کی جانب سے پیش کردہ مختلف توجہ دلا نوٹس پیش کئے گئے جن میں عوامی اہمیت کے حامل مسائل کی نشاندہی کی گئی تھی۔ ایم کیو ایم کے رکن معاذ محبوب نے اپنے توجہ دلانوٹس کے ذریعے شکایت کی کہ ان کے حلقے میں تمام روڈوں کی حالت بہت خراب ہے، حلقے میں ایمرجنسی فنڈ سے بھی کہیں کوئی کام نہیں ہوا، سپر مارکیٹ کا روڈ بھی بہت خراب ہے۔ پارلیمانی سکریٹری بلدیات قاسم سراج سومرو نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ جن سڑکوں کی نشاندہی کی گئی ہے ان پر مرمت کا کام ہو رہا ہے جو ایک مہینے میں مکمل ہوجائے گا، انہیں روڈز کو سندھ حکومت نے ورلڈ بینک فنڈڈ پراجیکٹس میں شامل کروایا ہے۔ ایم کیو ایم کی سکندر خاتون نے اپنے توجہ دلا نوٹس میں کہا کہ سندھ بھر میں چکن گونیا کا مرض عام ہوگیا ہے حکومت سندھ اس کی روک تھام کے لئے کیا کررہی ہے؟ ان کا کہنا تھا کہ چکن گونیا کا ٹیسٹ بھی بہت مہنگا ہے اور صوبے میں آگاہی مہم کا فقدان بھی ہے۔ پارلیمانی سکریٹری صحت ندا کھوڑو نے کہا کہ چکن گونیا مچھروں سے پیدا ہوتا ہے اور یہ انسانوں کے ذریعے منتقل ہونے والا مرض نہیں ہے، اس وائرس کی مدت دو سے سات دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ چکن گونیا کی اینٹی باڈیز سے ہم ٹیسٹ کرتے ہیں، مریض کو آرام کا مشورہ دیا جاتا ہے، مچھروں سے بچنا چاہیے اور لمبی آستینیں پہننی چاہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مختلف جگہوں پر اسپرے کروا رہی ہے، گھر گھر جاکر بھی آگاہی دیں گے، صفائی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ اب تک چکن گونیا سے کوئی ہلاکت نہیں ہوئی ہے۔ جس پر سابق اسپیکر آغا سراج درانی نے کہا کہ میرے حلقے کا نوجوان اس بیماری سے جاں بحق ہوگیا ہے۔ دو دنوں کے اندر یہ ہلاکت ہوئی ہے اور یہ بہت خطرناک وائرس ہے۔

صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ کلی ناصران نواکلہ میں بنیادی مرکز صحت کا دورہ کررہے ہیں

خیبر پختونخوا میں موسم جزوی ابر آلود رہے گا، محکمہ موسمیات

پشاور، نوشہرہ، مردان، چارسدہ، چترال، دیر، سوات، مالاکنڈ، شانگلہ، بونیر، باجوڑ میں بارش کا امکان

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں موسم جزوی ابر آلود رہے گا۔ آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران صوبے کے بیشتر اضلاع میں بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق خیبر پختونخوا میں موسم جزوی ابر آلود رہے گا۔

منشیات ایک ناسور ہیں جو ہمارے معاشرے کو دیمک کی طرح سے کھا رہے ہیں، قاسم علی شاہ

منشیات سے پاک معاشرے کا قیام ایک جہاد ہے اور اس وقت اس سے بڑا جہاد نہیں ہوسکتا، وزیر برائے سماجی بہبود

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخو کے وزیر برائے سماجی بہبود سید قاسم علی شاہ نے منشیات سے پاک پشاور کے لیے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کے خصوصی اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ منشیات ایک ناسور ہیں جو ہمارے معاشرے کو دیمک کی طرح سے کھا رہے ہیں جب کہ میں سمجھتا ہوں کہ دہشت گردی سے زیادہ خطرناک منشیات اور ان کا استعمال ہے اس وقت صوبائی حکومت منشیات کی روک تھام اور منشیات کے عادی افراد کی بحالی اور ان کو تربیت دینے اور انہیں روزگار کی فراہمی کے لیے کئی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات سے پاک معاشرے کا قیام ایک جہاد ہے اور اس وقت اس سے بڑا جہاد نہیں ہوسکتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز شہید بے نظیر بھٹو وومن یونیورسٹی لڑمہ میں منشیات کے خلاف آگاہی مہم کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر کمشنر پشاور ریاض محسود ڈپٹی کمشنر سرمد سلیم اور اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے منشیات کی روک تھا اور منشیات کے عادی افراد کی بحالی اور یونیورسٹی کی سطح پر طلبہ اور طالبات کے ذریعے منشیات کے خاتمے کے لیے موثر کردار پر روشنی ڈالی، وزیر سماجی بہبود نے کہا کہ ہمیں چاہیے کہ منشیات کے عادی افراد کو بیمار سمجھیں اور ہمیں ان کے ساتھ بیمار کی طرح سلوک کرنا چاہیے

جمعیت علمائے اسلام ضلع خضدار کی مجلس عاملہ کا پہلا اور تعارفی اجلاس

خضدار، چوری، ڈکیتیوں پر قابو پاکر عوام کو پرامن ماحول، صحت اور علاج ومعالجے کی سہولیات ہسپتالوں میں یقینی بنایا جائے، مولانا قمر الدین

خضدار (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام ضلع خضدار کی مجلس عاملہ کا پہلا اور تعارفی اجلاس مرکز اسلامی ٹاؤن شپ خضدار میں زیر صدارت ضلعی امیر مولانا قمرالدین منعقد ہوا۔ اجلاس کا نظم جے یو آئی خضدار کے جنرل سیکریٹری مولانا عنایت اللہ رودینی سنبھال رہے تھے۔ ساڑھے چار گھنٹوں پر محیط طویل اجلاس کے دو سیشنز منعقد ہوئے۔ پہلے سیشن میں قاری محمد ابراہیم اور دوسرے سیشن میں مولانا بشیر احمد عثمانی نے تلاوت کی سعادت حاصل کی۔ اجلاس میں عوامی وسماجی مسائل، جماعتی امور زیر بحث آئے، اجلاس میں شریک مجلس عاملہ کے تمام اراکین نے طے شدہ ایجنڈے پر اپنے تجاویز دیئے اور ضلعی امیر نے کابینہ اراکین کی رائے وتجاویز کی روشنی میں حتمی فیصلے صادر فرمائے۔ جے یو آئی ضلع خضدار کے امیر مولانا قمرالدین جنرل سیکریٹری مولانا عنایت اللہ رودینی کے علاوہ اجلاس میں دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ جے یو آئی ضلع خضدار کے نائب امیر مولانا فیض محمد سرپرست سردار علی محمد قلندرانی سرپرست مولانا عبیداللہ خضداری نائب امیر مفتی عبدالقادر شاہوانی سرپرست مولانا محمد یحییٰ حسنی ڈپٹی جنرل سیکریٹری مولانا بشیر احمد عثمانی مولانا محمد قاسم سمالانی ڈپٹی جنرل سیکریٹری حافظ عبدالغنی ترجمان مولانا عبدالحق مینگل ناظم مالیات مولانا محمد ابراہیم نائب ناظم مالیات مولانا عبدالصمد قاسمی شاہوانی سالار مولانا عبدالغفار بزنجو کوارڈینیٹر ڈیجیٹیل میڈیا سیل عبداللہ شاہوانی ناظم دفتر مولانا عبدالرزاق محمد زئی نے شرکت کی۔ اجلاس میں عوام کی فلاح وبہبود کی اسکیمات اور روزگار فراہمی کے حوالے سے متعلقہ جماعتی تحصیلوں کو سرکلر جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا جس کی تفصیل جاری سرکلر میں بیان کردیا جائیگا۔ جب کہ تمام تحصیلوں میں اصلاحی اور تربیتی نشست منعقد کرانے کا فیصلہ، جس کے لئے شیڈول کا جلد اعلان کردیا جائیگا۔ اجلاس میں جمعیت علمائے اسلام کے کردار پر روشنی ڈالی گئی اور قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کی جانب سے 26 ویں آئینی ترمیم میں قائدانہ کردار ادا کرنے پر انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا اور ان کے دانشمندانہ اور دلیرانہ اقدام کو پوری قوم کے لئے خوش آئندہ قرار دیدیا گیا۔ اجلاس میں قرارداد کے ذریعے حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے عوامی مسائل کو حل کرنے کا مطالبہ کیا گیا، خضدار میں چوری اور ڈکیتیوں پر قابو پاکر عوام کو پرامن ماحول دینے کا مطالبہ کیا گیا، عوام کو صحت اور علاج ومعالجے کی سہولیات ہسپتالوں میں یقینی بنانے کا مطالبہ کیا گیا

سی پیک کے ذریعے کنیکٹیوٹی پاکستان کو سمندری غذا کی برآمد کا مثالی مرکز بنا سکتی ہے، وانگ زیہائی

چین کے ساتھ شراکت داری پاکستان کو عالمی سمندری غذا کی منڈیوں میں ایک اہم کھلاڑی کے طور پر کھڑا کرسکتی ہے

چنگ ڈاؤ (این این آئی) اعزازی سرمایہ کاری قونصلر اور پاکستان (چائنہ) اکنامک کوآپریشن سینٹر (پی ای سی سی) کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل وانگ زیہائی نے کہا کہ چین کے ساتھ شراکت داری پاکستان کو عالمی سمندری غذا کی منڈیوں میں ایک اہم کھلاڑی کے طور پر کھڑا کرسکتی ہے، چین کی پروسیسڈ سی فوڈ کی مانگ میں اضافہ ہو رہا ہے، سی پیک کے ذریعے کنیکٹیوٹی پاکستان کو سمندری غذا کی برآمد کا مثالی مرکز بنا سکتی ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق چنگ ڈاؤ میں پہلی پاک چین ماہی گیری بزنس کانفرنس منعقد ہوئی جو دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ اس تقریب میں سرکاری اور نجی دونوں شعبوں کے اہم نمائندوں نے شرکت کی اور پاکستان کے ماہی گیری کے شعبے میں سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے بزنس ٹو بزنس (بی ٹو بی) اقدام کا آغاز کیا۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق اپنے افتتاحی خطاب میں چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی نے کانفرنس کے انعقاد میں تعاون پر چین کی وزارت تجارت (ایم او ایف سی او ایم)، چنگ ڈاؤ کی میونسپل حکومت اور چنگ ڈاؤ شیانگ بیورو کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اس تقریب کو اقتصادی تعلقات کو مستحکم کرنے اور دوطرفہ تجارت کو بڑھانے میں ایک اہم قدم قرار دیا، جس میں پاکستان کے امیر سمندری وسائل، وسیع اندرون ملک میٹھے پانی کے نظام اور ماہی گیری، آبی زراعت اور فوڈ پروسیسنگ میں ترقی کے لئے اسٹریٹیجک محل وقوع سے فائدہ اٹھانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق ماہی گیری کی صنعت پاکستان کی جی ڈی پی میں تقریباً ایک فیصد حصہ ڈالتی ہے، سمندری غذا کی پیداوار کا 64 فیصد سمندری ماہی گیری اور 36 فیصد اندرون ملک ذرائع سے ہوتا ہے۔ جیسا کہ سمندری ذخائر کم ہو رہے ہیں، ہم آبی زراعت پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں، جس میں 2000 سے 2018 تک 15 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ سفیر پاکستان نے حکومت کی جاری کاوشوں پر روشنی ڈالی جن میں 2019 میں پنجاب میں شروع کیا گیا پائلٹ پراجیکٹ بھی شامل ہے جو سندھ اور بلوچستان تک پھیل رہا ہے، جس کا مقصد 2024 تک آبی زراعت کے فارمز کو 3500 سے بڑھا کر 10600 کرنا ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق بلیو ٹرانسفارمیشن اقدام کے تحت پاکستان اپنے ماہی گیری کے شعبے کو صنعتی پیمانے پر ترقی دینے اور چینی کمپنیوں کے ساتھ پائیدار شراکت داری قائم کرنے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہمارا مقصد اعلیٰ معیار کے سمندری غذا کی پیداوار، پروسیسنگ اور برآمد کرنے کی اپنی صلاحیت میں اضافہ کرنا ہے

حافظ آباد، شوہر کے سامنے درندگی کا شکار ہونے والی خاتون سے حنا پرویز بٹ مل رہی ہیں

عافیہ کی رہائی کیلئے سندھ اسمبلی کی متفقہ قرارداد کا خیر مقدم کرتے ہیں، ڈاکٹر فوزیہ صدیقی

جماعت اسلامی کے علاوہ پیپلز پارٹی، متحدہ قومی موومنٹ اور آزاد اراکین اسمبلی کے بھی مشکور ہیں، چیئرپرسن گلوبل عافیہ موومنٹ

کراچی (این این آئی) گلوبل عافیہ موومنٹ کی چیئرپرسن ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے سندھ اسمبلی میں جماعت اسلامی کے رکن محمد فاروق کی جانب سے قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ کی رہائی اور وطن واپسی کے لیے پیش کی گئی قرارداد کی متفقہ طور پر منظوری کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ قرارداد کی متفقہ منظوری پر میں جماعت اسلامی کے علاوہ پاکستان پیپلز پارٹی، متحدہ قومی موومنٹ اور آزاد اراکین اسمبلی کی بھی تہہ دل سے مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ اسمبلی نے عافیہ کی رہائی کے لیے قرارداد متفقہ طور پر منظور کرکے قوم کے جذبات کی ترجمانی کی ہے۔ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی نے اس اہم موقع پر شہید ذوالفقار اور بےنظیر بھٹو کی سیاست کے جانشین بلاول بھٹو زرداری کی خاموشی پر حیرت اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں یقین ہے

وزیر اعلیٰ مریم نواز کا پہلے سرکاری کینسر ہسپتال کی پہلی اینٹ رکھ کر باقاعدہ افتتاح

نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ پراجیکٹ ایک سال میں فنکشنل کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پہلی اینٹ رکھ کر پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا اور پہلا سرکاری کینسر ہسپتال کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ کینسر کے لیول تھری اور لیول فور مریضوں کا بھی مفت علاج ہوگا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کینسر ہسپتال کے پہلے فیز کی تکمیل کے لئے بارہ ماہ کا ہدف دیدیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پہلے سرکاری بون میرو ٹرانسپلانٹ بھی بنانے کا اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ہسپتال کے سامنے تیمارداروں کیلئے ہوٹلز بنانے کی تجویز کا جائزہ لینے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں بلڈ ڈیزیز، پیڈز، آرگن ٹرانسپلانٹ اور بون میرو کے اسپیشلائزڈ ہسپتال بنانے اور بیرون ملک سے اسپیشلسٹ ڈاکٹرز کو مراعات کے ساتھ پنجاب میں لانے کے پروگرام کا اعلانات بھی کیے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز کو نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ پر بریفنگ میں بتایا گیا کہ لاہور میں قائم ہونے والا 915 بیڈز کا کینسر ہسپتال دو مراحل میں مکمل ہوگا۔ کینسر انسٹی ٹیوٹ میں پیڈز انکالوجی، اپریشن تھیٹر، 10 ریڈایشن تھراپی بنکر، آئی سی یو اور 30 بیڈز کا ایمرجنسی وارڈ بنے گا۔ ویٹنگ ہال اور 24 بیڈز کے ساتھ تیمارداروں کے قیام گاہ بنے گی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ مرکزی عمارت میں بون میرو سینٹر، کینسر کیئر کلینک، ڈاکٹر ریزیڈینسیز اور مسجد پہلے مرحلے میں تعمیر ہو گی۔ دوسرے مرحلے میں 300 بیڈز پر مشتمل نئی بلڈنگ اور پارکنگ پلازہ بھی بنے گا۔ پہلے سرکاری کینسر ہسپتال میں ریڈی ایشین تھراپی، کیموتھراپی، اینڈوسکوپی اور دیگر سہولتیں میسر ہونگی۔ کینسر ہسپتال کے سنگ بنیاد کے بعد دعا خیر بھی کی گئی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے پراجیکٹ کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے خصوصی معاونت پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف، اسحاق ڈار اور دیگر کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کے سنگ بنیاد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اچھے ڈاکٹرز کو پنجاب میں گھر، گاڑی اور اچھی تنخواہ دیں گے۔ عوام کی زندگی میں بہتری لانے والا ہر کام میری ترجیح ہے۔ چار سال میں عام کی صحت کیلئے تمام ضروری اقدامات کر کے جائیں گے۔ ہر شہر میں کارڈیالوجی، نیورولوجی، پیڈز اور ڈائیلسز سینٹرز بنانا چاہتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ کینسر کے کسی مریض کو علاج سے انکار نہیں ہوگا۔ لاکھوں زندگیوں کے لیے امید کا دیا جلا رہے ہیں۔ پہلے سرکاری کینسر ہسپتال میں کے پی کے، سندھ اور دیگر صوبوں سے آنے والے مریضوں کا

محکمہ ایکسائز میں متعدد اصلاحات لائے ہیں اور انقلابی مثالیں قائم کی ہیں، شرجیل میمن

ہم نے کوشش یہ کی کہ پورے نظام کو آن لائن کی طرف لے جائیں تاکہ لوگوں کو آفس آنے کی زحمت اٹھانی نہ پڑے

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے وقفہ سوالات کے دوران سندھ اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ کے ای، حیسکو، سیپکو کے ذریعے بجلی فراہمی کے حوالے سے کمیٹی کا اجلاس ہوا حیسکو، سیپکو اور کے ای کے ایشوز کو حل کرنا کمیٹی کا مینڈیٹ تھا، انہوں نے کہا کہ اسپیکر صاحب رولنگ دیں کہ کمیٹی کے فیصلوں پر عمل درآمد کیا جائے اور تینوں کمپنیوں کے سربراہوں کو یہاں بلوائیں کمیٹی نے جو رائے دی تھی ان پر عملدرآمد کروائیں اگر نہیں کرسکتے تو ان کے خلاف قانون کے دائرے کے مطابق کارروائی کی جائے، انہوں نے مزید کہا کہ خیراتی ادارے سرٹیفائی ہوتے ہیں اور ان کو ہی ٹیکس استثنا حاصل ہوتا ہے۔ قدرتی آفتوں سیلاب یا زلزلے میں کوئی باہر سے امداد لاتا ہے تو اس سے ٹیکس نہیں لیا جاتا خیراتی اداروں کی گاڑی کے ذاتی استعمال سے متعلق سوال مفروضوں پر مبنی ہے خیراتی ادارے کی گاڑی ذاتی استعمال میں لانے سے گاڑی ضبط بھی ہوسکتی ہے اور جرمانہ بھی عائد ہوسکتا ہے۔ خیراتی اداروں کو معلوم ہے کہ ان کو کون کون سی مراعات حاصل ہیں۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ ہم محکمہ ایکسائز میں متعدد اصلاحات لائے ہیں اور انقلابی مثالیں قائم کی ہیں سوک سینٹر میں قطار کا نظام لایا گیا ہے اور ایئر کنڈیشنر و پانی وغیرہ کا بندوبست کیا گیا ہے۔

لاہور میں گرین لاک ڈاؤن نافذ، آلودگی پھیلانے والے کئی کاموں پر پابندی عائد

تعمیراتی کاموں، رکشوں پر مکمل پابندی عائد، رات 8 بجے کے بعد باربی کیو، اوپن فوڈ پوائنٹس بند ہوں گے

لاہور (این این آئی) لاہور میں بڑھتی ہوئی سموگ کو کنٹرول کرنے کے لئے مختلف علاقوں میں گرین لاک ڈاؤن نافذ کردیا گیا جس کے تحت آلودگی پھیلانے والے کئی کاموں پر پابندی ہوگی۔ محکمہ ماحولیات کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ڈیوس روڈ، ایجرٹن روڈ، ڈیورنڈ روڈ اور کشمیر روڈ ہاٹ سپاٹ ایریا میں شامل ہیں، اس کے علاوہ شملہ پہاڑی سے گلشن سینما اور ایبٹ روڈ بھی ہاٹ سپاٹ ایریا میں شامل ہیں۔ شملہ پہاڑی سے ریلوے اسٹیشن اور ایمپریس روڈ بھی ہاٹ سپاٹ ایریا ڈکلیئر کر دیئے گئے ہیں، کوئین میری روڈ اور اس کے اطراف کو بھی آلودگی والے علاقوں میں شامل کیا گیا ہے۔ ڈی جی ماحولیات عمران حامد شیخ نے گرین لاک ڈاؤن کے آرڈر جاری کیے، گرین لاک ڈاؤن والے علاقوں میں تعمیراتی کاموں پر اور رکشوں پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ گرین لاک ڈاؤن والے علاقوں میں کمرشل جنریٹرز کے استعمال پر بھی گرین لاک ڈاؤن کے علاقوں میں پابندی ہوگی جبکہ رات 8 بجے کے بعد ان علاقوں میں باربی کیو، اوپن فوڈ پوائنٹس بند ہوں گے

عوام کے کمزور کاندھوں کو ریلیف کی اشد ضرورت ہے، مولانا عبدالماجد

عالمی مارکیٹ کے تناسب سے پیٹرول قیمتوں میں کمی کی جائے، صوبائی صدر امن کونسل

کراچی (این این آئی) صوبائی صدر پاکستان امن کونسل سندھ، مہتمم مدرسہ تعلیم القرآن، امام وخطیب جامع مسجد الخلیل بھٹائی آباد گلستان جوہر مولانا عبدالماجد فاروقی نے کہا ہے کہ ملک میں موجودہ مہنگائی کے طوفان کو قابو کرنے کے لیے اقدامات کئے جائیں اور اس سلسلے میں عالمی مارکیٹ کے تناسب سے پیٹرول کی قیمتوں میں فی الفور کمی کی جائے مہنگائی کے طوفان نے عوام کا جینا محال کر دیا ہے اگر مہنگائی کے طوفان کو کنٹرول نہ کیا گیا تو عوام کا صبر جواب دے جائے گا اور عوام مہنگائی کے کنٹرول میں حکومت کی ناکامی کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے گی، عوام کے کمزور کاندھے مہنگائی کا بوجھ اٹھا اٹھا کر تھک چکے ہیں انہیں ریلیف کی اشد ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار مولانا عبدالماجد فاروقی نے امن کونسل کے صوبائی دفتر گلستان جوہر میں قاری محمد اسحاق چشتی کی قیادت میں آنے والے مذہبی رہنماؤں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا

ساہیوال، بوگس میٹر لگا کر بجلی چوری پکڑنے پر واپڈا کے دو لائن مین اغواء

سیاسی جماعت کے سابق عہدیدار بھائیوں، خواتین سمیت 9 کیخلاف مقدمہ درج، 3 گرفتار

ساہیوال (این این آئی) چک 138 نو ایل میں پرائیوٹ بوگس میٹر لگا کر بجلی چوری کرنے واپڈا میپکو کے دو اہلکاروں کو اغوا کر کے کمرہ میں بند کرنے پر سیاسی جماعت کے سابق عہدیدار سمیت 9 کے خلاف مقدمہ درج کر کے تین افراد کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق واپڈا میپکو سٹی کی ایک ٹیم لائن سپرنٹنڈنٹ محمد سلیم کے ہمراہ پہنچی تو احسان آباد کالونی میں ایک بجلی صارف محمد امجد نے اصل میٹر نمبر 66 3 2 8 5 کی بجائے بوگس میٹر نمبر 039674 لگا کر بجلی کی سپلائی جاری تھی اور بوگس میٹر لگا کر بجلی چوری محمد سلیم لائن سپرنٹنڈنٹ نے پکڑ لی تو بجلی چور محمد امجد نے لائن سپرنٹنڈنٹ کو گالم گلوچ کرنا شروع کر دیا۔ محمد امجد، محمد ارشد، محمد خالد، محمد صفدر، عاشق، ثاقب خواتین ساجدہ، عابدہ، راشدہ، وغیرہ نے محمد ندیم اور محمد اکرام لائن مینوں کو میٹر کاٹنے پر قابو کر کے کمرہ میں بند کر دیا۔ میٹر چھین لیا۔ پتھراؤ اور تشدد کر کے سرکاری وردی پھاڑ دی۔ اس دوران 15 کال پر پولیس آگئی

لاہور، اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان مقامی ہوٹل میں منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

سینیٹ کی کمیٹیوں کا اجلاس بغیر کورم شروع کرنا معمول بن گیا

سینیٹ کی فنکشنل کمیٹی برائے کم ترقیاتی علاقوں کے مسائل کا اجلاس بغیر کورم کی ہی شروع ہوا

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی کمیٹیوں کا اجلاس بغیر کورم شروع کرنا معمول بن گیا، سینیٹ کی فنکشنل کمیٹی برائے کم ترقیاتی علاقوں کے مسائل کا اجلاس بغیر کورم کی ہی شروع کردیا گیا، کمیٹی نے پارک روڈ پر فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کی سوسائٹی میں بضابطگیوں کی انکوائری ایف آئی اے سے کروا کر 30 دنوں میں رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ بدھ کو سینیٹ کی فنکشنل کمیٹی برائے کم ترقیاتی علاقوں کے مسائل کا اجلاس چیئرمین سینیٹر آغا شاہ زیب درانی کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں صرف سینیٹر فلک ناز چترالی شریک ہوئیں چیئرمین کمیٹی نے کورم کے بغیر ہی کمیٹی کا اجلاس شروع کر دیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل فنانس، رحمت علی صدر نیشنل بینک نیس پاک اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ ایف جی ای ایچ اے نے ایک سوسائٹی پارک روڈ میں بنائی ہے، وکیلوں والی سوسائٹی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 4.7 ارب روپے پر یہ کنٹریکٹ ایوارڈ ہوا تھا ایڈوانس وبائلزیشن 10 فیصد سے بڑھ کر 15 فیصد کردی، 2 فیصد کام کرنے کے بعد 70 کروڑ روپے ادا کئے گئے جبکہ زمین کا قبضہ ادارے کے پاس بھی نہیں ہے

چیف سیکرٹری بلوچستان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مظفرآباد کے مضافاتی قصبہ اور تجارتی مرکز گڑھی دوپٹہ سے افغانیوں کا انخلاء ممکن نہ بنایا جاسکا

افغانیوں کی بڑی تعداد نے گڑھی دوپٹہ میں غیر قانونی طور پر رہائشیں اختیار کر رکھی ہیں

مظفرآباد گڑھی دوپٹہ (این این آئی) دارالحکومت مظفرآباد کے مضافاتی قصبہ اور تجارتی مرکز گڑھی دوپٹہ سے افغانیوں کا انخلاء ممکن نہ بنایا جاسکا، قانونی اور غیر قانونی طور پر مقیم افغانیوں کی ملک بدری کے اقدامات جاری ہیں جبکہ مختلف علاقوں سے افغانیوں کے انخلاء کا عمل جاری ہے لیکن گڑھی دوپٹہ سے افغانیوں کا انخلاء ممکن نہیں ہوسکا۔ افغانیوں کی بڑی تعداد نے گڑھی دوپٹہ میں غیر قانونی طور پر رہائشیں اختیار کر رکھی ہیں ان افغانیوں کے پاس مہاجر کارڈ اور دیگر دستاویزات بھی نہیں، گڑھی دوپٹہ پولیس افغانیوں کو تحفظ مہیا کر رہی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سیاسی وسماجی راہنماؤں خواجہ عامر، حسنین کاظمی، طارق علی عثمانی، راجہ یاسر علی، محمود مغل، عرفان ستی اور دیگر نے کہا کہ اسوقت گڑھی دوپٹہ اور مضافات میں افغانیوں کی بڑی تعداد غیر قانونی طور پر مقیم ہے۔ غیر قانونی طور پر مقیم افغانیوں کے انخلاء کے لیے گڑھی دوپٹہ کی انتظامیہ اور پولیس کوئی کارروائی نہیں کر رہی بلکہ افغانیوں کو تحفظ مہیا کیا جارہا ہے۔ گڑھی دوڈہ اور مضافات میں افغانیوں نے بڑے پیمانے پر غیر قانونی کاروبار شروع کر رکھے ہیں، افغان تاجروں کے روپ میں سمگل شدہ اشیاء فروخت کرتے ہیں اور پھیری کے کاروبار بھی کررہے ہیں

ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی اور سید امین الحق سے اورنگی ٹاؤن ٹریڈرز ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

اورنگی ٹاؤن ٹریڈرز ایسوسی ایشن کے وفد نے ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کا کراچی کے عوام کو بجلی کے نرخوں میں کمی کا تحفہ دینے پر شکریہ ادا کیا

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی اور مرکزی کمیٹی کے رکن سید امین الحق سے مرکز بہادرآباد پر اورنگی ٹاؤن ٹریڈرز ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں اورنگی ٹریڈرز ایسوسی ایشن کے وفد میں جنرل سکریٹری شہباز نومی، سینئر وائس پریذیڈنٹ عبدالقادر شیخانی، وائس پریذیڈنٹ عدنان احمد خان و دیگر اراکین موجود تھے۔ ملاقات کے دوران اورنگی ٹاؤن ٹریڈرز ایسوسی ایشن نے ایم کیو ایم کی جانب سے وزیراعظم پاکستان شہباز شریف صاحب پر بجلی کے نرخوں میں کمی پر جس طرح زور دینے پر شکریہ ادا کیا، کراچی کے عوام کو بجلی کی قیمتوں میں کمی کا تحفہ دینے پر شکریہ ادا کیا اور اورنگی ٹاؤن میں تاجروں کو درپیش دیگر مسائل پر گفتگو کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا بڑھتے ہوئے ایم کیو ایم ایک مڈل کلاس طبقے کی نمائندگی جماعت ہے اور ہم کو اس بات کا بخوبی اندازہ ہے

ژوب، ماڈل سکول کے طالب علموں کا پرنسپل کے تبادلے کیخلاف کا احتجاج، مین شاہراہ بلاک کردی

کوئٹہ (این این آئی) ژوب ماڈل اسکول کے طالب علموں نے اسکول پرنسپل کے تبادلے کے خلاف کا احتجاج کرتے ہوئے ژوب ڈی آئی خان شاہراہ بلاک کردی شاہراہ بند ہونے سے گاڑیوں کی لمبی قطار لگ گئیں، اسکول کے پرنسپل کا کہنا ہے کہ اسکول کے نویں دسویں جماعت کے طلبہ کا امتحان لیا جائے گا۔ ژوب کے گورنمنٹ ماڈل اسکول کا کلرک 26 اکتوبر کو اسکول کے نہم ودہم جماعت کے طالب علموں کی امتحانی فیس کے 23 لاکھ روپے جوئے میں ہار گیا تھا

ڈی آئی خان، خونی ٹرک نے دو موٹر سائیکل سواروں کی جان لے لی

ڈی آئی خان (این این آئی) تیز رفتار خونی ٹرک نے دو موٹرسائیکل سواروں کی جان لے لی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثہ چشمہ روڈ پر مندرہ پل کے قریب پیش آیا، جہاں تیز رفتار ٹرک نے موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا، حادثے میں موٹر سائیکل پر سوار دو افراد جاں بحق ہوگئے

صحبت پور، اسسٹنٹ کمشنر پکوڑوں کو ڈھانپنے کے احکامات دے رہے ہیں

مائیکروسافٹ کا باضابطہ طور پر سکائپ کے خاتمے کی تاریخ کا اعلان

صارفین کے لیے سکائپ کو ٹیمز کا مفت ورژن سے تبدیل کردیا جائے گا، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) مائیکروسافٹ کمپنی نے باضابطہ طور پر اعلان کردیا ہے کہ وہ 5 مئی کو سکائپ آن لائن کالنگ سروس کو بند کردے گی اور سکائپ کو صارفین کے لیے مائیکروسافٹ ٹیمز کے مفت ورژن سے تبدیل کردیا جائے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کمپنی نے 21 برس قبل شروع کی جانے والی سکائپ سروس کے صارفین کی حوصلہ افزائی کی اور کہا کہ وہ اب مفت ٹیمز ایپ استعمال کریں۔ سکائپ سروس نے صارفین کی توجہ اس وقت حاصل کی جب اسے لانچ کیا گیا کیونکہ اس نے لوگوں کو فون کمپنیوں کو ادائیگی کیے بغیر کال کرنے کی اجازت کے قابل بنا دیا تھا۔ لیکن موبائل فون کے دور میں یہ ایپ اب زوال پذیر ہوگئی اور کورونا وبا کے دوران اس میں کوئی خاص بحالی نہیں ہوئی۔ انٹرنیٹ اور ایپس کے عروج کے زمانے میں لوگ بھول گئے کہ سکائپ اب بھی دستیاب ہے کیونکہ بات چیت اور کالز کے بہت سے دوسرے آپشنز مہیا ہوگئے ہیں۔

علی امین گنڈاپور کے بیانات سے عمران خان کی تحریک کو نقصان پہنچے گا، شہرام خان ترکئی

مرکزی قیادت سے مطالبہ ہے کہ وزیر اعلیٰ کے پی کے بیان کی تحقیقات ہونی چاہیے، رکن قومی اسمبلی پی ٹی آئی

پشاور (این این آئی) تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی شہرام خان ترکئی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ کے پی کے ایسے بیانات سے بانی پی ٹی آئی کی تحریک کو نقصان پہنچے گا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ مرکزی قیادت سے مطالبہ ہے کہ وزیر اعلیٰ کے پی کے بیان کی تحقیقات ہونی چاہیے۔ شہرام ترکئی نے کہا کہ ہماری توجہ بانی پی ٹی آئی اور بے گناہ قیدیوں کی رہائی پر ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ اپنی توانائیاں امن وامان کی بحالی اور گڈ گورننس پر مرکوز رکھیں۔ یاد رہے کہ علی امین گنڈاپور نے گزشتہ روز پارٹی کے بعض رہنماؤں پر سازشوں کا الزام لگایا تھا۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے بیانات پر پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی سیاسی اور کور کمیٹی نے سخت ردعمل دیتے ہوئے معاملے کو بانی پی ٹی آئی کے سامنے اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مرکزی قائدین نے واٹس ایپ گروپ میں مؤقف دیا ہے

بجلی ٹیرف ریلیف 3 ماہ کیلئے، لائف لائن صارفین کو فائدہ نہیں ہوگا، مشیر خزانہ پختونخوا

حکومت کا پیش کردہ عارضی پیکیج دراصل پی ٹی آئی حکومت کے سرمائی پیکیج کی نقل ہے، مزمل اسلم کا ردعمل

پشاور (این این آئی) مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے کہا ہے کہ بجلی ٹیرف ریلیف صرف تین ماہ کے لیے دیا گیا ہے جب کہ اس میں لائف لائن صارفین کے لیے کچھ بھی فائدہ نہیں ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کے بجلی ٹیرف میں ریلیف سے متعلق اعلان پر کڑی تنقید کرتے ہوئے مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کا پیش کردہ عارضی پیکیج دراصل پی ٹی آئی حکومت کے سرمائی پیکیج کی نقل ہے، مگر اس سے نہ صنعت، نہ زراعت اور نہ ہی عوام کو کوئی حقیقی فائدہ ملنے والا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پی ٹی آئی دور حکومت میں دیا گیا سرمائی پیکیج اس عارضی اسکیم کے مقابلے میں کہیں زیادہ منافع بخش تھا۔ وزیر اعظم کا پیش کردہ ٹیرف صرف 10 روپے پیٹرولیم لیوی اور سہ ماہی فیول ایڈجسٹمنٹ پر مبنی ہے، جس میں آئی پی پیز کے ساتھ ہونے والی بات چیت کی شرائط کا حصہ برائے نام ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر یہ واقعی ریلیف ہے تو پھر عوام نے سردیوں میں بجلی کا استعمال کیوں کم رکھا؟ کیا اس نئے پیکیج سے کھپت بڑھے گی؟

اسلام آباد ہائیکورٹ، پاکستان نرسنگ کونسل کی صدر فرزانہ ذوالفقار کی تعیناتی کالعدم

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل کی صدر فرزانہ ذوالفقار کی تعیناتی کا نوٹی فکیشن کالعدم قرار دیتے ہوئے جواد امین خان کو صدر اور شاہد حسین کو نائب صدر کے عہدے پر بحال کرنے کا حکم دے دیا، فیصلے پر عملدرآمد کر کے رپورٹ ایڈیشنل رجسٹرار جوڈیشل کے پاس جمع کرائیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس طارق محمود جہانگیری نے 30 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کردیا

قتل کی واردات، باغ ٹیل میں فائرنگ سے عبدالخالق جمالی جاں بحق

اوستہ محمد (یو این اے) تھانہ گنداخہ کی حدود میں واقع باغ ٹیل کے علاقے میں نامعلوم موٹرسائیکل سوار حملہ آوروں نے فائرنگ کر کے عبدالخالق جمالی کو قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔

اٹک، وزیر قانون ومواصلات پنجاب ملک صہیب احمد ڈی سی آفس میں محرم الحرام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

جیکب آباد میں بدامنی، مزید 2 ہندو خاندان کے 12 افراد بھارت منتقل

چند ماہ کے دوران 400 سے زائد ہندو خاندانوں کی بھارت نقل مکانی کرنے کا انکشاف

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں بدامنی، مزید 2 ہندو خاندان کے 12 افراد بھارت منتقل، چند ماہ کے دوران 400 سے زائد ہندو خاندانوں کی بھارت نقل مکانی کرنے کا انکشاف۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں بڑھتی ہوئی بدامنی کی وجہ سے ہندو برادری کی جانب سے بھارت نقل مکانی کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ روز جیکب آباد سے تعلق رکھنے والے مزید 2 خاندانوں کے 12 افراد بھارت منتقل ہونے کے لیے روانہ ہوچکے ہیں، ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے دیپک کمار اور سندیپ کمار اپنے خاندان سمیت جیکب آباد ریلوے اسٹیشن پہنچے اور لاہور کے لیے روانہ ہوگئے جہاں سے وہ واہگہ بارڈر کے راستے بھارت روانہ ہوجائیں گے، ہندو برادری کے 2 خاندانوں کا ہمیشہ کے لیے بھارت منتقل ہونے پر ہندو برادری کی بڑی تعداد ریلوے اسٹیشن پہنچی اور انہیں آہوں سسکیوں کے ساتھ الوداع کیا، نقل مکانی کرنے والے دیپک کمار نے بتایا کہ امن وامان کی صورتحال خراب ہے جس کی وجہ سے کاروبار تباہ ہوچکا ہے اور عدم تحفظ کا شکار ہوچکے ہیں اپنی جنم بھومی کو چھوڑ کر جانا آسان نہیں لیکن مجبور ہیں کیا کریں

PAKISTAN AERONAUTICAL COMPLEX KAMRA
(AVIONICS PRODUCTION FACTORY)

OPEN TENDER NOTICE

URAAN PAKISTAN
تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا

1. Sealed tender is invited from NTN and Sales Tax Registered firms for procurement of following tender. Tender is to be addressed to **Managing Director APF, PAC Kamra Distt Attock** and must be deposited before 1130 Hrs on date of opening mentioned as under:-

S NO	Tender No	Description of Stores	Time & Date of opening
(a)	APF/1920/182/LOG(PC-285/26)	Proc of spares	At 1200 Hrs on 24-09-2026
(b)	APF/1920/170/LOG(PC-288/26)	Proc of spares	
(c)	APF/1920/190/LOG(PC-289/26)	Proc of consumable spares	
(d)	APF/1920/190/LOG(PC-290/26)	Proc of components & mechanical items	
(e)	APF/1920/240/LOG(PC-291/26)	Proc of components	

2. For further details please visit PPRA website **www.ppra.org.pk** and PAC website **www.pac.org.pk** .

DIRECTOR LOGISTICS (S&A)
APF,PAC KAMRA : DISTT ATTOCK
CONT NO: 051- 9099-6289

PID(I)2272/26

لاہور، صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق تقریب سے خطاب کررہے ہیں

کے الیکٹرک کا متبادل موجود ہونا چاہیے، مصطفیٰ کمال

حادثات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کو ایک کروڑ روپے اور زخمیوں کو 50 ہزار روپے کا معاوضہ دیا جائے

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے پریس کانفرنس کے دوران بجلی کی قیمتوں میں کمی اور ٹریفک حادثات کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے وزیراعظم پاکستان کے اعلان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ حکومت نے بجلی کی قیمتوں میں کمی کا بڑا اقدام اٹھایا ہے، جس سے عوام کو ریلیف ملے گا۔ وزیر صحت نے کہا کہ وزیراعظم نے بجلی کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کیا ہے جس سے عوام کو ایک بڑی سہولت ملے گی۔ مصطفیٰ کمال نے مزید کہا کہ جون سے اب تک بجلی کی قیمتوں میں 18 روپے کی کمی کی گئی ہے، جو کہ اس مہنگائی کے دور میں ایک بڑا اقدام ہے۔ انہوں نے عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں کمی کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ یہ قیمتیں عالمی سطح پر بھی کم ہوئیں ہیں، لیکن آئی ایم ایف کی شرائط کے تحت ہم اپنی مرضی سے کسی قیمت میں کمی نہیں کر سکتے۔ وزیر صحت نے کراچی میں کے الیکٹرک کی مونوپولی پر بھی تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ کراچی میں اس کے علاوہ کوئی آپشن نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر انہیں موقع ملا تو وہ دوسری بجلی فراہم کرنے والی کمپنیوں کو موقع دیں گے، تاکہ عوام کو مختلف آپشنز مل سکیں۔ انہوں نے کہا کہ کے الیکٹرک کا متبادل موجود ہونا چاہیے

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون وفیکس 0853-310203 Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

SPORTS سپورٹس

آکلینڈ، سان فرانسسکو یونی کورنز کے فن ایلن واشنگٹن فریڈم کے خلاف میچ میں شاٹ کھیل رہے ہیں

ابتدائی مشاورت میں 25 رکنی اسکواڈ منتخب

اسکواڈ میں فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی کا نام بھی شامل ہے، تاہم محمد رضوان اور بابراعظم اِن کھلاڑیوں میں شامل نہیں ہیں، صحافی کا دعویٰ

اسلام آباد(سپورٹس ڈیسک) بنگلادیش اور ویسٹ انڈیز کیخلاف سیریز کیلئے سلیکشن کمیٹی و ہیڈکوچ نے مشاورت سے ابتدائی طور پر 25 رکنی اسکواڈ منتخب کرلیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر صحافی کی جانب سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ سلیکشن کمیٹی و ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے مشاورت سے ابتدائی طور پر دورہ بنگلادیش اور ویسٹ انڈیز کیلئے 25 رکنی دستے کا انتخاب کرلیا ہے، جس میں فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی کا نام بھی شامل ہے۔ تاہم محمد رضوان اور بابراعظم اِن کھلاڑیوں میں شامل نہیں ہیں۔ سابق کپتان بابراعظم اسکواڈ میں سلیکشن نہ ہونے پر پریشان ہیں، انہوں نے دوروز قبل ڈائریکٹر اکیڈمیز و ہائی پرفارمنس سینئر عاقب جاوید سے بھی ملاقات کی، جس میں انہوں نے اپنے تحفظات اور پریشانی سے آگاہ کیا۔

سٹار بیٹر بابراعظم آسٹریلین بگ بیش لیگ میں ان ایکشن ہونگے

بابراعظم ہماری ٹیم کیلئے قیمتی اثاثہ ہیں، سڈنی سکسرز کے جنرل منیجر ریچل ہائینز

اسلام آباد(راشد محمود) پاکستان ٹیم کے سابق کپتان بابراعظم بگ بیش لیگ کے سیزن 15 میں ڈیبیو کریں گے، بابراعظم کا آسٹریلوی بگ بیش لیگ کی فرنچائز سڈنی سکسرز کے ساتھ مکمل سیزن کا معاہدہ ہوا ہے جس کی تصدیق فرنچائز نے کردی ہے۔ سڈنی سکسرز کے مطابق بابراعظم بگ بیش لیگ 15 میں ان کی فرنچائز کی نمائندگی کریں گے، پاکستان ٹیم کے سابق کپتان کے ساتھ یہ معاہدہ بی بی ایل کی تاریخ کے چندسب سے بڑی معاہدوں میں سے ایک ہے، فرنچائزنے بتایا کہ لیگ کے قوانین کے تحت کوئی بھی ٹیم ڈرافٹ سے قبل کسی بھی ایک انٹرنیشنل پلیئر کے ساتھ براہ راست معاہدہ کرسکتی ہے۔ سڈنی سکسرز کا حصہ بننے پر بابراعظم نے کہا کہ اس ٹیم کا حصہ بننے پر فخرمحسوس کررہاہوں، ورلڈکلاس بیٹر اسٹیون اسمتھ اور جوش ہیزل ووڈ کے ساتھ ڈریسنگ روم شیئر کرنےکیلئے پرجوش ہوں، آسٹریلیا میں بہت کرکٹ کھیلی ہے مگر بی بی ایل میں ڈیبیو کا شدت سے منتظر ہوں۔ سڈنی سکسرز کے جنرل منیجر ریچل ہائینز نے بابراعظم کو سکسرز فیملی میں خوش آمدید کہتے ہوئے کہا ہے کہ باصلاحیت اور انتہائی تجربہ کار کھلاڑی بابراعظم ہماری ٹیم کے لیے نہایت قیمتی اثاثہ ہیں، وہ ایک ورلڈکلاس کھلاڑی اور ثابت شدہ لیڈر ہیں۔

ورلڈ باکسنگ چیلنج، پاکستانی خاتون نے سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا

سیمی فائنل میں لاورا اکرم کا مقابلہ منگولیا کی ارڈنڈلائی سے ہوگا

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان کی خاتون باکسر لاورا اکرم نے جمہوریہ چیک میں جاری ورلڈ باکسنگ چیلنج کے سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ لاورا اکرم نے فلسطین کی خاتون باکسر نورا کوشکست دی۔ 57 کے جی کیٹگری کے سیمی فائنل میں لاورا اکرم کا مقابلہ منگولیا کی ارڈنڈلائی سے ہوگا۔ لاورا اکرم ورلڈ باکسنگ چیلنج میں میڈل جیتنے والی پاکستان کی پہلی خاتون ایلیٹ باکسر ہوں گی۔ 2003 میں نعمان کریم نے ورلڈ چیمپئن شپ میں برانز میڈل جیتا تھا۔ لاورا اکرم نے گزشتہ برس کراچی میں ہونے والی چیمپئن شپ میں کامیابی حاصل کی تھی۔ لاروا اکرم برٹش پاکستانی ہیں

اوکمونٹ، یو ایس اوپن گالف ٹورنامنٹ میں میٹ فٹز پیٹرک شاٹ کھیل رہے ہیں

آسٹریلیا کے فاسٹ بولر مچل اسٹارک نے جنوبی افریقا کیخلاف فائنل میں متعدد ریکارڈ بنادیے

لارڈز(این این آئی) آسٹریلیا کے فاسٹ بولر مچل اسٹارک نے جنوبی افریقا کے خلاف ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ فائنل میں متعدد ریکارڈ اپنے نام کرلیے۔ آسٹریلیا کے فاسٹ بولر مچل اسٹارک نے لارڈز کرکٹ گراؤنڈ میں جنوبی افریقا کے خلاف فائنل کی دوسری اننگز میں 58 رنز کی اننگز کھیلی اور اپنی ٹیم کو بھنور سے نکالنے میں اہم کردار ادا کیا۔ اسٹارک نے نویں نمبر پر بیٹنگ کے لیے آئے جب آسٹریلیا کی دوسری اننگز میں 73 رنز پر 7 وکٹیں گرچکی تھیں۔ جنوبی افریقا نے میچ پر گرفت مضبوط کرلی تھی لیکن اسٹارک کی بیٹنگ نے ٹیم کے ٹوٹل کو 207 رنز تک پہنچایا اور ٹیم کی برتری 282 رنز تک پہنچادی۔ انہوں نے ایلکس کیری کے ساتھ آٹھویں وکٹ کے لیے 61 رنز کی اہم شراکت قائم کی۔ اس کے بعد اسٹارک نے نیتھن لیون کے ساتھ تیسرے دن آسٹریلیا کی دوسری اننگز کا آغاز کیا تاہم دو رنز بنانے کے بعد لیون آوٹ ہوئے لیکن پھر مچل اسٹارک نے جوش ہیزل ووڈ کے ساتھ مل کر 59 رنز بنائے جواب کسی بھی آئی سی سی ٹورنامنٹ کے فائنل میں 10 ویں وکٹ کے لیے سب سے بڑی شراکت ہے۔ جوش ہیزل ووڈ 17 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ اسٹارک 58 رنز کیساتھ ناٹ آؤٹ رہے۔

ساؤتھ ایشین چیمپئن شپ میں پاکستان کے باڈی بلڈر اسامہ سعید نے گولڈ میڈل جیت لیا

تھم پو(این این آئی) پاکستان کے باڈی بلڈر اسامہ سعید نے ساؤتھ ایشین چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل جیت لیا۔ اسامہ سعید نے بھوٹان میں ساؤتھ ایشین ایتھلیٹک فزیکس کا طلائی تمغہ اپنے نام کیا۔ انہوں نے 175 سینٹی میٹر قد کی کیٹیگری میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ پاکستانی باڈی بلڈر نے بھارتی اور افغانستان کے ایتھلیٹس کو پیچھے چھوڑا۔ واضح رہے کہ 15 ویں ساؤتھ ایشین ایتھلیٹک فزیکس چیمپئن شپ 15 جون تک بھوٹان میں جاری رہے گی۔

دبئی، مکسڈ مارشل آرٹس ایونٹ فائٹنگ چیمپئن شپ آج منعقد ہوگا

محمد دی پنشر موکایف اور قازقستان کے سٹرائیکر علی شیر گبدلین آمنے سامنے ہوں گے

دبئی(این این آئی) دبئی میں مکسڈ مارشل آرٹس ایونٹ 971 فائٹنگ چیمپئن شپ 14 جون کو منعقد ہوگا جس میں محمد موکایف اور علی شیر گبدلین کے درمیان اہم مقابلہ ہوگا۔ امارات نیوز ایجنسی وام کے مطابق 971 فائٹنگ چیمپئن شپ ایک بار پھر 14 جون کو دبئی میں کوکا کولا ایرینا میں منعقد ہورہی ہے، جو اپنی نوعیت کا سب سے بڑا مکسڈ مارشل آرٹس (ایم ایم اے) ایونٹ قرار دیا جارہا ہے۔ اس یادگار رات کا مرکزی مقابلہ بینٹم ویٹ کیٹیگری میں ہوگا، جس میں عالمی شہرت یافتہ فائٹر دی پنشر موکایف اور قازقستان کے تجربہ کار سٹرائیکر علی شیر گبدلین آمنے سامنے ہوں گے۔ محمد موکایف اپنی اعلیٰ سطح کی گرفت اور شاندار ناقابل شکست کارکردگی کے ساتھ رنگ میں اتریں گے، جبکہ علی شیر گبدلین اپنی ناک آوٹ طاقت اور عالمی درجہ بندی میں تبدیلی لانے کے عزم کے ساتھ اس مقابلے میں شریک ہوں گے۔

پرتگال، برٹش اور آئرش لائنز ٹیم کے کھلاڑی پریکٹس سیشن میں مصروف ہیں

فٹ بال کی ترقی کیلئے مل کر کام کریں گے، حافظ ذکاء اللہ

سٹیک ہولڈرز، کھلاڑیوں، کوچز، ہرین، فٹبال برادری کو ساتھ لے کر چلیں گے، گفتگو

لاہور(این این آئی) پاکستان فٹبال فیڈریشن کے نائب صدور حافظ ذکاء اللہ، نوید اسلم لودھی اور ڈاکٹر محمد علی نے نومنتخب صدر محسن گیلانی کی قیادت میں پاکستان میں فٹبال کے فروغ اور ترقی کیلئے یکجان ہوکر کام کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ حافظ ذکاء اللہ نے کہا کہ کھیل کو آگے بڑھانے کیلئے فیڈریشن تمام سٹیک ہولڈرز، کھلاڑیوں، کوچز، تکنیکی ماہرین سمیت فٹبال برادری کو ساتھ لے کر چلے گی۔ انہوں نے کہا کہ صدر پی ایف ایف کی قیادت میں پاکستان فٹبال کے منظر نامے کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز رہے گی۔ فیڈریشن میں قومی سطح کی ہم آہنگی ہمارے روڈمیپ کا بنیادی اصول ہے۔ ہماری توجہ کھیل کے ڈھانچے کی تعمیر نو پر مرکوز رہے گی۔ حافظ ذکاء اللہ نے کہا کہ گزشتہ ایک دہائی میں کھیل کی ترقی کی کھوئی ہوئی رفتار کو بحال کرنے کیلئے مل کر کام کریں گے۔ مساوی صوبائی نمائندگی اور نچلی سطح پر زیادہ متحرک ہونے پر زور دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان فٹبال 2015 سے مسائل سے دوچار رہا ہے، تمام صوبوں کیلئے مواقع کو یقینی بنا کر اسے بحال کرنے کا وقت قریب آگیا ہے۔

سافٹ بال کھیل کا فروغ وقت کا تقاضا آئندہ 6 ماہ میں نیشنل یوتھ سافٹ بال مہم کا آغاز کرینگے، چوہدری عثمان

اسلام آباد(سپورٹس ڈیسک) ورلڈ سافٹ بال ڈے 2025 کے موقع پر سجاد میموریل سپورٹس کمپلیکس کوبیچک میں جوش و خروش سے بھرپور تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ملک بھر سے سافٹ بال کھلاڑیوں، کوچز، سپورٹس ماہرین، طلبا و طالبات اور میڈیا نمائندگان نے بھرپور شرکت کی۔ اس تقریب کے مہمانِ خصوصی معروف سماجی رہنما اور کھیلوں کے فروغ کے لیے سرگرم شخصیت چوہدری محمد عثمان باجوہ تھے، جنہوں نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے سافٹ بال کے کھیل کو پاکستان میں فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ سافٹ بال نہ صرف ایک صحت مند جسمانی سرگرمی ہے بلکہ یہ نوجوانوں میں ٹیم ورک، نظم وضبط، قیادت اور برداشت جیسے اہم معاشرتی اوصاف پیدا کرتا ہے۔ چوہدری عثمان باجوہ نے اپنے خطاب میں اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ پاکستان میں سافٹ بال جیسے کھیل ابھی تک وہ مقام حاصل نہیں کر سکے جوانہیں ملنا چاہیے تھا، حالانکہ ہمارے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے جو عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کرسکتی ہے۔ انہوں نے تعلیمی اداروں، ضلعی سطح کے کھیلوں کے ڈھانچے، اور نجی شعبے پر زور دیا کہ وہ سافٹ بال کو فروغ دینے کے لیے مشترکہ حکمتِ عملی اپنائیں اور ٹریننگ، سہولیات اور مقابلوں کے مواقع فراہم کریں۔ انہوں نے خصوصی طور پر خواتین کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ سافٹ بال خواتین کے لیے ایک مثالی کھیل ہے جو نہ صرف ان کی جسمانی فٹنس کے لیے مفید ہے بلکہ انہیں معاشرتی طور پر بااختیار بنانے کا ذریعہ بھی بن سکتا ہے۔ چوہدری عثمان باجوہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ آئندہ 6 ماہ کے دوران نیشنل یوتھ سافٹ بال مہم کا آغاز کریں گے، جس کے تحت مختلف شہروں میں ٹریننگ کیمپس، کوچنگ ورکشاپس اور انٹرسکول ٹورنامنٹس منعقد کیے جائیں گے تاکہ نیا ٹیلنٹ سامنے آسکے اور پاکستان سافٹ بال کے میدان میں بھی ایک مقام حاصل کرسکے۔

ویسٹ انڈیز اور جنوبی افریقا ویمنز کا دوسرا ون ڈے آج

ویسٹ انڈیز کے جنوبی افریقا کیخلاف سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل ہے

اسلام آباد(سپورٹس ڈیسک) ویسٹ انڈیز اور جنوبی افریقا کی خواتین ٹیموں کے درمیان تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں پر مشتمل سیریز کا دوسرا ون ڈے کرکٹ میچ آج تھری ڈبلیو ایس اوول، برج ٹان، بارباڈوس میں کھیلا جائے گا۔ میزبان ویسٹ انڈیز کی ویمنز ٹیم کو مہمان جنوبی افریقا کی ویمنز ٹیم کے خلاف تین ون ڈے میچوں کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہے۔ ویسٹ انڈیز کی خواتین کرکٹ ٹیم نے جنوبی افریقا کی ویمنز ٹیم کو 4 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ کرکٹ ویسٹ انڈیز (سی ڈبلیو آئی) کے مطابق مہمان جنوبی افریقا کی خواتین کرکٹ ٹیم اپنے دورہ ویسٹ انڈیز کے دوران میزبان ویمنز ٹیم کے خلاف تین ایک روزہ اور 3 ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ ون ڈے سیریز کا ایک میچ کھیلا جاچکا ہے جو میزبان ٹیم نے جیت لیا تھا۔ تین ون ڈے میچوں کی سیریز میں ہیلی میتھیوز میزبان ٹیم کی قیادت کریں گی جبکہ جنوبی افریقا کی ٹیم لورا وولوارڈٹ کی قیادت میں میدان میں اترے گی۔

نکولس لارکامون کروز ازول کے نئے ہیڈ کوچ مقرر

ارجنٹائن کے کوچ ویسینٹ سانچیز کی جگہ ذمہ داریاں سنبھالیں گے

اسلام آباد(سپورٹس ڈیسک) ارجنٹائن کے فٹ بالر نکولس لارکامون کو کروز ازول کا نیا ہیڈ کوچ مقرر کر دیا گیا ہے۔ کروز ازول کے صدر وکٹر ویلازکوز نے اس کا باضابطہ طور پر اعلان کیا کہ نکولس لارکامون ان کی ٹیم کے نئے مینیجر ہوں گے۔ 40 سالہ ارجنٹائن کے کوچ نکولس لارکامون یوراگوئے سے تعلق رکھنے والے 45 سالہ ویسینٹ سانچیز کی جگہ ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ ویسینٹ سانچیز نے لی ہے، جنہوں نے ارجنٹائن کے 39 سالہ مارٹن انسیلمی کی رخصتی کے بعد عبوری طور پر خدمات انجام دیں تھی۔ اسپانسر پریزنٹیشن ایونٹ سے خطاب کرتے ہوئے کروز ازول کے صدر وکٹر ویلازکوز نے کہا کہ نکولس لارکامون ان تمام معیارات پر پورا اترنے کے قابل ہیں جو ہم کوان سے چاہیں ہوں گے۔ اٹیکنگ فلسفہ، ہائی پریشر اور کھیل کا ایک انداز جوشائقین کو پرجوش کرتا ہے۔ ویلازکوز نے مزید کہا کہ ہم ایک ایسی ٹیم چاہتے تھے جوشدت کے ساتھ کھیلے اور ایک نیا پلیئنگ ماڈل اپنائے۔

بالٹی مور، ڈی ٹرائٹ ٹائیگرز اور بالٹی مور اوریلیوز کے مابین بیس بال میچ کا منظر

SHOWBIZ شوبز

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون وفیکس 0853-310203 Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

ارباز نے شان کو فلم انڈسٹری کے زوال کی وجہ قرار دیدیا

شان شاہد بطور سٹار اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کیں، انٹرویو میں اظہار خیال

کراچی (این این آئی) پاکستانی فلم انڈسٹری کے معروف اداکار ارباز خان نے سینئر اداکار شان شاہد پر تنقید کرتے ہوئے ان کو فلم انڈسٹری کے زوال کا ذمہ دار قرار دے دیا ہے۔ ارباز خان نے ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کے دوران پاکستانی سنیما کی زبوں حالی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ شان شاہد ایک وقت میں فلم انڈسٹری کے سپر اسٹار تھے، ان کا چہرہ فلم کی کامیابی کی ضمانت سمجھا جاتا تھا لیکن افسوس کہ انہوں نے بطور اسٹار اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کیں۔ ارباز خان نے شان شاہد کو غیر پیشہ ور قرار دیا اور بتایا کہ وہ 10 بجے صبح سے 6 بجے شام کے مقررہ شوٹ کے لیے دوپہر 3 بجے سیٹ پر آیا کرتے تھے، وہ روزانہ بمشکل 2 سے 3 گھنٹے کام کرتے تھے۔ انکی تاریخوں کا مسئلہ ہمیشہ پروڈیوسرز کے لیے دردسر رہا، ان کے اس غیر سنجیدہ رویے کی وجہ سے فلموں کا معیار متاثر ہوا اور پروڈکشن میں مشکلات پیش آئیں۔

عاصم اظہر نے میرب علی سے منگنی ختم کرنے کا اعلان کردیا

منگنی ختم کرنے کا فیصلہ میں نے اور میرب علی نے باہمی رضامندی کیساتھ کیا، گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف گلوکار عاصم اظہر نے اپنی منگیتر اور ابھرتی ہوئی اداکارہ میرب علی سے راہیں جدا کرلیں۔ فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر گلوکار نے رات گئے اسٹوری شیئر کرتے ہوئے میرب علی کے ساتھ منگنی ختم کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے بتایا کہ منگنی ختم کرنے کا فیصلہ انہوں نے اور میرب علی نے باہمی رضامندی کے ساتھ کیا ہے۔ انسٹا اسٹوری شیئر کرتے ہوئے عاصم اظہر نے لکھا کہ ہم کچھ ذاتی بات شیئر کرنے کے لیے چند لمحے نکالنا چاہتے تھے، کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ہمارے حمایت کرنے والوں، مداحوں، دوستوں اور خیر خواہوں کا حق ہے۔ انہوں نے لکھا کہ کافی سوچنے سمجھنے کے بعد میرب اور میں نے باہمی رضامندی سے اپنی راہیں الگ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اگرچہ ہم نے ایک ساتھ خوبصورت لمحات گزارے اور ایک ساتھ مستقبل کی امید رکھی لیکن زندگی ہمیشہ ہماری مرضی کے مطابق نہیں چلتی۔ گلوکار نے مزید لکھا کہ ہم ایک دوسرے اور خاندانوں کی دل سے عزت واحترام کرتے ہیں۔

پاکستانی معروف اداکارہ صبا قمر نے عیدالاضحیٰ پر اپنی مصروفیات سے متعلق سوشل میڈیا پر پوسٹ کردی

لاہور (این این آئی) معروف اداکارہ صبا قمر نے عید الاضحیٰ پر اپنی مصروفیات سے متعلق سوشل میڈیا پر پوسٹ کردی۔ صبا قمر نے اپنی انسٹاگرام سٹوری پر مداحوں کو بتایا کہ اس بار انہوں نے جان بوجھ کر عید کی روایتی تیاریوں سے گریز کیا، ان کا کہنا تھا میرے پیارو! میں جانتی ہوں آپ میری عید کی تصاویر کے منتظر تھے، لیکن اس بار کوئی خاص جھلک تھی ہی نہیں۔ اداکارہ نے اپنے فیصلے کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ کئی مہینے مسلسل کام اور سفر میں گزرنے کے بعد انہیں آرام کی شدید ضرورت تھی میں نے پہلی بار محسوس کیا کہ مجھے یہ سب کرنے کی ضرورت نہیں، میں نے سچا، سادہ اور روح کوسکون دینے والا آرام چنا۔ انہوں نے اپنی عید کی روٹین شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے یہ تین دن بالوں میں تیل لگا کر، مزیدار کھانے کھا کر اور خاموش دعائیں مانگتے ہوئے گزارے، ان کا کہنا تھا کہ کبھی کبھی انسان کو رک کر سانس لینے اور اپنے آپ کو وقت دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ صبا قمر نے مداحوں سے وعدہ کیا کہ وہ جلد ہی اپنی معمول کی روٹین میں واپس آجائیں گی، انہوں نے اپنے مداحوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا آپ سب کا تہہ دل سے شکریہ کہ آپ ہمیشہ مجھے سمجھتے ہیں اور میری کمی کو محسوس کرتے ہیں۔

ہالی ووڈ پروڈیوسر ہاروی وائنسٹین جنسی زیادتی کے میگا کیس میں مجرم قرار، کڑی سزا کا امکان

اسلام آباد(شوبز ڈیسک) ہالی ووڈ کے معروف پروڈیوسر ہاروی وائنسٹین کو نیویارک میں جنسی جرائم کے میگا کیس کے دوبارہ ٹرائل میں مجرم قرار دیدیا گیا۔ عالمی خبررساں ادارے کے مطابق نیویارک کی عدالت نے پروڈیوسر ہاروی وائنسٹین کو جنسی جرائم کے ری ٹرائل کے دوران 2006 کے ایک جنسی زیادتی کے الزام میں مجرم قرار دیدیا۔ عدالت نے ہاروی وائنسٹین کو جنسی جرائم کے دوسرے الزام سے بری کر دیا جب کہ تیسرے الزام پر جیوری کسی فیصلے پر نہیں پہنچ سکی۔ اس متفرق فیصلے کو وائنسٹین کے متاثرین، پراسیکیوشن، اور خود وائنسٹین کے لیے جزوی فتح یا ناکامی کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ یاد رہے کہ فلم پروڈیوسر ہاروی وائنسٹن کو اداکاراؤں کو جنسی زیادتی مقدمے میں 2020 میں دی گئی 23 سال قید کی سزا کو 2024 میں نیویارک کورٹ نے کالعدم قرار دیدیا تھا۔ جس پر تین خواتین نے سزا کو بحال کرانے کے لیے نیویارک کی اپیل کورٹ میں درخواستیں جمع کرائی تھیں اور اب دوبارہ ٹرائل ہورہا ہے۔ اگر دوبارہ ٹرائل میں وہ بے قصور ہوتے ہیں اور سزا انہیں مکمل طور پر پہلے کیس سے آزاد کردیتی ہے، تو بھی وہ 16 سال قید کے کیس میں جیل میں ہی رہیں گے۔ واضح رہے کہ ہاروی وائنسٹن پر 80 سے زائد خواتین نے جنسی زیادتی اور ہراسانی کے الزامات لگائے تھے جس کے بعد ہی دنیا میں 'می ٹو مہم' شروع ہوئی تھی۔

فیروز خان کا خود پر تنقید کرنیوالی اداکاراؤں کو کرارا جواب

اللہ نے میری زندگی سے زہریلے لوگوں کو خود بخود الگ کردیا ہے، فیروز خان

لاہور (این این آئی) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کے مقبول اداکار فیروز خان نے آخرکار ان تمام اداکاراں کو کرارا جواب دے دیا ہے جنہوں نے ان پر گھریلو تشدد کے الزامات کے بعد کام کرنے سے انکار کردیا تھا۔ خانی، اے مشتِ خاک اور حالیہ مقبول ڈرامہ اکھاڑا جیسے سپر ہٹ پروجیکٹس دینے والے فیروز خان اپنی اداکاری کے ساتھ ساتھ متنازع بیانات اور ذاتی زندگی کی وجہ سے بھی خبروں میں رہے ہیں۔ خاص طور پر اپنی سابقہ اہلیہ سیدہ علیزہ سلطان سے طلاق اور اس دوران اٹھنے والے گھریلو تشدد کے الزامات نے نہ صرف مداحوں کو حیرت میں ڈالا بلکہ شوبز انڈسٹری کے کئی افراد نے ان سے کنارہ کشی اختیار کرلی۔ فیروز خان کے خلاف اس وقت محاذ کھولا گیا جب ان کی ساتھی اداکارہ اقرا عزیز نے ڈرامہ سانول یار پیا سے علیحدگی اختیار کرلی۔ بعدازاں ایمن خان، منال خان، اشنا شاہ اور مریم نفیس جیسے نامور چہروں نے بھی کھل کر فیروز پر تنقید کی۔ اگرچہ وقت کے ساتھ کچھ تعلقات بحال ہوئے، لیکن اقرا عزیز کی جگہ ڈرامے میں درفشاں سلیم کو کاسٹ کرلیا گیا، جبکہ فیروز اب بھی اس منصوبے کا حصہ ہیں۔ حال ہی میں ایک انٹرویو میں فیروز خان نے میزبان یاسر نواز سے گفتگو کرتے ہوئے اس تمام تنازع پر کھل کر بات کی۔ ان کا کہنا تھا کہ اس سارے معاملے نے انہیں یہ سکھایا کہ روزی اللہ دیتا ہے، کوئی انسان نہیں۔ وہ نہ صرف معاشی طور پر متاثر نہیں ہوئے بلکہ ان کا ایمان بھی مزید مضبوط ہوا ہے۔



سنیتا سے کیا گیا وہ وعدہ جو گووندا پورا نہ کرسکے

بار بار کہتی رہی ہوں کہ وزن کم کریں اور دوبارہ فلمی میدان میں قدم رکھیں، سنیتا آہوجا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے اداکار سے کہا تھا کہ وہ کم از کم 20 کلووزن کم کریں اور فلموں میں دوبارہ کام شروع کریں۔ کئی عرصے سے فلموں سے دور گووندا اپنی ازدواجی زندگی کے سبب کچھ عرصے سے خوب چرچوں میں رہے ہیں، کبھی اہلیہ سے طلاق کی خبریں منظر عام پر آئیں تو کبھی ان خبروں کو مسترد کرتے ہوئے جوڑے نے بیان جاری کیا۔ ان سب کے باوجود اب یہ جوڑا ایک ساتھ ازدواجی زندگی گزار رہا ہے۔ حال ہی میں انسٹنٹ بالی وڈ کو دیے گئے ایک انٹرویو میں گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا نے بتایا کہ وہ اپنے شوہر سے بار بار کہتی رہی ہیں کہ وہ وزن کم کریں اور دوبارہ فلمی میدان میں قدم رکھیں۔ سنیتا نے بتایا کہ، برسوں پہلے گووندا نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ وہ ان کے پسندیدہ اداکار سلویسٹر اسٹالون جیسے بن جائیں گے۔ لیکن اب مجھے لگتا ہے کہ اس جنم میں تو ایسا بالکل نہیں ہوگا۔ دوران انٹرویو جب گووندا کی اہلیہ سنیتا سے پوچھا گیا کہ کیا ان کی بھارتی اداکار گووندا سے کبھی لڑائی ہوتی ہے یا کیا وہ ان کی آواز سے ڈرتے ہیں، تو انہوں نے ہنستے ہوئے جواب دیا کہ، میری گووندا سے کبھی کسی بات پر لڑائی نہیں ہوتی، سوائے ایک بات کے کہ وہ دوبارہ کام شروع کریں، لوگ انہیں بہت یاد کر رہے ہیں۔

امریکی راک بینڈ دی بیچ بوائز کے شریک بانی وگلوکار برائن ولسن چل بسے، برطانوی میڈیا کی تصدیق

لندن (این این آئی) امریکی راک بینڈ دی بیچ بوائز کے شریک بانی و گلوکار برائن ولسن چل بسے۔ برطانوی میڈیا نے برائن ولسن کے فوت ہونے کی تصدیق کی ہے، تاہم اہلِ خانہ کی جانب سے برائن ولسن کے انتقال کی وجہ نہیں بتائی گئی۔ موسیقار اور گلوکار برائن ولسن کی عمر انتقال کے وقت 82 سال تھی۔ برائن ولسن موسیقی کی دنیا کی ایک لیجنڈری شخصیت تھے، وہ مشہور امریکی راک بینڈ دی بیچ بوائز (The Beach Boys) کے بانی، مرکزی نغمہ نگار، پروڈیوسر اور تخلیقی دماغ تھے، امریکی راک بینڈ دی بیچ بوائز 60 کی دہائی میں بنایا گیا تھا۔ ان کی وجہ شہرت ان کے 1960 کی دہائی میں پاپ موسیقی میں انقلاب لانے کو دیا جاتا ہے، برائن ولسن کی موسیقی میں پیچیدہ دھنیں، گہری ہم آہنگی اور جدید پروڈکشن تکنیک کا استعمال ہوتا تھا، جو اس وقت کے لیے بالکل نیا تھا۔ وہ بینڈ کے لیے گانے لکھتے، موسیقی ترتیب دیتے اور اکثر مرکزی گلوکار بھی ہوتے تھے۔ ان کو شہرت کے عروج پر پہنچانے والا تاریخی کام 1966 میں البم پیٹ ساؤنڈز (Pet Sounds) اور اس کا گانا گڈ وائبریشن (Good Vibrations) ہے۔ پیٹ ساؤنڈ کو عظیم ترین مغربی گانوں کے البموں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے، اس البم نے دی بیٹلز (The Beatles) جیسے بینڈز کو بھی بہت متاثر کیا تھا۔

شوہر عاطف خان کی بیوی ہونے کے علاوہ ان کا کیس سے کوئی تعلق نہیں ہے، نادیہ خان

اسلام آباد(شوبز ڈیسک) پاکستان شوبز کی اداکارہ وماڈل نادیہ حسین نے شوہر کے فراڈ کیس سے متعلق ویڈیو بیان جاری کیا ہے جس میں انہوں نے یہ واضح کیا ہے کہ ان کا اس کیس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری ویڈیو پیغام میں نادیہ حسین نے بتایا کہ انہیں ضمانت قبل ازگرفتاری مل چکی ہے جو انہوں نے اس لئے لی کیوں کہ انہیں خدشہ تھا کہ ایف آئی اے انہیں گرفتار کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شوہر عاطف خان کی بیوی ہونے کے علاوہ ان کا اس کیس سے کوئی تعلق نہیں ہے اور انہیں صرف انکی شہرت کی وجہ سے اس کیس کا حصہ بنایا جارہا ہے۔ ماڈل نے ویڈیو پیغام میں بار بار واضح کیا کہ ان کا اس کیس سے 'زیرو' تعلق ہے اس لئے مجھے خبروں کی سُرخیوں سے دور رکھیں۔ نادیہ کا کہنا تھا کہ ان کے شوہر پر بھی الزام لگایا جارہا ہے اور ان کا نام استعمال کرتے ہوئے اس کیس کو بڑھانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس کیس سے متعلق رپورٹنگ کریں۔ ساتھ ہی انہوں نے یوٹیوبرز کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ کیونکہ میں ایک مشہور شخصیت ہوں اس لئے وہ میرا نام استعمال کر رہے ہیں جبکہ میرا شوہر کے آفس اور شوہر کے کام یا شوہر کا میرے کام میں کوئی عمل دخل نہیں ہے۔ یاد رہے کہ ماڈل نادیہ حسین کے شوہر پر 53 کروڑ روپے کے بینک فراڈ کا مقدمہ ہے۔

پاکستانی اداکار فہد مصطفیٰ کا 2 نئی فلمیں بنانے کا اعلان

ایک فلم 2026 اور دوسری فلم 2027 میں ریلیز کی جائے گی، میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) پاکستانی ڈرامہ اور فلم انڈسٹری کے نامور اداکار فہد مصطفیٰ نے 2 نئی فلمیں بنانے کا اعلان کیا ہے۔ ایک انٹرویو میں فہد مصطفیٰ نے اپنے آنے والے پروجیکٹس کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس سال 2 فلمیں پروڈیوس کررہے ہیں اور بہت جلد 2 نئی فلموں میں نظر آئیں گے۔ اداکار نے یہ بھی بتایا کہ ایک فلم 2026 اور دوسری فلم 2027 میں ریلیز کی جائے گی۔ انٹرویو کے دوران میزبان کی جانب سے سوال پوچھا گیا کہ سارے اداکار اپنے لیے فلم کیوں بناتے ہیں، اداکار ہمایوں سعید نے بھی فلم لوگرو میں خود کو کاسٹ کیا اور اب آپ بھی اپنے لیے فلم بنا رہے ہیں؟ اس کے جواب میں فہد مصطفیٰ نے کہا کہ جس کو فلم کرنی ہے وہ خود بنالے، میں نے آج تک اپنے لیے کوئی فلم نہیں بنائی، میں پہلی بار فلم بنا رہا ہوں اور بہت سالوں بعد بنا رہا ہوں، اس کی وجہ یہ ہی ہے کہ کوئی اور فلمیں نہیں بنا رہا، تو اس وقت اور کون سا اداکار ہے جسے آپ سینما پر بین کریں گے؟ میزبان نے ایک اور سوال پر کہا کہ رسک لینا پڑتا ہے، میں اور ہمایوں سعید یہ رسک لے رہے ہیں۔

ماہرہ خان کے کلاسیکل ڈانس کے سوشل میڈیا پر چرچے

ویڈیو میں خوبصورتی کے ساتھ جدید انداز کی جھلک بھی دکھائی دے رہی ہے

کراچی (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ اور ماڈل ماہرہ خان ایک بار پھر اپنے فن اور ڈانس کے باعث سوشل میڈیا کی زینت بنی ہوئی ہیں۔ حال ہی میں ریلیز ہونے والی ان کی فلم لوگرو کے مقبول گانے ٹوٹ گیا پر ان کی ایک کلاسیکل ڈانس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہورہی ہے۔ اس پرفارمنس میں ماہرہ خان کے ہمراہ معروف کلاسیکل ڈانسر فاطمہ امجد بھی شامل تھیں۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ دونوں فنکاراں نے سرخ اور سیاہ رنگ کے لباس زیب تن کیے ہوئے ہیں اور انہوں نے بیحد مہارت اور جذبات کے ساتھ کلاسیکل ڈانس پیش کیا۔ ویڈیو میں کلاسیکل ڈانس کی خوبصورتی کے ساتھ جدید انداز کی جھلک بھی دکھائی دے رہی ہے، جسے ناظرین کی جانب سے بے حد سراہا گیا۔ ماہرہ اور فاطمہ کی جوڑی کو سوشل میڈیا صارفین نے فن اور خوبصورتی کا امتزاج قرار دیا۔ اس ویڈیو کو ہزاروں لائکس اور کمنٹس ملے ہیں، ساتھی فنکاروں کی جانب سے بھی ماہرہ کی اس ڈانس پرفارمنس کو خوب سراہا جارہا ہے۔

بقیہ نمبر 1
۔انہوں نے کہا کہ میر محمد صادق عمرانی ان کے سینئر ہیں اور صوبائی وزیر بھی ہیں، اس لیے وہ ذاتی احترام کو برقرار رکھتے ہوئے صرف ان کے بیان پر اپنا سیاسی اور اصولی مؤقف دے رہے ہیں۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ اسلام آباد میں منعقدہ امن کانفرنس میں بلوچستان سے شریک اراکین اسمبلی اور قبائلی عمائدین کے بارے میں یہ کہنا کہ وہ گالیاں کھا کر اور بے عزت ہو کر واپس آئے ایک ایسا بیان ہے جو خود ایک سنجیدہ سیاسی فورم اور منتخب نمائندوں کے وقار کے حوالے سے سوالات پیدا کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ خود اس امن کانفرنس میں نہ صرف شریک تھے بلکہ اس کے چشم دید گواہ بھی ہیں۔ ان کے لیے یہ بات باعثِ حیرت ہے کہ اس نوعیت کا بیان سامنے آیا، کیونکہ کانفرنس کے میزبانوں اور منتظمین نے تمام شرکا، خصوصاً بلوچستان سے آنے والے نمائندوں کے ساتھ نہایت عزت و احترام اور خلوص کا مظاہرہ کیا اور پاکستان اور بلوچستان کی روایتی رسم و رواج کے مطابق بہترین مہمان نوازی کی۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ ان کی موجودگی میں کانفرنس کے دوران شرکا کے ساتھ کسی قسم کی توہین آمیز یا غیر مناسب صورتحال پیش نہیں آئی، بلکہ تمام مہمانوں کا احترام اور وقار ملحوظ رکھا گیا۔ اسی لیے 31 اگست کو اسمبلی میں دیا گیا مذکورہ بیان ان کے لیے آج بھی باعثِ حیرت ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پیپلز پارٹی بلوچستان اپنی قیادت کی پالیسی کے مطابق آئین، پارلیمان، جمہوری اداروں اور ریاستی اداروں کے احترام پر یقین رکھتی ہے اور بلوچستان کے وسیع تر مفاد میں تمام متعلقہ اداروں اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مثبت اور تعمیری انداز میں کام جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان کا یہ مؤقف کسی ذاتی اختلاف کی بنیاد پر نہیں بلکہ پارٹی پالیسی، جمہوری اقدار اور سیاسی ذمہ داری کے تحت ہے۔

بقیہ نمبر 2
کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے نئے تجویز کردہ منصوبوں پر بھی بلا تاخیر کام شروع کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ صوبے کا چہرہ ہے، شہر کی ترقی اور خوبصورتی پورے بلوچستان کی شناخت سے جڑی ہوئی ہے۔ حکومت کوئٹہ کو ایک بہتر، خوبصورت اور جدید صوبائی دارالحکومت بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کی ماضی کی خوبصورتی اور تاریخی شناخت کی بحالی کے لیے جامع حکمت عملی کے تحت عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ شہر میں بنیادی شہری سہولیات کی بہتری، انفراسٹرکچر کی ترقی اور تزئین و آرائش کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج کے منصوبوں میں معیار، رفتار اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے اور ترقیاتی کاموں میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت کوئٹہ کو ایسا خوبصورت اور منظم شہر بنانے کے لیے پرعزم ہے جہاں شہریوں کو بہتر بنیادی سہولیات میسر ہوں اور صوبائی دارالحکومت اپنی تاریخی و ثقافتی شناخت کے ساتھ ایک جدید شہر کے طور پر بھی نمایاں ہو۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایس ایم بی آر اکبر خان دشتی، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، پروجیکٹ ڈائریکٹر رفیق بلوچ سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی

بقیہ نمبر 3
ام کی جانب سے بھی بہتر انتظامی امور، علاقائی ترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے نئے انتظامی یونٹس کے قیام کا مطالبہ سامنے آیا ہے۔ سندھ سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے نئے انتظامی یونٹس کے قیام کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے مختلف علاقوں خصوصاً اندرون سندھ میں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے مسائل کا سامنا ہے، نئے انتظامی یونٹس قائم ہونے سے عوامی مسائل مقامی سطح پر زیادہ مؤثر انداز میں حل کیے جا سکتے ہیں۔ شہریوں کے مطابق اندرون سندھ کے متعدد علاقوں میں بجلی، پانی اور گیس جیسی بنیادی سہولیات بھی پوری طرح دستیاب نہیں، جبکہ سڑکوں، اسپتالوں اور اسکولوں کی کمی کے باعث عوام کو مشکلات کا سامنا ہے۔ ایک شہری نے صوبائی حکومت کی کارکردگی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ علاقے میں خاطر خواہ ترقیاتی کام نہیں ہوئے، نہ مناسب سڑکیں بنائی گئیں، نہ اسپتال اور نہ ہی مطلوبہ تعداد میں اسکول قائم کیے گئے، جس کے باعث عوام بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں۔ شہریوں نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹس کے قیام سے انتظامی امور میں بہتری کے ساتھ ساتھ وسائل کی منصفانہ تقسیم بھی ممکن ہو سکتی ہے، جبکہ عوام کو تعلیم، صحت اور بنیادی ڈھانچے کی بہتر سہولیات فراہم کی جا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی ڈھانچے میں بہتری اور اختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کرنے سے عوامی مسائل کے حل میں تیزی آ سکتی ہے اور سرکاری اداروں کی کارکردگی بھی بہتر بنائی جا سکتی ہے۔ شہریوں نے امید ظاہر کی کہ نئے انتظامی یونٹس کے قیام سے ترقیاتی عمل کو وسعت ملے گی، پسماندہ علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی بہتر ہوگی اور عوام کو اپنے مسائل کے حل کے لیے دور دراز سرکاری دفاتر کے چکر نہیں لگانے پڑیں گے۔

بقیہ نمبر 4
ٹرنگ سے قبائلی رہنما جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق نامعلوم افراد نے قبائلی رہنما نیک بادشاہ محسود پر فائرنگ کی اور فرار ہوگئے۔ پولیس جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے تحقیقات کر رہی ہے

بقیہ نمبر 5
ابتدائی 8 ماہ کے دوران 480 نوزائیدہ بچے جاں بحق ہوگئے، اسپتال کے ریکارڈ کے مطابق بیشتر بچوں کو غذائی قلت، کم وزن اور مختلف بیماریوں کے باعث علاج کے لیے داخل کرایا گیا تھا۔ اسپتال کے دستیاب ریکارڈ کے مطابق جنوری سے اگست 2026 تک مجموعی طور پر 2732** بچوں کو اسپتال میں داخل** کیا گیا، جن میں سے 480 بچے دوران علاج دم توڑ گئے جبکہ 1387 بچوں کو صحت یاب ہونے پر اسپتال سے فارغ کر دیا گیا۔ اس عرصے کے دوران 106** بچوں کو مزید علاج کے لیے دیگر اسپتالوں میں منتقل** کیا گیا۔ ریکارڈ کے مطابق جنوری میں 70، فروری میں 39، مارچ میں 54، اپریل میں 47، مئی میں 65، جون میں 75، جولائی میں 69 جبکہ اگست کے دوران 61 نوزائیدہ بچوں کی اموات ہوئیں۔ اعداد و شمار کے مطابق جون میں سب سے زیادہ 75 بچوں کی اموات ریکارڈ کی گئیں جبکہ فروری میں سب سے کم 39 بچے جاں بحق ہوئے۔ ذرائع کے مطابق تھرپارکر میں بچوں کی اموات کی بڑی وجوہات میں غذائی قلت، بچوں کا کم وزن، ماؤں میں غذائی کمی، کم عمری کی شادیاں اور مختلف وبائی و دیگر امراض شامل ہیں، جبکہ دور دراز علاقوں میں صحت کی مناسب سہولیات کی عدم دستیابی بھی صورتحال کو مزید سنگین بنا رہی ہے۔ ذرائع نے کہا کہ سول اسپتال مٹھی میں نوزائیدہ بچوں کی بڑی تعداد میں اموات کے معاملے پر اسپتال انتظامیہ اور محکمہ صحت کے متعلقہ حکام سے تفصیلات جاننے کی کوشش کی گئی، تاہم میڈیکل سپرنٹنڈنٹ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کی جانب سے صورتحال پر مکمل معلومات فراہم نہیں کی گئیں اور دونوں حکام مبینہ طور پر ذمہ داری ایک دوسرے پر ڈالتے رہے۔ تھرپارکر میں نوزائیدہ بچوں کی اموات کے یہ اعداد و شمار علاقے میں صحت کی سہولیات، ماں اور بچے کی غذائیت اور بنیادی طبی نگہداشت سے متعلق سنگین مسائل کی نشاندہی کرتے ہیں۔ شہری حلقوں نے حکومت سندھ سے مطالبہ کیا ہے کہ بچوں کی اموات کی وجوہات کا مؤثر جائزہ لے کر غذائی قلت کے خاتمے اور زچہ و بچہ کی صحت کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 6
ان سے گہری مشاورت ہوئی۔ وزیر خزانہ، وزیر تجارت اور دیگر اعلیٰ افسران نے بھی ملاقاتیں کیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ مشکل حالات میں تاجر برادری کی معاونت سے نمایاں اقدامات کیے گئے اور متعدد اصلاحات متعارف کرائی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ انفورسمنٹ کے ذریعے ایک سال میں 800 ارب روپے ریکور کیے گئے، کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا، براہ راست ٹیکس اور سیلز ٹیکس صارفین ادا کرتے ہیں، یہ حقیقت ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں ماضی میں ایسا نہیں ہوا جس طرح بہتری لائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ طویل سفر میں صنعتکاروں اور تاجر برادری کی مشاورت شامل رہی، ٹیم ورک کے ذریعے درست راہ پر گامزن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری کی مشاورت سے آگے بڑھیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہمیں برآمدات پر مبنی ترقی کو فروغ دینا ہے، حکومت نے برآمد کنندگان کو خاص طور پر ٹیکس میں ریلیف دیا ہے، تاجر برادری کو برآمدات میں اضافہ کیلئے اپنی آراء سے آگاہ کرنا چاہئے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے معروف صنعتکار عارف حبیب نے کہا کہ حکومت کے بجٹ اور برآمدات کے فروغ کیلئے کیے گئے اقدامات کو سراہتے ہیں، امید ہے کہ ملک میں مزید سرمایہ کاری آئے گی اور برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ معروف صنعتکار عمر سعید نے کہا کہ حکومتی اقدامات سے سرمایہ کاری کیلئے تاجر برادری کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ جاز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عامر ابراہیم نے کہا کہ ٹیلی کمیونیکیشن سمیت مختلف شعبوں میں برآمدات میں اضافہ پر توجہ مرکوز کی گئی ہے، انفراسٹرکچر اور اے آئی پر بھی گفتگو کی گئی، پاکستان میں اے آئی فیکٹریز بالخصوص ڈیٹا سنٹر پر توجہ مرکوز کی گئی۔ معروف صنعتکار شہزاد سلیم نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے تاجر برادری کی تجاویز اور سفارشات غور سے سنی ہیں اور تاجر برادری کے مسائل حل کرنے کی ہدایات کی ہیں جو کہ بہت اچھا اقدام ہے۔ معروف صنعتکار جاوید بھلوانی نے کہا کہ کراچی سمیت مختلف شہروں میں ایف بی آر کے دفاتر کھولنا وزیراعظم کا احسن اقدام ہے، اس طرح کی ملاقاتیں تسلسل سے ہونی چاہئیں، اس سے ملکی برآمدات اور معیشت میں بہتری آئے گی۔

بقیہ نمبر 7
خری وارننگ دے چکا ہے کہ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات منظور شدہ بلدیاتی ایکٹ کے تحت کرائے جائیں۔ نئے صوبوں کے قیام سے متعلق بحث پر رانا ثنااللہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اس معاملے پر یا تو خاموش ہے یا بحث کا حصہ نہیں بننا چاہتی، تاہم اس موضوع پر بحث پارلیمنٹ میں ہونی چاہیے کیونکہ یہی اس کے لیے مناسب فورم ہے۔ وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زبان بندی کی، جو جو چاہیں کہہ سکتے ہیں، تاہم عوامی ریفرنڈم کرانا ہو تو یہ آئین کے مطابق اور پارلیمنٹ کی منظوری سے ہی ممکن ہوگا، کسی وزیر کے بیان کی بنیاد پر نہیں

بقیہ نمبر 8
۔اپنے بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ ان حملوں کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوئے ہیں، پاکستان خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور سعودی عرب کے برادر عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس نوعیت کے بزدلانہ اور مذموم حملے نہ صرف بے گناہ انسانی جانوں کے لیے خطرہ ہیں بلکہ علاقائی امن و سلامتی کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔ شہباز شریف نے سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی۔

بقیہ نمبر 9
تعلق کو بڑھانے پر بات چیت ہوئی، امید ہے سینیٹ میں طاقتور کردار ادا کریں گے۔ جے یو آئی (ف) کے پارلیمانی لیڈر مولانا عطا الرحمٰن نے کہا کہ مشترکہ اجلاس میں تمام امور پر بات چیت کی گئی تھی، پارلیمنٹ کی حد تک ایک دوسرے کو سپورٹ کرنے کا فیصلہ کیا گیا، پارلیمنٹ کے اندر اپوزیشن ایک نظر آئے گی، آئندہ چند دنوں میں متحدہ اپوزیشن کا اجلاس بلا کر مشترکہ حکمت عملی پر غور کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اب تک اپوزیشن کے طور پر حکومت کو ٹف ٹائم نہیں دے سکے، اب کوشش ہوگی کہ بطور اپوزیشن حکومت کو ٹف ٹائم دیں اور ایشوز پر بات کریں، امید ہے متحدہ اپوزیشن کے طور پر حکومت کو غیر قانونی آئین میں ترمیم کرنے سے روک پائیں گے

بقیہ نمبر 10
لا کسی یونٹ کے بنانے کے خلاف نہیں، یونٹس بنتے رہتے ہیں، بھارت میں بھی بنے ہیں، افغانستان میں بھی بنیں ہیں، دوسرے ملکوں میں بھی بنے ہیں، لیکن وقت اور ماحول کو بھی دیکھنا چاہیے۔ ہم نے نہیں کہا تھا کہ فاٹا کو صوبے میں انضمام نہیں ہونا چاہیے، ہم نے کہا، دو تین آپشنز ہیں، یہ صورت بھی اور یہ صورت بھی اور یہ صورت بھی، یہ فاٹا کے عوام کے سیاسی مستقبل کا مسئلہ ہے، لہٰذا فاٹا کے عوام سے پوچھ لیا جائے، ان کی منشاء سے فیصلہ کیا جائے

بقیہ نمبر 11
90 فیصد مریضوں کا علاج مفت تو بقیہ 10 فیصد کا کیوں نہیں؟ وزیر صحت نے پمز انتظامیہ سے مریضوں سے فیس چارج کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز ڈاکٹر محمد سلمان پر اظہار برہمی کا اظہار کیا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پمز انتظامیہ سے 10 فیصد فیس وصولی سے آمدن کی تفصیلات مانگی تھیں، فیس دہندہ 10 فیصد مریض پمز کے بارے میں باتیں کرتے ہوں گے، پمز کے 100 فیصد مریضوں کے مفت علاج کیلئے وزیراعظم سے بات کروں گا۔

بقیہ نمبر 12
جائیں۔ انھوں نے واقعہ کی پیش رفت سے متعلق جامع رپورٹ بھی طلب کر لی۔ وزارت انسانی حقوق کے مطابق صبا محجوب کے قتل کا واقعہ راولپنڈی کے علاقے ڈھوک رتہ میں پیش آیا۔ واقعہ سے متعلق ایف آئی آر تھانہ رتہ امرال، راولپنڈی میں درج کی گئی ہے، ایف آئی آر 3 ستمبر کو خاتون کے تایازاد بھائی کی مدعیت میں درج کی گئی

بقیہ نمبر 13
سہولیات بہتر بنانے کے لیے وفاقی حکومت نے وزیراعظم شہباز شریف کے ساتھی اقدام کے تحت 464 کلومیٹر طویل 7 اہم سڑکوں کو وفاقی تحویل میں لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی ایک عہدیدار کے مطابق وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے گلگت بلتستان حکومت کو خطے کی 7 اہم سڑکیں وفاق کے حوالے کرنے کی تجویز دی تھی جس کی جی بی کابینہ نے منظوری دے دی ہے اور اس حوالے سے مفاہمت کی یادداشت بھی طے پا چکی ہے۔ وفاق کے حوالے کی جانے والی سڑکوں میں 54 کلومیٹر طویل استور، چلم چوکی روڈ، 31 کلومیٹر دیوسائی، اسکردو روڈ، 100 کلومیٹر اسکردو، خپلو روڈ، 17 کلومیٹر اسکردو تھورگو، شگر روڈ اور 36 کلومیٹر قراقرم ہائی وے جلتر تا سترنگی جھیل روڈ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ 121 کلومیٹر طویل گلگت، استور، رٹو، شونٹر روڈ اور 105 کلومیٹر گوریکوٹ، شگر تھنگ، اسکردو روڈ بھی منصوبے میں شامل ہیں، جن پر اس وقت تعمیراتی کام جاری ہے۔ عہدیدار کے مطابق تجویز وفاقی کابینہ کے سامنے منظوری کے لیے پیش کی جائے گی۔ منظوری کے بعد نیشنل ہائی وے اتھارٹی ان سڑکوں کی تعمیر، توسیع، بحالی اور طویل مدتی دیکھ بھال کی ذمہ داری سنبھالے گی، جبکہ منصوبے کے لیے فنڈ وفاقی حکومت فراہم کرے گی۔ اس وقت ان سڑکوں کی دیکھ بھال، توسیع اور بحالی کے اخراجات گلگت بلتستان حکومت برداشت کرتی ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے سیاحوں پر ٹول ٹیکس عائد کرنے کی تجویز بھی زیر غور ہے، تاہم مقامی آبادی کو اس ٹیکس سے مکمل استثنیٰ حاصل ہوگا۔ عہدیدار کے مطابق ٹول ٹیکس سے حاصل ہونے والی آمدن گلگت بلتستان کے سڑکوں کے نظام کی بہتری پر خرچ کی جائے گی۔ گلگت بلتستان میں لینڈ سلائیڈنگ، کیچڑ کے تودے، شدید بارشوں، برفانی تودوں، اچانک آنے والے سیلاب اور گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے کے باعث سڑکیں اکثر بند ہو جاتی ہیں، جس سے مقامی آبادی کے ساتھ ساتھ سیاحوں کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سیاحت سے وابستہ افراد نے وفاقی حکومت کے اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ سڑکوں کی بہتر دیکھ بھال اور رابطہ سڑکوں میں بہتری سے خطے میں سیاحت کو فروغ ملے گا۔

بقیہ نمبر 14
پیدا ہونے والے موجودہ بحران کے جھٹکے کو 2022 کے تیل کے بحران کے مقابلے میں زیادہ بہتر طور پر برداشت کرنے کی پوزیشن میں ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق موڈیز کی تجزیہ کار گریس لم کے مطابق پاکستان کی معیشت میں اس بار جھٹکوں کو جذب کرنے کی صلاحیت بہتر ہوئی ہے جس کی وجہ گزشتہ 2 برس کے دوران حاصل ہونے والی زیادہ مضبوط معاشی استحکام اور لچک ہے۔ گریس لم نے کہا کم افراط زر، مستحکم شرح تبادلہ اور زرمبادلہ کے ذخائر میں نمایاں بہتری نے پاکستان کو حالیہ علاقائی اور عالمی جھٹکوں سے نمٹنے کے لیے مضبوط حفاظتی گنجائش فراہم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب دنیا غیر مستحکم ہو تو معاشی استحکام سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے

بقیہ نمبر 15
کہ اس کی آواز اقتدار کی ایوانوں میں سنائی نہیں دے رہی ملک کے نوجوان اور سیاستدان بیرون ملک جا رہے ہیں، ہر سال سینکڑوں نوجوان خطرناک راستوں سے یورپ پہنچنے کی کوشش میں جانیں گنوا دیتے ہیں اور ان کے والدین کو اپنے بچوں کی لاشیں دیکھنا پڑتی ہیں۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان آگ میں جل رہا ہے، خیبر پختونخوا کے حالات بھی تشویشناک ہیں جبکہ پنجاب میں نئے صوبے بنانے کی تیاریاں اور 20، 25 صوبوں کی افواہیں افسوسناک صورت اختیار کر چکی ہیں۔ اصل ایشو یہ نہیں کہ کتنے صوبے بنائے جائیں، اصل مسئلہ یہ ہے کہ ملک میں آئین و قانون کی حکمرانی قائم ہو، غریب کو انصاف ملے، مزدور کو اس کی محنت کا پورا معاوضہ ملے اور ڈگریاں ہاتھوں میں اٹھائے دربدر پھرنے والے نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار دیا جائے۔ چوہدری محمد جمیس طاہر نے کہا کہ اگر 1973ء کے آئین پر عمل نہ کیا گیا تو اسلامی جمہوریہ پاکستان کا آئین ہمیں معاف نہیں کرے گا۔ آج ہر شخص آگے بڑھنے کی دوڑ میں شامل ہے، سیکرٹری اور گورنر بننے کے خواب دیکھ رہا ہے لیکن مزدور اور کسان کے حالات دن بدن بدتر ہوتے جا رہے ہیں۔ اگر عام آدمی کی ضرورت کے مطابق مسائل حل نہ کیے گئے، عدالتوں سے انصاف نہ ملا اور نوجوانوں کو روزگار نہ دیا گیا تو حالات مزید سنگین ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے تعلیمی ادارے، ٹریننگ سینٹرز اور یونیورسٹیاں قابل رحم حالت میں ہیں۔ دنیا کی بڑی جامعات میں پاکستان کا نام نمایاں نہیں، جبکہ جو اچھے کالج اور یونیورسٹیاں موجود ہیں ان کی فیس عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہے۔ حالات سے تنگ نوجوان روزگار کے لیے دربدر ہیں یا ملک چھوڑنے کا راستہ اختیار کر رہے ہیں۔ خطرناک سمندری اور زمینی راستوں سے بیرون ملک جانے کی کوشش میں نوجوان مر رہے ہیں، مگر سوال یہ ہے کہ ان کی طرف توجہ کون دے گا؟ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک کی معاشی صورتحال کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ برادر ملک بنگلہ دیش کا ٹکا اور افغانستان کی کرنسی بھی پاکستانی روپے کے مقابلے میں بہتر پوزیشن میں ہے۔ ہمیں سوچنا ہوگا کہ ہم آخر کس سمت جا رہے ہیں۔ ملک کے ساتھ مذاق بند کیا جائے اور معیشت کو بہتری کی طرف لے جانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر طرف کرپشن اور مفادات کی سیاست نظر آ رہی ہے، بڑے بڑے مفادات رکھنے والوں سے کوئی سوال نہیں کرتا جبکہ چھڑی صرف عام آدمی کے گرد گھومتی ہے۔ آمدنی کے ذرائع بہتر بنائے بغیر اور عام شہری کی زندگی کو آسان کیے بغیر ملک ترقی نہیں کر سکتا۔ ہمیں اپنے مسائل کا ذمہ دار صرف سسٹم کو قرار دینے کے بجائے یہ سوال بھی کرنا ہوگا کہ سسٹم کو ٹھیک کون کرے گا؟ انہوں نے کہا کہ سیاستدان آپس کی لڑائیوں میں الجھے ہوئے ہیں، لیکن عام آدمی کے دکھ، مزدور کی پریشانی، کسان کی بدحالی اور نوجوان کی بے روزگاری بڑھتی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا مستقبل نئے صوبوں کے نعروں میں نہیں بلکہ آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، میرٹ، انصاف، روزگار اور عام آدمی کی خوشحالی میں ہے۔

بقیہ نمبر 16
کے پی پی 137 سے ٹکٹ ہولڈر چوہدری ارشد ورک اور رانا حسیب عامر کے ہمراہ ہٹی پریس کلب مرید کے کی دفاع پاکستان تقریب اور ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا انکا کہنا تھا کہ وزیر اعظم میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نا قابل تسخیر ناقابل شکست ملک بن چکا ہے

بقیہ نمبر 17
بیان میں کہا کہ خلیجی ممالک کو یہ حقیقت سمجھنی چاہیے کہ سیکیورٹی کے معاملے میں خود انحصاری ہی آگے بڑھنے کا واحد راستہ ہے۔ قطری ترجمان کے مطابق ہمیں اپنے شراکت داروں اور اتحادیوں کی ضرورت ہے، لیکن اپنی سیکیورٹی کے لیے صرف اتحادیوں اور شراکت داروں پر انحصار نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ خلیجی ممالک کو اپنی سلامتی کے لیے اپنی صلاحیتوں اور خود انحصاری کو بھی مضبوط بنانا ہوگا

بقیہ نمبر 18
سے بلیو اکانومی کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں خرم شہزاد نے کہا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران پاکستان کی سمندری خوراک کی برآمدات تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں۔ پہلی مرتبہ سی فوڈ برآمدات 500 ملین ڈالر کی حد عبور کرتے ہوئے 568 ملین ڈالر ریکارڈ ہوئیں۔ انہوں نے بتایا کہ مالی سال 2023-24 میں پاکستان کی سی فوڈ برآمدات 406 ملین ڈالر تھیں، جو مالی سال 2024-25 میں بڑھ کر 489 ملین ڈالر ہو گئیں۔ مالی سال 2025-26 میں برآمدات میں نمایاں اضافہ ہوا اور یہ 568 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں۔ اس طرح 2 سال میں تقریباً 40 فیصد اضافہ ہوا۔ خرم شہزاد کے مطابق گزشتہ مالی سال مجمد مچھلی کی برآمدات 105.1 ملین ڈالر، سکویڈ اور کٹل فش 103.7 ملین ڈالر، فش میل 83.1 ملین ڈالر، جھینگے 62.1 ملین ڈالر جبکہ کیکڑوں کی برآمدات 36.9 ملین ڈالر رہیں۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ پاکستانی سی فوڈ چین، جنوب مشرقی ایشیا، خلیجی ممالک، جاپان، جنوبی کوریا اور امریکا سمیت مختلف بین الاقوامی منڈیوں میں برآمد کی جا رہی ہے، معیار، رسائی اور نئی منڈیوں تک رسائی سے پاکستانی سی فوڈ کے لیے برآمدی مواقع بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روسی منڈی میں بھی پاکستانی سی فوڈ کی رسائی بڑھی ہے اور 16 پاکستانی سی فوڈ پروسیسنگ پلانٹس کو روسی مارکیٹ کے لیے منظور کیا جا چکا ہے۔ پاکستان کے بلیو اکانومی میں برآمدات بڑھانے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ خرم شہزاد نے کہا کہ اس صلاحیت سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے جدید پروسیسنگ سہولیات، ویلیو ایڈیشن، ایکوا کلچر، کولڈ چین کے بنیادی ڈھانچے، عالمی معیار کے حفظان صحت کے تقاضوں کی تکمیل اور نئی بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی پر مزید توجہ دینا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سی فوڈ برآمدات میں مسلسل اضافہ پاکستان کے لیے قیمتی زرمبادلہ کمانے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ اس شعبے میں سرمایہ کاری، روزگار کے مواقع اور ساحلی معیشت کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 19
شامل ہوئے۔ کم جونگ ان نے تقریب سے خطاب میں کہا کہ نئے جنگی جہاز کی جزیرہ نما کوریا کے مشرقی سمندر میں تعیناتی مخالفین کے لیے واضح پیغام ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شمالی کوریا کے بحری جوہری ہتھیاروں میں پیش رفت ہو رہی ہے، یہ جہاز کم جونگ ان کی شمالی کوریا کی جوہری جوابی کارروائی کے نظام کا حصہ بنے گا۔ شمالی کوریا کے سربراہ نے یہ بھی کہا کہ اپنی سمندری خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے تحفظ کے لیے ہم سمندری علاقوں میں طاقت اور ترین اسٹریٹجک صلاحیتوں میں مسلسل اضافہ کرتے رہیں گے۔

بقیہ نمبر 20
کے موقع پر پاک بحریہ کے افسران، سیلرز، سویلینز، شہدا اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک بحریہ ملکی سمندری مفادات کے تحفظ کے ساتھ علاقائی امن کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ ملک بھر میں 8 ستمبر کو یوم بحریہ منایا گیا۔

بقیہ نمبر 21
اور ایران کے تازہ حملوں کے بعد عالمی سطح پر تیل کی سپلائی میں طویل تعطل کے خدشات بڑھ گئے۔ ابتدائی کاروبار میں برینٹ خام تیل کی قیمت 0.54 فیصد اضافے کے بعد 96.80 ڈالر فی بیرل ہو گئی۔ ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کی قیمت 0.72 فیصد بڑھ کر 92.14 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گئی۔ گزشتہ ہفتے برینٹ خام تیل کی قیمت میں 7.8 فیصد جبکہ ڈبلیو ٹی آئی میں تقریباً 10 فیصد اضافہ ہوا۔ دوسری جانب آبنائے ہرمز سے تیل کی آمد و رفت بھی نمایاں طور پر کم ہوئی ہے۔ 28 فروری کو امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف جنگ شروع ہونے کے بعد سے برینٹ خام تیل کی قیمت میں 30 فیصد سے زیادہ اضافہ ہو چکا ہے۔

بقیہ نمبر 22
آئی ایم ایف کے درمیان قرض پروگرام کے تحت پانچویں جائزے کے مذاکرات رواں ماہ شروع ہوں گے، آئی ایم ایف وفد کے ساتھ رواں ماہ مذاکرات کے دوران ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلیٹی پروگرام کے تحت پانچویں جائزے پر مذاکرات ہوں گے جس میں اس حوالے سے بھی تبادلہ خیال ہوگا۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد کی حدود میں بنیادی سہولیات اور انتظامی ڈھانچے کو چلانے کے لیے ریونیو اکٹھا کیا جائے گا جو اسلام آباد کی حدود میں ہی خرچ کیا جائے گا۔ ابتدائی طور پر جو تجاویز تیار کی گئی ہیں، ان میں اسلام آباد کے ہسپتالوں، اسکولز، کالجز اور دیگر تعلیمی اداروں، فلاحی کاموں اور انتظامی ڈھانچے پر خرچ کرنے کے لیے ٹیکس اکٹھا کیا جائے گا۔ ٹیکس کلیکشن کی تجاویز آئندہ اقتصادی جائزے کے دوران آئی ایم ایف وفد کے ساتھ ڈسکس کی جائیں گی اور یہ ٹیکس آئندہ مالی سال کے بجٹ میں متعارف کرایا جا سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹیکس کلیکشن کے لیے ابھی حتمی تخمینہ لگانا باقی ہے۔ اسلام آباد کے لیے بنیادی ڈھانچے کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے مالیاتی گنجائش پیدا کرنے کے لیے نیا ٹیکس لگایا جائے گا اس سلسلے میں ابتدائی طور پر ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس تجاویز تیار کی جائیں گی جس کے بعد اسلام آباد کو خودمختار یونٹ بنانے کے لیے بنیادی ڈھانچے سے متعلق ذیلی کمیٹی کو تجاویز پیش کی جائیں گی۔ متعلقہ ذیلی کمیٹی سے منظوری کے بعد یہ تجاویز منصوبہ بندی کی زیر صدارت قائم کمیٹی کو پیش کی جائیں گی، جہاں سے منظوری کے بعد وزیراعظم شہباز شریف کو بھی پیش کی جائیں گی اور پھر آئی ایم ایف کی منظوری کے بعد حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ آئی ایم ایف سے اقتصادی جائزے کے مذاکرات کے حوالے سے وزارت خزانہ نے تمام متعلقہ وزارتوں اور اداروں کو مذاکرات کی تیاری کے لیے ضروری ڈیٹا اور رپورٹ مرتب کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق متعلقہ وزارتیں آئی ایم ایف وفد کو اسٹرکچرل بینچ مارکس اور معاشی اصلاحات کے اہداف پر بریفنگ دیں گی۔ مذاکرات میں توانائی شعبے کی اصلاحات بھی اہم ایجنڈے کا حصہ ہوں گی جبکہ بجلی اور گیس کے شعبوں میں سرکلر ڈیٹ سے متعلق اہداف پر بھی بات چیت کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات کامیاب ہونے کی صورت میں موجودہ قرض پروگرام کی پانچویں قسط جاری ہونے کی راہ ہموار ہوگی۔ پانچویں قسط کی مد میں پاکستان کو ایک ارب ڈالر ملنے کا امکان ہے جبکہ موسمیاتی تبدیلیوں کے نقصانات سے نمٹنے کے لیے مزید 20 کروڑ ڈالر فراہم کیے جائیں گے، اس طرح آئی ایم ایف کے کامیاب جائزے کی صورت میں پاکستان کو مجموعی طور پر ایک ارب 20 کروڑ ڈالر ملنے کی توقع ہے۔ ذرائع کے مطابق مقامی ٹیکسز کے استعمال اور وسائل کی تقسیم کیلئے نئے نظام کی تشکیل کی تجویز روڈ میپ کا حصہ ہے۔ انتظامی ڈھانچے کی تشکیل کے ساتھ ہی مالیاتی معاملات کو مربوط بنانے پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ جس کیلئے ٹیکس نظام موثر بنانے کی عالمی مالیاتی اداروں کی تجاویز کو بھی شامل کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 23
رہنماؤں کے درمیان پاکستان اور کویت کے دوطرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار اور کویتی وزیر خارجہ نے قریبی رابطہ برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔ دونوں رہنماؤں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ملاقات کرنے پر بھی اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر 24
ت کی جا رہی ہے، پختونخوا کے عوام گزشتہ پانچ دہائیوں سے اسی دہشت گردی کی سب سے بھاری قیمت ادا کر رہے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ دہشت گردی کی نرسریاں کس کی پالیسیوں کے نتیجے میں قائم ہوئیں؟ دہشت گرد تنظیموں کو کس نے پروان چڑھایا، ٹریننگ دی اور اپنے مفادات کے لیے استعمال کیا؟

بقیہ نمبر 25
کا مخالف نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ صوبہ دیرینہ مطالبہ ہے، کون سا ضلع کس صوبے کا حصہ بنے گا، اس کا فیصلہ بھی عوامی رائے سے کیا جائے، نئے صوبوں کی حدود کے تعین کے لیے قومی سطح کی کمیٹی یا جرگہ تشکیل دیا جائے۔ کیپٹن صفدر نے کہا کہ اس معاملے پر پارلیمنٹ سے پہلے قوم کی رائے معلوم اور سیاسی قیادت، علما اور عوام کے درمیان مشاورت ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 26
ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی تھے۔ اس موقع پر ضلع شرقی کے دیگر سرکاری اسکولوں کے طلبہ و طالبات نے بھرپور شرکت کی اور ملی نغموں، تقاریر، خوبصورت ٹیبلو سمیت مختلف پرفارمنسز پیش کر کے وطن عزیز سے اپنی محبت اور قومی جذبے کا اظہار کیا۔ بہترین کارکردگی اور تقریب کے کامیاب انعقاد میں نمایاں کردار ادا کرنے والے اساتذہ کرام میں بھی تعریفی اسناد تقسیم کی گئیں۔ اس موقع پر ایم پی اے محمد عامر صدیقی، ڈاکٹر عبید الرحمان، آفتاب لغاری، اشتیاق قریشی، زبیر نواب، ناصر اور دیگر اساتذہ کرام بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 27
احد خریدار نظام سے آگے لے جائے گی، اہل صنعتی صارفین پہلی بار اپنی پسند کے بجلی فراہم کنندگان سے بجلی خرید سکیں گے، مسابقتی مارکیٹ کے ذریعے صنعتی صارفین دوطرفہ بنیادوں پر بجلی خرید سکیں گے، مسابقتی بجلی مارکیٹ کے فوائد صرف صنعتی صارفین تک محدود نہیں رہیں گے، بجلی کی خریداری میں مسابقت سے زیادہ مؤثر پیداوار اور بہتر قیمتیں ممکن ہوں گی، مسابقتی مارکیٹ موجودہ پاور پلانٹس کے بہتر استعمال میں معاون ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مسابقتی بجلی مارکیٹ بجلی کی ویلیو چین میں موجود نا اہلیاں کم کرے گی، مسابقتی مارکیٹ قابل تجدید توانائی اور بیٹری اسٹوریج کی شمولیت کو فروغ دیگی، مسابقتی مارکیٹ مقامی کم لاگت توانائی وسائل کے بہتر استعمال میں مددگار ہوگی، مسابقتی مارکیٹ مہنگے درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنے میں معاون ثابت ہوگی، نیپرا کا فیصلہ براہ راست رسائی کیلئے ضروری ریگولیٹری فریم ورک فراہم کرتا ہے، سی ٹی بی سی ایم نیلامی بجلی مارکیٹ میں اہم ساختی تبدیلی کی نمائندگی کر رہی ہے، وزارت توانائی مسابقتی بجلی مارکیٹ کو شفاف اور مؤثر انداز میں عملی شکل دینے کیلئے پرعزم ہے، مسابقتی مارکیٹ اہل صارفین کو بجلی کا انتخاب کرنے کیلئے زیادہ مواقع فراہم کرے گی۔

بقیہ نمبر 28
کیلئے تقریباً 38 لاکھ سے 50 لاکھ ڈالر درکار ہوں گے، جن کے حصول کیلئے سرکاری بجٹ کے علاوہ بین الاقوامی عطیہ دہندگان اور نجی شعبے سے مالی معاونت حاصل کی جائے گی۔ منصوبے کے تحت شارک کی آبادی اور سمندری ذخائر کی مسلسل نگرانی، مچھلی اتارنے کے مقامات کی جانچ، کشتیوں کی نگرانی کا نظام نصب کرنے اور ماہی گیری کے دوران حادثاتی طور پر پکڑی جانے والی شارک کی ہلاکتوں میں کمی لانے کیلئے اقدامات کیے جائیں گے

بقیہ نمبر 29
انہ کرنے کی صورت میں ایکسپورٹرز کو مالی نقصان سے تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ اس سکیم سے ایس ایم ایز زیادہ اعتماد کے ساتھ بڑے برآمدی آرڈرز حاصل کر سکیں گے، جبکہ نئے خریداروں اور عالمی منڈیوں تک رسائی بھی آسان ہوگی۔ ایکسپورٹرز کی سہولت کیلئے پاک ایگزم نے سیالکوٹ اور فیصل آباد میں دفاتر بھی قائم کر دیے ہیں، جہاں ایس ایم ای ایکسپورٹرز کو انشورنس اسکیم سے متعلق مکمل رہنمائی فراہم کی جائے گی۔ پاک ایگزم اور ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ تقریباً 3 ارب روپے کا رسک پول قائم کریں گے، جبکہ آئی سی آئی سی ای آئی انشورنس اسکیم کیلئے عالمی معاونت فراہم کرے گا۔ حکام کے مطابق اسکیم سے ایس ایم ایز کی برآمدات، پیداوار اور روزگار میں اضافہ ہوگا، جبکہ پاکستان کیلئے زیادہ زرمبادلہ کمانے کی راہ بھی ہموار ہوگی۔

بقیہ نمبر 30
ہی ہے۔ انہوں نے کہا ہمیں دھرنوں کا شوق نہیں اور نہ ہی یہ احتجاج اپنی ذات کے لیے ہے، حکومت عوام کے ساتھ جو زیادتیاں کر رہی ہے، اسی کے خلاف ہم سڑکوں پر نکلے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ آج فیصل آباد ڈویژن سے بڑی تعداد میں عوام دھرنے میں شریک ہے، جماعت اسلامی نے کبھی دھرنے کو مقصد نہیں بنایا، ہم عوام کو ریلیف دلانے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ کسانوں، علما اور مزدوروں سے حکومت غنڈہ ٹیکس لے رہی ہے، ہمارا مطالبہ واضح ہے کہ پٹرولیم لیوی کے نام پر بھتہ ختم کیا جائے، حکومتی ٹیم منصورہ آئی تو ہم نے واضح کر دیا تھا کہ دھرنے جاری رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے حکومت کو تجویز دی ہے کہ غریب عوام پر ٹیکس لگانے کے بجائے اشرافیہ پر ٹیکس عائد کیا جائے، لگژری گاڑیوں پر ٹیکس لگایا جائے اور غریب عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حکومت نے پاکستانی آئین کے خلاف کام کیا ہے، ملک میں سودی نظام نافذ کر رکھا ہے، سود کا خاتمہ ہونا چاہیے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ اگر حکومت ایک فیصد سود کم کرے تو قومی خزانے کو اربوں روپے کا فائدہ ہو سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 8 ہزار ارب روپے سے زائد رقم قرضوں کی اصل ادائیگی کے بجائے سود کی ادائیگی میں چلی جاتی ہے، حکومت کو اپنی معاشی پالیسیوں پر نظرثانی کرتے ہوئے عوام کو ریلیف دینا ہوگا۔

بقیہ نمبر 31
پر گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ سندھ اور خیبر پختونخوا سمیت تمام صوبے پاکستان کی ترقی میں برابر کے شراکت دار ہیں۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے قومی یکجہتی، جمہوری اقدار کے فروغ اور عوامی فلاح کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ نمبر 32
روں نے مبینہ طور پر قاتلانہ حملہ کر دیا۔ چوروں نے بزرگ ہاری کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں اس کی بازو کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ جبکہ چور واردات کے دوران ملزمان سولر پلیٹیں اور دیگر قیمتی سامان بھی لے کر فرار ہو گئے۔ مقامی لوگوں کے مطابق غریب محنت کش جو رات بھر کھیت اور سامان کی حفاظت کر رہا تھا، آج خود چوروں کے وحشیانہ تشدد کا شکار بن گیا، مقامی افراد نے تشدد کا نشانہ بنے والے چوکیدار کو قریبی اسپتال منتقل کر دیا۔ مقامی اسپتال کے ڈاکٹروں نے طبی امداد کی فراہمی کے بعد زخمی محنت کش کو ماتلی ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔ مقامی دیہاتیوں نے پولیس اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لے کر ملزمان کو گرفتار کیا جائے۔ پولیس ذرائع کے مطابق این سی کے اندراج کے بعد پولیس نے ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 33
فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی ارشاد پارس مگسی، کونسلر وڈیرہ زبیر گجر، سابق لیبر ڈائریکٹر آغا غلام رسول نوشیروانی، بی این پی عوامی کے مرکزی رہنما قدرت اللہ رئیسی، سابق وزیر میر یونس ملازئی، امیر بخش مینگل ایڈووکیٹ، سعید علیزئی، اشرف علی تیو، محمد خان رند، عبداللہ بلوچ، بلال خان، سابق ناظم دربخی محمد صدیق چھٹہ، قدوس خلجی، پی پی حب کے صدر سرفراز سومرو، کونسلر ارباب، کونسلر اسماعیل رند، سلیم رمضان رند، سرور مگسی، صحافی شاہجہاں بزنجو، نظام بگٹی، حاجی ابراہیم مینگل، عبدالمالک مینگل، مقبول مینگل، مولوی عبدالودود مینگل، سعید بلوچ، محمد عیسیٰ ملازئی سمیت دیگر نے بی این پی کے ضلعی جنرل سیکرٹری بشیر مینگل، امین مینگل، عبدالقدیر مینگل کی ہمشیرہ اور کونسلر لالہ سعید اللہ مینگل، سمیع مینگل، حفیظ مینگل کی کزن کی انتقال پر تعزیت کی اور مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے دعائے مغفرت کی

بقیہ نمبر 34
کے لیے فیلڈ میں مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ زہرہ نور اور ضلعی حکام نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے پیرا فورس کے افسران اور اہلکاروں کو فیلڈ میں کڑی چیکنگ کے لیے مؤثر میکانزم تشکیل دینے کے ٹاسک بھی دیا تاکہ کارروائیوں کی نگرانی، شفافیت اور نتائج کو یقینی بنایا جا سکے۔ ڈاکٹر فیصل سلیم نے واضح کیا کہ پیرا فورس کے ڈسپلن، قانون کی عملداری اور گڈ گورننس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، افسران و اہلکار اپنی ذمہ داریاں پوری دیانتداری اور میرٹ کے مطابق انجام دیں اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی رٹ کے قیام کے ساتھ ساتھ شہریوں کو بروقت ریلیف کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 35
کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی، وڈیرہ رفیق سیاپاد، سابق وائس چیئرمین حب سرور مگسی، کونسلران ممتاز لہڑی، وہاب رند، ارباب محمد حسنی سمیت سرفراز سومرو و دیگر کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ترجمان صدر آصف علی زرداری برائے بلوچستان پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر میر علی حسن زہری کے فنڈز سے جاری ترقیاتی منصوبوں پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور کہا کہ میر علی حسن زہری نے حب کا نقشہ بدلنے کا تہیہ کر رکھا ہے انشاء اللہ وہ کر کے دکھائیں گے اجلاس کے شرکا نے حب کے عوام سے درخواست کی کہ وہ صبر کا دامن پکڑیں کیونکہ چالیس سالوں کی تباہی کو دوبارہ بنانے میں وقت لگتا ہے انشاء اللہ حب ایک ماڈل شہر بنے گا جس کے لیے عوام کے تعاون کی اشد ضرورت ہے سیاسی مخالفین ترقیاتی منصوبوں پر پروپیگنڈا کرتے ہیں اور عوام میں غلط فہمی پیدا کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں عوام کسی کی باتوں میں نہ آئیں یہ سب کچھ عوام کے لیے کیا جا رہا ہے میر علی حسن زہری کا مشن ہے کہ حب کو ایک ماڈل شہر بنا کر ہی دم لیں گے۔

بقیہ نمبر 36
میں شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے این سی ایچ ڈی کے ڈپٹی ڈائریکٹر بہادر علی مجرگری، ہیڈ مسٹریس میڈم عابدہ جمالی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر این سی ایچ ڈی سعیدہ ملاح، مشتاق انصاری، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اشفاق احمد میمن، اسسٹنٹ ڈائریکٹر مشتاق احمد جاکھرو اور دیگر مقررین نے کہا کہ خواندگی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ ہر بچے اور بالغ فرد تک تعلیم پہنچانے کے لیے اجتماعی اور مربوط کوششوں کی ضرورت ہے تقریب میں این سی ایچ ڈی کے فیلڈ افسران یاسین مشرف، مسعود کلہوڑو، منور بھٹو، احسان زور، ایاز قاضی، عبدالحکیم جروار، حسن سومرو، محمد عرس، مصطفیٰ سومرو اور امتیاز زور نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر اسکول کی طلبہ کی جانب سے خواندگی اور تعلیم کی اہمیت کے حوالے سے مختلف سرگرمیاں بھی پیش کی گئیں، جبکہ شرکا نے عالمی یوم خواندگی کے مقاصد کو اجاگر کرتے ہوئے معاشرے سے ناخواندگی کے خاتمے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ دوسری جانب ایم اے سی سینٹر میں بھی عالمی یوم خواندگی کے حوالے سے ایک سیمینار منعقد کیا گیا، جس میں خصوصی بچوں کے والدین اور لواحقین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار کے دوران خصوصی بچوں کی تعلیم کی اہمیت، ان کے لیے بہتر تعلیمی مواقع کی فراہمی اور معاشرے میں ان کی بھرپور شمولیت کے حوالے سے تفصیلی گفتگو اور خیالات کا تبادلہ کیا گیا۔ شرکا نے کہا کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے اور خصوصی بچوں کو بھی معیاری تعلیم کی مساوی سہولیات فراہم کرنے کے لیے مشترکہ اور مؤثر اقدامات کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 37
لا ناولی محمد تراہیمبر ویلفیئر کارپوریشن کے سابق ایڈمنسٹریٹر جبار بلوچ سی ایم آئی ٹی کے ممبر نور خان کھیتران ڈائریکٹر فوڈ ریاض ناصر ڈائریکٹر پاپولیشن نعیم کاسی ڈی جی کیو ڈی اے اورنگزیب کاسی قبائلی رہنما سعید آغا بابا پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے سابق صدر شہزادہ ذوالفقار بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے صدر منظور احمد رند جمعیت علما اسلام کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری سابق صوبائی وزیر حاجی محمد نواز کاکڑ جمعیت علما اسلام کے صوبائی پریس سیکرٹری سابق صوبائی وزیر حاجی عین اللہ شمس بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے سابق صدر سلمان اشرف قبائلی سیکرٹری عصمت اللہ کاکڑ بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل ملک اعظم ترین پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما نور خان ناصر بلوچستان نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی پریس سیکرٹری ڈاکٹر نا شناس لہڑی بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر میر غلام نبی مری پاکستان تحریک انصاف کے ضلعی جنرل سیکرٹری عبداللہ خان ناصر جمعیت علما اسلام نظریاتی کے مرکزی سیکرٹری عبدالستار چشتی بابائی ڈی جی پی ڈی ایم اے نصیر احمد ناصر پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی سیکرٹری جمعہ خان کاکڑ مرکزی انجمن تاجران ہزار گنجی کے صدر سید عبدالخالق آغا پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ژوب کے سیکرٹری عبدالخالق ناصر قبائلی رہنما ملک صلاح الدین کاکڑ کوئٹہ پریس کلب کے جنرل سیکرٹری محمد ایوب ترین بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے سابق صدر عیسیٰ ترین سینئر صحافی ظفر اللہ خان سینئر صحافی حمید اللہ سمو سینئر صحافی سید علی شاہ عبید آغا زین الدین کچھی دیلی فیاض فاؤنڈیشن کے چیئرمین ارسلان فیاض پی ٹی وی کرنٹ افیئر کے انچارج سینئر پرڈیوسر علی آغا اخبار فروشوں کے صدر میر احمد بلوچ حاجی بی ڈی ایچ او ژوب ڈاکٹر سلام ناصر کا فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر شاہ خان اچکزئی قبائلی رہنما ملک ولی خان ناصر ملک رشید کاکڑ ڈاکٹر ملک خان بازئی قبائلی رہنما ملک عبدالعلی کاکڑ پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما غنی کاکڑ جمعیت علما اسلام کے رہنما صادق اچکزئی قبائلی رہنما سیف الرحمن تارن ایس ایس پی (سید آغا مسلم لیگ ن کے صوبائی رہنما میر اسد مینگل بلوچستان نیوز کے چیف ایڈیٹر انور خان ناصر جی پی آر یونین کے صدر شمس کاکڑ معروف ٹھیکیدار انور مندوخیل سابق وفاقی وزیر حاجی رحمت اللہ کاکڑ سمیت مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے شخصیات نے ظاہر خان ناصر کے گھر جا کر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی اور دعا کی اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائیں

بقیہ نمبر 38
ف کرنے والے پلانٹس کو شدید متاثر کیا ہے۔ پانی میں کائی اور دیگر ذرات کی مقدار بڑھنے سے سمندری پانی کی فلٹریشن کا نظام متاثر ہوا ہے۔ اسرائیل کے 6 بڑے سمندری پانی صاف کرنے والے پلانٹس میں سے ابتدا میں 5 بند ہو گئے تھے۔ 6 ستمبر تک اشکلون اور اشدود کے دو پلانٹس مکمل طور پر بند ہیں، جبکہ تین دیگر جزوی صلاحیت پر چل رہے تھے۔ حیدرا پلانٹ معمول کے مطابق کام کر رہا تھا۔ حکام نے بعض علاقوں میں پانی کی رسد میں کمی اور عارضی قلت کا خدشہ ظاہر کرتے ہوئے پانی کے استعمال میں کمی کی اپیل کی ہے۔

بقیہ نمبر 39
شہری بھی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گل حسن محمد حسنی نے چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن حب انجم خان اور کونسلران کے ہمراہ مختلف وارڈز کا دورہ کیا جہاں انہوں نے میونسپل کارپوریشن حب کے عملے کی جانب سے کی جانے والی صفائی ستھرائی، مین ہولز کی جنرل صفائی کے کام کا معائنہ کیا چیئرمین حب گل حسن محمد حسنی اور چیف آفیسر انجم خان نے عملے کو ہدایت کی کہ صفائی مہم کے دوران کسی قسم کی کوئی کوتاہی برداشت نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ میونسپل کارپوریشن حب کے تمام وارڈز میں مرحلہ وار صفائی مہم کی جائے گی حب کے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ یہ اقدام حب کو ایک صاف، خوبصورت اور مثالی شہر بنانے کی جانب ایک مثبت قدم ہے شہر کو صاف ستھرا، خوبصورت اور شہریوں کے لیے بہتر ماحول فراہم کرنے کے لیے یہ ایک قابل تحسین اقدام ہے امید ہے کہ صفائی مہم کا سلسلہ مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جائے گا

بقیہ نمبر 40
کے شعبے میں دو دہائیوں سے زائد کا تجربہ حاصل ہے اور وہ متعدد ملکی و بین الاقوامی جامعات و اداروں سے وابستہ رہ چکے ہیں۔ ڈاکٹر آغا حسنین ناز کو ادب و لسانیات کے بین الاقوامی ماہر کی حیثیت سے بھی نمایاں مقام حاصل ہے۔ ان کی علمی و ادبی خدمات کے اعتراف میں انہیں قومی و بین الاقوامی سطح پر متعدد اعزازات اور اسناد سے نوازا جا چکا ہے۔ وہ بیجنگ یونیورسٹی اور نیویارک اکیڈمی امریکہ سے بھی علمی وابستگی رکھتے ہیں جبکہ پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا میں بھی ان کی خدمات قابل ذکر ہیں۔ وہ ماضی میں ڈان گروپ آف پاکستان سے بھی وابستہ رہے ہیں۔ ڈاکٹر آغا حسنین ناز کی متعدد کتابوں کے مصنف ہیں جبکہ ان کی مزید دو کتب اشاعت کے مراحل میں ہیں۔ تمثیل حیدر نے انہیں ایک شفیق، مخلص، بہترین دوست اور قابل اعتماد رفیق کار قرار دیتے ہوئے ان کے بیرون ملک کی کامیابی کے لیے نیک خواہشات اور دعاؤں کا اظہار کیا۔ ملاقات کے اختتام پر تمثیل حیدر نے ڈاکٹر آغا حسنین ناز کو دعائیہ کلمات کے ساتھ الوداع کیا۔ یاد رہے تمثیل حیدر میانوالی کے ایک معتبر خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اور آج کل اسلام آباد میں مقیم ہیں، تمثیل حیدر اور ڈاکٹر حسنین ناز کا آپس میں تعلق 2007 سے اب تک قائم ہے۔

بقیہ نمبر 41
ل کی طالبات اور دیگر عملے نے بڑی تعداد میں شرکت کی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی محتسب ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سلیم رضا بلوچ نے کہا کہ کام کی جگہ ہراساں کرنا ایک سنگین مسئلہ ہے، جو کسی ساتھی ملازم، افسر یا ادارے سے وابستہ کسی بھی شخص کی جانب سے کیا جا سکتا ہے۔ خواتین کو اس قسم کی ہراسانی سے تحفظ فراہم کرنے کے لیے یہ قانون 2010 میں نافذ کیا گیا، جس کا مقصد کام کرنے والی خواتین کے لیے محفوظ، باعزت اور سازگار ماحول فراہم کرنا ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی محتسب سندھ کا ادارہ سندھ کے مختلف اضلاع میں لوگوں کو ان کے گھروں کے قریب انصاف اور قانونی تحفظ فراہم کرنے کے لیے کام کر رہا ہے۔ پہلے ہراسانی سے متعلق شکایات درج کرانے کے لیے لوگوں کو کراچی جانا پڑتا تھا، تاہم اب ضلعی سطح پر بھی شکایات درج کرانے کی سہولت موجود ہے۔

بقیہ نمبر 42
للہ ناصر کی خصوصی ہدایات پر، ڈی ایس پی سرکل غلام سرور مینگل کی نگرانی میں عمل میں لائی گئی ایس ایچ او سٹی غازی رؤف جمالی، 15 انچارج بہادر خان ڈوگکی، عابد لغاری، جاڑا خان جویا، ملک مٹھا خان اور پولیس ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے مطلوب ملزمان کو گرفتار کیا پولیس کے مطابق گرفتار ملزم خان محمد ولد رسول بخش، قوم تونیو مقدمہ نمبر 26/135، دفعات LU-337، A2-337 میں مطلوب تھا۔ جبکہ مختیار اور عبدالغفار ولد عبدالرحیم، قوم بزدار مقدمہ نمبر 26/136، دفعات 337-L، 337-A2، 34 کے تحت مطلوب تھے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی اور قانون شکن عناصر کو کسی صورت رعایت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 43
فیسر ذیشان جاوید کو کمشنر کوئٹہ ڈویژن تعینات کر دیا گیا ہے۔ اس سے قبل وہ سیکرٹری (پلاننگ) محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات تعینات تھے

بقیہ نمبر 44
سنگ سینٹر اور اعزازی کمانڈر سرجن ڈاکٹر فرحان عیسیٰ، معروف کاروباری شخصیت عارف حبیب، ریحان ہاشمی، ایم پی اے ایم کیو ایم پاکستان جمال احمد، سیاسی و سماجی شخصیات بڑی تعداد موجود تھی۔ جبکہ اس موقع پر چھوٹے کاروبار کرنے والی خواتین اور نوجوان کاروباری افراد نے بھی مختلف اسٹالز لگائے اور وومن بائیک ریلی نکالنے کے ساتھ مختلف شعبہ جات میں نمایاں کارکردگی دکھانے والی خواتین کو ایوارڈز سے بھی نوازا گیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ نے کہا کہ خواتین کا ملک کی ترقی کیلئے نہایت ضروری ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ہر بچہ اس قومی عزم سے واقف ہے، جس کے تحت ہماری مسلح افواج نے ہمیشہ وطن عزیز کے دفاع اور سلامتی کو مقدم رکھا وزیر اعظم کی قیادت اور فیلڈ مارشل کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں، عزم اور حکمت عملی نے پاکستان کو دنیا میں ایک باوقار اور مضبوط مقام دلایا، جو پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے اس موقع پر پی ای او ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری اینڈ ڈائگنا سنگ سینٹر اور اعزازی کمانڈر سرجن ڈاکٹر فرحان عیسیٰ نے کہا کہ معرکہ حق کے بعد پاکستان کا نام دنیا بھر میں بلند ہوا ہے انہوں نے کہا کہ قوم کی ترقی اور خوشحالی کے لیے مثبت سرگرمیوں اور باصلاحیت افراد کی حوصلہ افزائی انتہائی ضروری ہے جبکہ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور انہیں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے اس شاندار تقریب کی کامیابی کے لیے تمام شرکا کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا تقریب کے موقع پر معروف کاروباری شخصیت عارف حبیب نے کہا کہ باصلاحیت افراد کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف معاشرے کی ترقی کے لیے نہایت اہم ہے ایسی تقریبات نوجوانوں اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات کو آگے بڑھنے کا حوصلہ دیتی ہیں اس موقع پر ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری اینڈ ڈائگنا سٹک سینٹر کی جنرل منیجر ڈاکٹر نیئر جبین نے کہا کہ پاکستان کی آزادی اور خودمختاری ہمارے عظیم شہدا کی لازوال قربانیوں کا ثمر ہے ہمارے شہدا نے اپنے خون سے اس وطن کی حفاظت کی اور ہمیں ایک آزاد اور باوقار ملک عطا کیا پاکستان کی مسلح افواج اور عوام کی قربانیاں، عزم اور دفاع وطن کی بدولت آج پاکستان کا وقار پوری دنیا میں بلند ہے انہوں نے کہا کہ شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ڈاکٹر عیسیٰ لیبارٹری اینڈ ڈائگنا سٹک سینٹر نے اپنی مختلف برانچز کو ہمارے عظیم شہداء کے نام سے منسوب کیا ہے اس اقدام کا مقصد صرف شہدا کو خراج تحسین پیش کرنا نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کو بھی یہ پیغام دینا ہے کہ آج ہم جس آزادی میں زندگی گزار رہے ہیں، اس کے پیچھے ہمارے شہدا کی عظیم قربانیاں شامل ہیں تقریب کے اختتام پر تمام معزز مہمانان گرامی، شرکا، منتظمین اور نیا ناظم آباد کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا گیا جنہوں نے اس قومی جذبے سے بھرپور تقریب کو کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کیا

بقیہ نمبر 45
مہنگا ہونے سے اشیائے خورد و نوش اور ترسیلی اخراجات بڑھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی غلط معاشی پالیسیوں کا بوجھ غریب عوام برداشت کر رہے ہیں۔ سلمان اکرم راجہ نے مطالبہ کیا کہ حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ظالمانہ اضافہ فوری واپس لے

بقیہ نمبر 46
جانے والا اپنی نوعیت کا پہلا آواز کارنر ہے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر بدین کاشف رضا مگسی نے سامی فاؤنڈیشن کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے اسے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ آواز کارنر نوجوانوں کو اپنی برادری کو درپیش مسائل کی نشاندہی کرنے اور ان کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان آگے آئیں اور اپنی سماجی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں فعال کردار ادا کریں اس موقع پر یونیورسٹی آف سندھ، لاڑ کیمپس بدین کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر محمد طفیل چانڈیو نے کہا کہ سامی فاؤنڈیشن کے تعاون سے کیمپس میں آواز کارنر قائم کرنے کا مقصد نوجوانوں کو ایسا پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے جہاں وہ تشدد کے واقعات اور دیگر سماجی مسائل کی رپورٹ کر سکیں، جو انہیں، ان کے ارد گرد کے لوگوں یا وسیع تر معاشرے کو متاثر کرتے ہیں سامی فاؤنڈیشن آواز II- پروگرام بدین کے ضلعی منیجر ساون لطیف جونیجو نے پروگرام کی جاری سرگرمیوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ سامی فاؤنڈیشن یونین کونسل سیرانی، میر فتح شاہ اور کاڈی قاضیا میں صنفی بنیاد پر تشدد (GBV)، کم عمری اور جبری شادیوں، انسانی اسمگلنگ اور بچوں کے تحفظ سمیت مختلف سماجی مسائل پر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ضلعی سطح پر ڈسٹرکٹ فورم قائم کیا گیا ہے، جبکہ معذور افراد کی شمولیت اور ان کے مسائل کے لیے SIG گروپ بھی قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاڑ کیمپس میں آواز کارنر کا قیام ایک اہم سنگ میل ہے، جو ایسے سماجی مسائل کو سامنے لانے، رپورٹ کرنے اور اجاگر کرنے کا موقع فراہم کرے گا جو اکثر پوشیدہ رہتے ہیں اور رپورٹ نہیں ہو پاتے افتتاحی تقریب میں انفارمیشن آفیسر عرفان علی جونیجو، اسسٹنٹ ڈائریکٹر وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ عبدالرحمان ڈیتھو، اسسٹنٹ ڈائریکٹر چائلڈ پروٹیکشن دین محمد ڈیرو، پرنسپل گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول عبدالجبار جونیجو، بدین زاہد جاکھرو سمیت دیگر سرکاری افسران، فیکلٹی ممبران اور طلبہ نے شرکت کی آواز کارنر کے قیام کو نوجوانوں کی آواز کو مضبوط بنانے اور تشدد، حقوق کی خلاف ورزیوں اور دیگر سماجی مسائل کی نشاندہی، رپورٹنگ اور ان کے حل کی جانب ایک اہم اقدام قرار دیا گیا۔

بقیہ نمبر 47
مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی

بقیہ نمبر 48
ت بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے ایم پی اے حاجی میر غلام دستگیر بادینی حاجی میر عبدالقیوم بادینی، حاجی منیر احمد بادینی، حاجی ناصر خان بادینی، میر ظفر اللہ بادینی سے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی غم کی اس گھڑی میں بادینی خاندان کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 49
موٹر سائیکل نمبر KKZ 6434 پر جا رہا تھا جب وہ میشو بھٹ چوک پہنچا تو وہاں پہلے سے تین مسلح افراد ایک موٹر سائیکل کے ساتھ موجود تھے، جنہوں نے اسلحے کے زور پر اسے روک کر اس کا VGOTEL موبائل فون، نقدی مبلغ 600 روپے اور موٹر سائیکل چھین لی مدعی کی جانب سے مزاحمت پر ایک ملزم نے پسٹل سے فائرنگ کی، تاہم وہ محفوظ رہا۔ فائرنگ کی آواز سن کر اہل محلہ موقع پر پہنچ گئے، جنھوں نے ایک ملزم کو پسٹل سمیت قابو کر لیا، جبکہ اس کے دیگر ساتھی موقع سے فرار ہو گئے اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او ساکران انسپکٹر عبدالقادر شیخ پولیس پارٹی کے ہمراہ زیر نگرانی ایس ڈی پی او ساکران محمد رحیم اچکزئی موقع پر پہنچے جس کو عوام کے تشدد سے بحفاظت ملزم کو اپنی تحویل میں لے لیا۔ پولیس نے ملزم کی جامع تلاشی کے دوران مدعی کا VGOTEL موبائل فون، نقدی 600 روپے اور موٹر سائیکل نمبر KKZ 6434 برآمد کر لی گرفتار ملزم نے دوران ابتدائی تفتیش اپنا نام سہیل احمد بتایا، جبکہ اپنے دیگر ساتھیوں کے نام 1۔ شاہ دوست عرف رب نواز، 2۔ شہزاد بتائے ملزم کے قبضے سے برآمد ہونے والے TT پسٹل کو چیک کرنے پر اس پر کوئی نمبر درج نہیں تھا، جبکہ میگزین سمیت 03 زندہ کارتوس بھی برآمد ہوئے۔ ملزم کے خلاف بغیر لائسنس اسلحہ اپنے قبضے میں رکھنے کے جرم میں بلوچستان آرمز ایکٹ کی دفعہ 15 کے تحت علیحدہ مقدمہ درج کرایا گیا ہے۔ پولیس کی جانب سے واقعہ میں ملوث دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے مزید کارروائی جاری ہے، جبکہ گرفتار ملزم سے تفتیش بھی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 50
بھی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ سفارتخانے سے جاری بیان کے مطابق وہ یوم دفاع و شہدا کے موقع پر سفارتخانے میں استقبالیہ سے خطاب کے دوران، جس میں سینیٹر ایلیز ارڈ، سفارتی کور کے ارکان، مسلح افواج کے افسران اور پاکستان کے متعدد دوستوں نے شرکت کی۔ سفیر ممتاز زہرا بلوچ نے پاکستان کی مسلح افواج کے شہدا اور غازیوں کو زبردست خراج عقیدت و تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی خدمات اور قربانیوں کو سلام پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ملکی سلامتی کی ضامن ہیں اور پوری قوم اپنے بہادر محافظوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے 1965 میں پاکستانی افواج کی بے مثال بہادری اور گزشتہ سال مئی میں بھارتی جارحیت کے جواب میں مسلح افواج کے جانب سے عزم، درست حکمت عملی اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ دفاع کا ذکر کیا۔ سفیر نے علاقائی اور عالمی امن و استحکام کے لیے ملک کی خدمات بالخصوص اقوام متحدہ کے امن مشنوں کے تحت پاکستان کے کردار کو بھی اجاگر کیا۔ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا کہ گزشتہ دو دہائیوں کے دوران پاکستان کا قومی دفاع صرف روایتی میدان جنگ تک محدود نہیں رہا بلکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ تک بھی پھیل گیا ہے، اس فیصلہ کن جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں اور عوام نے بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی امن، سلامتی اور ترقی کے مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے شراکت داری کو فروغ دینے اور بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانے پر یقین رکھتا ہے۔ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا کہ تعاون، مذاکرات اور بین الاقوامی قانون سے وابستگی کے اسی جذبے کے تحت پاکستان خطے میں جنگ کے شعلے بجھانے کے لیے ثالثی کا کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تنازع نہیں چاہتا بلکہ اپنے تمام ہمسایہ ممالک کے ساتھ پرامن اور باہمی احترام پر مبنی تعلقات کا خواہاں ہے، تاہم اپنے قومی دفاع پر کبھی سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ جنوبی ایشیا میں دیرپا امن کے لیے تنازعہ جموں و کشمیر کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 51
بلنگ آفیسر ذیشان جلیل کھوسہ، میٹر انسپکٹر اور دیگر متعلقہ حکام نے ان کے دفتر میں ان سے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں بیلہ میں بجلی کے مسائل، کنڈا سسٹم کے خاتمے، میٹرز کی تنصیب، خراب میٹرز اور بجلی کے بلوں سے متعلق شہریوں کی شکایات سمیت لوڈشیڈنگ کے معاملات پر تفصیلی گفتگو کی گئی کے الیکٹرک حکام نے بتایا کہ پیر کے روز سے بیلہ میں کنڈا ہٹانا مہم کا باقاعدہ آغاز کیا جائے گا اور جن صارفین کے گھروں یا دکانوں پر غیر قانونی کنڈے لگے ہوئے ہیں، انہیں ہدایت دی گئی ہے کہ کارروائی سے قبل اپنے کنڈے خود اتار دیں، بصورت دیگر ان کے خلاف قانونی کارروائی اور ایف آئی آر درج کی جائے گی اس موقع پر چیئرمین اور وائس چیئرمین نے کے الیکٹرک حکام سے مطالبہ کیا کہ جن شہریوں کے میٹرز تا حال نصب نہیں ہوئے، ان کے میٹرز فوری طور پر نصب کیے جائیں تاکہ شہری قانونی طریقے سے بجلی استعمال کر سکیں۔ کے الیکٹرک حکام نے یقین دہانی کرائی کہ میٹرز کی تنصیب کے عمل کو تیز کیا جائے گا اور کنڈا سسٹم کے خاتمے کے لیے پولیس کے تعاون سے کارروائی عمل میں لائی گئی ملاقات میں یہ بھی طے پایا کہ ہفتہ کے روز صبح 10 بجے سے دوپہر 3 بجے تک کے الیکٹرک کی مختلف ٹیمیں میونسپل کمیٹی بیلہ کے ٹاؤن آفس میں موجود رہیں گی۔ شہری اس دوران اپنے بجلی سے متعلق مسائل، بشمول میٹر نہ لگنے، خراب میٹر، بلوں اور دیگر شکایات کے حل کے لیے براہِ راست متعلقہ ٹیموں سے رابطہ کر سکیں گے، جہاں موقع پر ہی مسائل کے حل کی کوشش کی جائے گی۔ چیئرمین میر مشیر عزیز کھوسہ اور وائس چیئرمین طارق علی بلوچ نے کہا کہ شہریوں کو بجلی کی قانونی سہولت کی فراہمی اور ان کے مسائل کا فوری حل ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ کنڈا سسٹم کے خاتمے کے بعد بجلی کے غیر قانونی استعمال میں کمی آئے گی، جس سے بجلی کی مجموعی صورتحال بہتر ہونے اور غیر ضروری لوڈشیڈنگ میں کمی ہو گی انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ غیر قانونی کنڈوں کا استعمال ترک کر کے اپنے میٹرز لگوائیں اور بجلی کے مسائل کے حل کے لیے میونسپل کمیٹی ٹاؤن آفس بیلا میں مقررہ اوقات کے دوران کے الیکٹرک ٹیموں سے رابطہ کریں۔

بقیہ نمبر 52
حب سٹی عبدالصمد زہری نے پولیس پارٹی کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ناظم حسین عرف بابو کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 515 گرام چرس برآمد کر لی ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا سلسلہ شروع کر دیا پولیس کے مطابق 22-08-2026 کو مدعی سمیع آصف ولد معشوق کی درخواست دی کہ مشرقی بائی پاس روڈ کے مقام پر نامعلوم ملزمان نے اس سے ہونڈا CD-70 موٹر سائیکل رجسٹریشن نمبر KTS-2677، ماڈل 2026، موبائل فون، نقد رقم اور موٹر سائیکل کے کاغذات چھین لیے ہیں جس پر مقدمہ نمبر 455/2026 بجرم دفعہ 392 ت پ نامعلوم ملزمان کے خلاف درج کر کے ملزمان کی گرفتاری اور مسروقہ مال کی برآمدگی کے لیے تفتیش و تلاش شروع کر دی گئی پولیس کے مطابق موثر کارروائی اور مسلسل تفتیش کے نتیجے میں ملزم طالب حسین کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی ملزم سے مزید ریکوری اور اس کے ساتھی ملزم کی گرفتاری کے حوالے سے تفتیش جاری ہے ڈسٹرکٹ پولیس حب جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 53
موقع پر کارڈیک ہسپتال، چلڈرن ہسپتال اور کینسر ہسپتال پر ایشین ڈویلپمنٹ بینک کی معاونت کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے "پنجاب ایگری فوڈ انویسٹمنٹ فورم" کے انعقاد پر اے ڈی بی کی ٹیم کے ساتھ اظہار تشکر کیا۔ ملاقات میں نرسنگ تعلیم، اسکولوں میں سٹیم لیبز کے قیام اور کسانوں کو زرعی مشینری کے لیے تین رعایتی قرضوں کے معاہدوں پر بات چیت کی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں تمام پراجیکٹس تیزی سے تکمیل کی راہ پر گامزن ہیں۔ اگلے سال تک اے ڈی بی کی معاونت سے مزید دو ہزار الیکٹرو بسیں سڑکوں پر دوڑتی نظر آئیں گی۔ ہیلتھ پراجیکٹس ہماری ترجیحات میں شامل ہیں، عوام کو سہولت کے لئے جلد مکمل کریں گے۔ زراعت کی بہتری اور معاشی ترقی کے منصوبے پنجاب اکنامک ٹرانسفارمیشن پلان کو گیم چینجر قرار دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ تیل کے بیجوں، دالوں اور پھلوں کی کاشت بڑھانے، زرعی فنانس اور کولڈ چینز بہتر کرنے پر توجہ دے رہے ہیں۔ اے ڈی بی کے ساتھ پاکستان کی مضبوط اور طویل مدتی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنا چاہتے ہیں۔ پنجاب پاکستان کی فوڈ باسکٹ، بڑھتی ہوئی ورک فورس کے ساتھ صنعتی ترقی کا حب ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب حکومت وسیع اصلاحاتی ایجنڈا، مضبوط حکمرانی، بہتر سروس کی فراہمی، اقتصادی بحالی اور ترقی پر مرکوز ہے۔ PIVOT کے تحت صوبے میں ویلیو ایڈیشن، برآمدات، مہارتوں کی ترقی اور پرائیویٹ سیکٹر کی سرمایہ کاری کو بڑھا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 54
لسٹ کے مطابق اشیائے خورد و نوش فروخت کریں، خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے صدر میر عبداللہ دادا دیلی کی سربراہی میں صحافیوں کے وفد سے اپنے دفتر میں ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے سینئر نائب صدر اللہ یار ڈوگکی، جنرل سیکرٹری خرم شہزاد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ندیم بابر مغل اور سیریڈینٹ اسسٹنٹ کمشنر رحمت اللہ سومرو بھی موجود تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر ملک بہادر خان ہنگکزئی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے انہوں نے کہا کہ شہر میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کی نگرانی کے لیے باقاعدگی سے بازاروں کا معائنہ کیا جائے گا اور پرائس لسٹ کی خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی انہوں نے کہا کہ موجودہ مہنگائی کے دور میں عوام کو ناجائز منافع خوری اور مصنوعی مہنگائی سے بچانا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، اس حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ تاجر برادری بھی اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے مقررہ نرخوں پر اشیاء فروخت کرے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں انتظامیہ کا ساتھ دے۔ اسسٹنٹ کمشنر ملک بہادر خان ہنگکزئی نے صحافیوں کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں مثبت تبدیلی، عوامی مسائل کی نشاندہی اور انتظامیہ تک شہریوں کی آواز پہنچانے میں صحافت کا اہم کردار ہے۔ ذمہ دارانہ صحافت سے نہ صرف مسائل اجاگر ہوتے ہیں بلکہ ان کے حل میں بھی مدد ملتی ہے۔ انتظامیہ اور صحافی برادری کے درمیان باہمی تعاون سے عوامی مسائل کو بہتر انداز میں حل کیا جا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ انتظامیہ عوامی شکایات کے ازالے کے لیے اپنے دروازے کھلے رکھے گی اور شہری کسی بھی مسئلے کی صورت میں انتظامیہ سے رابطہ کریں، ان کی شکایات کا قانون اور میرٹ کے مطابق ازالہ یقینی بنایا جائے گا

بقیہ نمبر 55
کرتے ہوئے 4 ارب روپے مالیت کا ایک ہی ٹینڈر جاری کرنے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا۔ احتجاج کی قیادت دوست علی رند، سید احمد جتوئی، جانب لاشاری، یاسین چانڈیو، فدا حسین کٹپر، ریاض احمد لانگاہ، اصغر علی میمن اور سبحان سائیونی کی۔ اس موقع پر مظاہرین نے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے خلاف نعرے بازی کرتے ہوئے ٹینڈرنگ کے عمل کو شفاف بنانے کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی جانب سے مبینہ طور پر سپرا قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے 4 ارب روپے کا ایک ہی ٹینڈر جاری کیا گیا ہے، جس کے باعث چھوٹے اور اہل کنٹریکٹرز کے لیے ٹینڈر کے عمل میں حصہ لینے کے مواقع محدود ہو گئے ہیں۔ ان کے مطابق اس اقدام سے مبینہ طور پر من پسند افراد کو نوازنے کی کوشش کی جا رہی ہے، جس سے شفاف اور منصفانہ ٹینڈرنگ کا عمل متاثر ہو رہا ہے۔ سندھ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے الزام عائد کیا کہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ میں مبینہ کرپشن کا بازار گرم ہے، جس کے نتیجے میں اہل اور چھوٹے کنٹریکٹرز شدید معاشی مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرز شفاف طریقہ کار کے تحت جاری کیے جائیں تاکہ تمام اہل کنٹریکٹرز کو یکساں مواقع فراہم ہو سکیں۔ مظاہرین نے سندھ حکومت سے مطالبہ کیا کہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے سیکرٹری سہیل قریشی، چیف انجینئر برکت خواجہ اور ایگزیکٹو انجینئر راشد رند کو عہدوں سے ہٹایا جائے اور محکمہ میں جاری ٹینڈرنگ کے عمل کا از سر نو جائزہ لے کر اسے سپرا قوانین کے مطابق شفاف بنایا جائے۔ کنٹریکٹرز رہنماؤں نے مزید کہا کہ کنٹریکٹرز کا معاشی قتل عام بند کیا جائے اور سرکاری ترقیاتی منصوبوں کی تقسیم میں میرٹ، شفافیت اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ان کے مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو احتجاج کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے سندھ بھر میں احتجاجی تحریک شروع کی جائے گی، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی

بقیہ نمبر 56
تعزیت و فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے دعائے مغفرت کی تعزیت کرنے والوں میں سابق ایم ڈی اے لیاری فرید جان محمد حسنی، ڈسٹرکٹ چیئرمین جاوید جمالی پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما حاجی ملوک ہنگکزئی، میر اکبر زہری چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین کمال خان محمد حسنی چیئرمین گڈانی وڈیرہ جان شیر بلوچ، آغا شفیق ہنگکزئی سرفراز سومرو سرور مگسی مجاہد جمالی رفیق سیاپاد ممتاز لہڑی ماسٹر عبدالستار ارباب محمد حسنی جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا شاہ محمد صدیقی، جمعیت علمائے اسلام تحصیل حب کے امیر مفتی عبدالولی، کاروباری شخصیت حاجی اقبال کاکڑ، اشرف بزنجو، الٰہی بخش، ابراہیم میر بزنجو، نذر شاہ بخاری، عبدالغنی ساسولی، عبدالقدوس بزنجو، بختیار عمرانی، منیر موسیانی، حمید شاہین عمرانی، کونسلر اسماعیل رند، ڈاکٹر وسیم، عبدالخالق بزنجو، صدام بزنجو، نثار احمد بزنجو، عبدالرحمن واڈا بزنجو، میر اورنگزیب بزنجو، سعید بزنجو، تیمور عمرانی، ریاض عمرانی، رفیق چنال صحافی دیدار رونجھو، صحافی عاشق بلوچ، صحافی شاہجہان بزنجو صحافی بشیر بلوچ سمیت دیگر عزیز و اقارب اور سیاسی، سماجی و کاروباری شخصیات شامل تھیں۔

بقیہ نمبر 57
زیر اہتمام 7 ستمبر 1974 کو پاکستان کی قانون ساز اسمبلی سے متفقہ طور پر منظور کیے گئے آئینی فیصلے کی یاد میں تحفظ ختم نبوت ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی، جس میں ہزاروں افراد نے شرکت کی اور عقیدہ ختم نبوت ﷺ کے تحفظ کے عزم کا اظہار کیا گیا کانفرنس سے جے یو آئی کے مرکزی رہنما قاضی منیب الرحمٰن، جے یو آئی ضلع لسبیلہ کے ضلعی امیر مولانا مفتی محمد نعیم رونجھو، ضلعی سرپرست اعلیٰ و مفتی اعظم لسبیلہ مولانا مفتی اللہ بخش گنگو، مولانا عبدالحلیم گنگو، مولانا عبدالولی خان، مولانا مفتی محمد سعید اور حافظ حسین احمد مدنی جمعیت طلباء اسلام اوتھل کے صدر محمد جان جاموٹ نے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں عقیدہ ختم نبوت ﷺ کی اہمیت، اس کے تحفظ کی ضرورت اور امت مسلمہ کی ذمہ داریوں پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت ﷺ اسلام کے بنیادی اور قطعی عقائد میں سے ہے، جس پر امت مسلمہ کا اجماع اور اتفاق ہے۔ اس عقیدے کا تحفظ ہر مسلمان کی دینی ذمہ داری ہے اور علماء و عوام کو اس حوالے سے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرنی چاہئیں۔ مقررین نے کہا کہ 7 ستمبر 1974 پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم اور یادگار دن ہے، جب قانون ساز اسمبلی نے متفقہ طور پر قادیانیت سے متعلق آئینی فیصلہ کیا۔ یہ دن عقیدہ ختم نبوت ﷺ کے تحفظ کے حوالے سے ایک تاریخی سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، اسی مناسبت سے ہر سال ملک بھر میں تحفظ ختم نبوت کے اجتماعات اور کانفرنسیں منعقد کی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی نسل کو عقیدہ ختم نبوت ﷺ کی اہمیت سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مدارس، مساجد اور دینی مراکز اس سلسلے میں اپنا کردار مزید مؤثر بنائیں اور نوجوان نسل کو اسلامی عقائد و تعلیمات سے روشناس کرایا جائے۔ مقررین نے کہا کہ ختم نبوت ﷺ کا عقیدہ مسلمانوں کے ایمان کا لازمی حصہ ہے، اس عقیدے کے تحفظ کے لیے امت کے اکابر علماء نے ہمیشہ بھرپور جدوجہد کی ہے اور آج بھی علماء کرام اور دینی جماعتوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ علمی، دعوتی اور پرامن انداز میں اس عقیدے کی حفاظت اور اس کی تعلیمات کو عام کریں۔ کانفرنس کے اختتام پر ملکی سلامتی، استحکام، امت مسلمہ کے اتحاد، فلسطین و کشمیر سمیت مظلوم مسلمانوں کی کامیابی اور عقیدہ ختم نبوت ﷺ کے تحفظ کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ نمبر 58
میں قریشی برادری کی آبائی زمینوں، گھروں اور قانونی ملکیت میں کسی بھی قسم کی غیر قانونی تبدیلی یا حق تلفی کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا احتجاج مکمل طور پر پرامن، قانونی اور جمہوری طریقے کے مطابق ہے۔ عزیز آباد، نیو سکھر کی آبائی زمینوں کا مسئلہ صرف ایک گاؤں کا نہیں، بلکہ ہماری تاریخ، وراثت اور جائز حقوق کے تحفظ کا مسئلہ ہے۔ رہنماؤں نے واضح کیا کہ سکھر کی قریشی برادری اکیلی نہیں ہے، بلکہ جامشورو سمیت پوری سندھ کی قریشی برادری ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ ہمارا مقصد کسی سے دشمنی نہیں، بلکہ انصاف، قانون کی بالادستی اور قریشی برادری کے جائز حقوق کا تحفظ ہے۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ عزیز آباد، نیو سکھر میں قریشی برادری کی زمینوں کے ریونیو ریکارڈ، کھاتوں، سروے نمبروں اور دیگر قانونی دستاویزات کی شفاف اور غیر جانبدارانہ جانچ پڑتال کرائی جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر کسی قسم کی غیر قانونی تبدیلی یا جعل سازی ثابت ہوتی ہے، تو ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے

بقیہ نمبر 59
کے وژن کے تحت انتظامیہ بھرپور معاونت فراہم کرے گی یہ بات انہوں نے ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرل کی جانب سے دی گئی محکمانہ بریفنگ میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہی ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرل محمد ابراہیم بازئی نے بریفنگ میں بتایا کہ محکمہ مائنز اینڈ منرل ڈیپارٹمنٹ معدنی صلاحیت کو بروئے کار لانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے ڈائریکٹر مائنز نے بریفنگ میں بتایا کہ معدنیات کے شعبے کی لائسنسنگ کرایہ اور رائلٹی کی وصولی، پیداوار اور ترقی کی نگرانی ڈائریکٹوریٹ آف مائننگ کرتی ہے محکمے کو لسبیلہ ڈویژن سے سالانہ 29.4823 ملین سالانہ رائلٹی کی مد میں ریونیو کلیکشن حاصل ہوتی ہے ڈائریکٹر مائنز نے بریفنگ میں بتایا کہ محکمہ مائنز کے چیف انسپکٹر کی نگرانی میں کانوں میں کام کرنیوالے محنت کشوں کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے میں اہم رول ادا کر رہی ہے محکمہ معدنیات کے حکام نے بریفنگ میں بتایا گیا کہ ضلع آواران میں ابھی تک جیالوجیکل سروے نہیں کیا گیا ہے کمشنر نے محکمہ مائنز کے افسران پر واضح کیا کہ بلوچستان منرل مائننگ ایکٹ 2025 پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنائے جائیگی غیر قانونی طریقے سے کرش پلانٹ چلانے اور غیر رجسٹرڈ ڈائنامک فرمز کیخلاف فوری ایکشن لیا جائے اور بغیر رائلٹی کے منرل استعمال کرنے والے این ایچ اے کنٹریکٹر کو بھی لیٹر جاری کیا جائے کمشنر نے اجلاس میں ایکسپلوزیو ڈیپارٹمنٹ کے افسر کی جائے تعیناتی سے غیر حاضری کا نوٹس لیکر ڈسپلنری ایکشن کے احکامات جاری کیں کمشنر نے محکمہ مائنز کے افسران کو ہدایات بھی جاری کیں کہ پائیدار اور موثر کان کنی کے طریقوں کو ترجیح دی جائے قدرتی وسائل تانبا، سیسہ، زنک، ڈائمینشن سٹون سمیت دیگر معدنیات سے مالامال لسبیلہ ڈویژن میں معدنی صلاحیت کو بروئے کار لانے میں محکمہ کلیدی کردار ادا کرے

بقیہ نمبر 60
خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی جام کالونی حب شعبہ خواتین کی سرگرم رہنما شاہدہ سرور خاصخیلی نے اپنے ایک اخباری بیان میں بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ پی پی پی لسبیلا کے ضلعی صدر کے عہدے پر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کی تقرری مرکزی و صوبائی قیادت کا مثبت و خوش آئند فیصلہ ہے۔ جس کے دور رس نتائج برآمد ہوں گے شاہدہ سرور خاصخیلی نے مزید کہا کہ لسبیلا میں پارٹی کو فعال و منظم کرنے کے لیے وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ جیسے باصلاحیت اور متحرک نوجوان کی ضرورت تھی قیادت نے ایسے نوجوان کو ذمہ داریاں سونپ کر بہترین فیصلہ ہے۔ جس کی ہم مکمل حمایت کرتے ہوئے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہیں

بقیہ نمبر 61
ئم غیر قانونی یونٹس کے خلاف کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر نیو سکھر بشریٰ منصوری کی نگرانی میں متعلقہ ٹیم نے مذکورہ مقامات کا اچانک معائنہ کیا، جہاں انکشاف ہوا کہ تینوں یونٹس مبینہ طور پر ضروری قانونی اجازت ناموں اور لائسنس کے بغیر پیٹرول اور ڈیزل کی فروخت میں مصروف تھے۔ معائنے کے دوران یونٹس میں پیٹرولیم مصنوعات کی ذخیرہ اندوزی اور فروخت کے لیے مطلوبہ حفاظتی انتظامات بھی ناکافی پائے گئے۔ انتظامیہ کے مطابق مذکورہ مقامات پر فائر اسٹنگشر، دیگر ضروری حفاظتی سامان اور منظور شدہ اسٹوریج ٹینکس موجود نہیں تھے، جبکہ یونٹس پاکستان اسٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (PSQCA) کے متعلقہ قوانین اور حفاظتی تقاضوں کی بھی خلاف ورزی کر رہے تھے۔ ناقص حفاظتی انتظامات کے باعث ان مقامات پر کسی بھی وقت آتشزدگی یا دیگر ناخوشگوار واقعے کا خدشہ موجود تھا۔ صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر بشریٰ منصوری نے تینوں غیر قانونی پیٹرول پمپس / یونٹس کو فوری طور پر سیل کرنے کے احکامات جاری کیے، جس پر انتظامی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے یونٹس کو سربمہر کر دیا۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کو ہدایت کی گئی کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والے مالکان کے خلاف ضابطے کے مطابق مقدمات درج کیے جائیں اور وہاں سے ضبط کی جانے والی پیٹرولیم مصنوعات کو سرکاری تحویل میں لیا جائے۔ اسسٹنٹ کمشنر بشریٰ منصوری نے کہا کہ غیر قانونی اور غیر رجسٹرڈ مقامات پر پیٹرول و ڈیزل کی فروخت نہ صرف قوانین کی خلاف ورزی ہے بلکہ شہریوں کی جان و مال کے لیے بھی سنگین خطرہ بن سکتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کی شکایات اور شہریوں کے تحفظ کو مدنظر رکھتے ہوئے غیر قانونی پیٹرولیم یونٹس کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی اور کسی بھی قسم کی غفلت یا قانون شکنی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انتظامیہ کی جانب سے شہریوں سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنے علاقوں میں غیر قانونی طور پر پیٹرولیم مصنوعات فروخت کرنے والے یونٹس کی نشاندہی کرتے ہوئے متعلقہ انتظامیہ کو اطلاع دیں تاکہ بروقت کارروائی کر کے ممکنہ حادثات اور جانی و مالی نقصان سے بچا جا سکے۔

بقیہ نمبر 62
ہیں۔ ایندھن کی قیمتوں میں معمولی سا اضافہ بھی مال برداری، ٹرانسپورٹ، پیداواری لاگت، اشیائے ضروریہ، صنعتی خام مال اور کاروباری اخراجات میں نمایاں اضافے کا سبب بنتا ہے۔ اس کے نتیجے میں صنعتکار، تاجر، دکاندار، ٹرانسپورٹرز، ملازمت پیشہ افراد اور بالخصوص غریب و متوسط طبقہ شدید متاثر ہوتا ہے۔ سکھر چیمبر نے اس امر پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات فوری طور پر مارکیٹ میں منتقل ہو جاتے ہیں، تاہم جب عالمی یا دیگر عوامل کے باعث قیمتوں میں کمی واقع ہوتی ہے تو اس کا فائدہ عوام اور کاروباری طبقے تک اسی رفتار سے منتقل نہیں ہوتا۔ اس غیر متوازن صورتحال نے مہنگائی کے دباؤ کو مزید بڑھا دیا ہے اور عوام کی قوت خرید مسلسل کم ہوتی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 63
پمپ پر 4 مسلح ڈاکو 32 لاکھ سے زائد کی نقدی اور گارڈ کی بندوق چھین کر فرار ہو گئے

بقیہ نمبر 64
جمیلہ پراچہ کی ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست منظور کر لی۔ مقدمہ تھانہ کینٹ کوہاٹ میں درج ہونے کے بعد جمیلہ پراچہ نے عبوری ضمانت حاصل کر رکھی تھی۔

بقیہ نمبر 65
یہ پیداوار کو اکتوبر کے لیے برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے

بقیہ نمبر 66
رنگ سے مورخان ولد صالح محمد جویا موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا

بقیہ نمبر 67
پریلس کی سہولت فراہم نہ کرنے کے خلاف احتجاج کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ ہاسٹل فیکلٹی اساتذہ کو دے دیے گئے ہیں اور طلبہ کو دوسرے سمسٹر تک ہاسٹل کی بنیادی سہولت سے محروم رکھا جا رہا ہے۔

مراد علی شاہ سے فیصل کریم کنڈی کی ملاقات باہمی تعاون پر اتفاق

دونوں رہنماؤں نے وفاق اور صوبوں کے درمیان بہتر رابطہ کاری اور تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا

ملاقات میں قومی ترقی، عوامی فلاح اور صوبوں کو درپیش مختلف مسائل پر بھی گفتگو کی گئی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے دورہ کراچی کے دوران وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے وزیراعلیٰ ہاؤس کراچی میں ملاقات کی۔ سید مراد علی شاہ نے گورنر خیبر پختونخوا کی آمد پر ان کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور قومی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ سندھ اور خیبر پختونخوا کے درمیان باہمی تعاون اور روابط کو مزید مستحکم بنانے کے امور بھی زیرِ غور آئے۔ دونوں رہنماؤں نے وفاق اور صوبوں کے درمیان بہتر رابطہ کاری اور تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ ملاقات میں قومی ترقی، عوامی فلاح اور صوبوں کو درپیش مختلف مسائل پر بھی گفتگو کی گئی۔ اس موقع (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7پر)

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ عسکر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ٹنڈو غلام علی کے قریب سولر پلیٹوں کی چوری

مذاحمت پر ضعیف محنت کش چوکیدار پر وحشیانہ تشدد کی واردات

بدین (نامہ نگار) ٹنڈو غلام علی کے قریب گاں سو گھلڑو میں چوروں کی کھیت میں لگی سولر پلیٹوں کی چوری پر قریب سوئے ہوئے ایک ضعیف محنت کش چوکیدار قہر گھلڑو کی مذاحمت پر چو (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

جاوید جمالی گل حسن محمد حسنی، علی اکبر زہری و دیگر کی حفیظ مینگل کی کزن کی انتقال پر تعزیت

مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیئے دعائے مغفرت کی۔

حب (نمائندہ بولان) ضلع کونسل حب کے چیرمین جاوید جمالی، میونسپل کارپوریشن حب کے چیرمین گل حسن محمد حسنی، وائس چیرمین عظیم سیاں، فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی کے چیرمین علی اکبر زہری، بی پی ضلع حب کے نائب صدر حاجی ملوک بنگلزئی، کونسلر رزاق لاسی، کونسلر ممتاز لہڑی، وائس چیرمین (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

عوامی شکایات کے فوری ازالے اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے متحرک کردار ادا کرنے کا حکم

پیرافورس کے ڈسپلن، قانون کی عملداری اور گڈ گورننس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

عوامی مسائل کے حل اور گڈ گورننس کے فروغ کے لیے فیلڈ میں موثر اقدامات یقینی بنائے جائیں، ڈاکٹر فیصل سلیم

ملتان (نمائندہ بولان) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم نے پیرا فورس کو عوامی شکایات کے فوری ازالے اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے متحرک کردار ادا کرنے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے پرائس کنٹرول، تجاوزات کے خلاف آپریشن اور سرکاری وشہری اراضی سے قبضہ جات واگزار کرانے کی مہمات کو مزید تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی مسائل کے حل اور گڈ گورننس کے فروغ (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کی اہم بیٹھک حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر اطمینان کا اظہار

، پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء حاجی ملوک بنگلزئی کے بیٹھک پر پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء میر اکبر زہری، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل حب جاوید جمالی،

چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی، وڈیرہ رفیق سیاپاد، سابق وائس چیئرمین حب سرور مگسی و دیگر کا اہم اجلاس منعقد ہوا

حب (نمائندہ بولان) پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کی اہم بیٹھک، حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر اطمینان کا اظہار، پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء حاجی ملوک بنگلزئی کے بیٹھک پر پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء میر اکبر زہری، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل حب جاوید جمالی، چیئرمین میونسپل (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عبداللہ خان ناصر کے وفات پر فاتحہ خوانی دوسرے روز بھی جاری

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو جمعیت علما اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا محمد خان شیرانی جمعیت علما اسلام کے مرکزی رہنما ورکن قومی اسمبلی میر عثمان بادینی

سابق گورنر بلوچستان سید ظہور آغا سابق صوبائی وزیر فیض کاکڑ سابق رکن صوبائی اسمبلی ثنا بلوچ جمعیت علما اسلام نظریاتی کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی و دیگر نے تعزیت کی

کوئٹہ (اے این این) سینئر صحافی و اینکر ظاہر خان ناصر کے بھائی عبداللہ خان ناصر کے وفات پر فاتحہ خوانی دوسرے روز کوئٹہ میں جاری رہی جس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو جمعیت علما اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا محمد خان شیرانی جمعیت علما اسلام کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی میر عثمان بادینی عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما سابق گورنر بلوچستان سید ظہور آغا سابق صوبائی وزیر فیض کاکڑ سابق رکن صوبائی اسمبلی ثنا بلوچ جمعیت علما اسلام نظریاتی کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی جمعیت علما اسلام کے سابق ضلعی صدر مو (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

ڈاکٹر آغا حسنین نازش کے اعزاز میں الوداعی عشائیہ، تمثیل حیدر کی نیک تمناؤں کا اظہار

ڈاکٹر نازش کو درس وتدریس کے شعبے میں دو دہائیوں سے زائد کا تجربہ حاصل ہے

وہ متعدد ملکی وبین الاقوامی جامعات واداروں سے وابستہ رہ چکے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) معروف علمی وادبی شخصیت تمثیل حیدر نے پاکستان کے نامور مصنف، شاعر، مدرس، کالم نگار، مترجم، افسانہ نگار، ماہر تعلیم اور دانشور ڈاکٹر آغا حسنین نازش کے اعزاز میں اسلام آباد کے ایک نجی ہوٹل میں عشائیہ دیا اور ان کے بین الاقوامی ادبی دورے پر روانگی سے قبل الوداعی ملاقات کی۔ اس موقع پر تمثیل حیدر نے ڈاکٹر آغا حسنین نازش کی علمی، ادبی اور تدریسی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ محقق اور ہمہ جہت شخصیت ہیں۔ ڈاکٹر نازش کو درس و تدریس (بقیہ 40 صفحہ 7پر)

نصیر آباد پولیس کی بڑی کارروائی، مطلوب ملزمان گرفتار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اہم کامیابی حاصل کرلی، مختلف مقدمات میں مطلوب 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا پولیس کے مطابق کارروائی ڈی آئی جی نصیر آباد رینج کامران نواز پنجوتھا اور ایس ایس پی نصیر آباد سردار اسدا (بقیہ 42 صفحہ 7پر)

ذیشان جاوید کو کمشنر کوئٹہ ڈویژن تعینات کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) ذیشان جاوید کو کمشنر کوئٹہ ڈویژن تعینات کر دیا گیا۔ چیف سیکرٹری بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروسز کے گریڈ 19 کے آ (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

قانونی حقوق، باعزت اور سازگار ماحول فراہم کرنے سے آگاہی

کمیونٹی مڈوائفری اسکول کی طالبات اور دیگر عملے نے بڑی تعداد میں شرکت کی سیمینار

بدین (نامہ نگار) صوبائی محتسب سندھ کے ریجنل آفس ضلع بدین کی جانب سے گورنمنٹ کمیونٹی مڈوائفری اسکول بدین میں کام کی جگہ خواتین کو ہراساں ہونے سے تحفظ کا قانون (2010) ایکٹ نمبر IV آف (2010) کے حوالے سے آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا، جس میں کمیونٹی مڈوائفری اسکو (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

گورنمنٹ پرائمری اسکول پیر عالی شاہ کوٹ میں پروقار اور واک کا انعقاد

این سی ایچ ڈی کے افسران، رضا کاروں، اسکول اساتذہ اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی

بدین (نامہ نگار) محکمہ تعلیم اور نیشنل کمیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام عالمی یوم خواندگی کے حوالے سے گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول پیر عالی شاہ کوٹ میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی، جس میں این سی ایچ ڈی کے افسران، رضا کاروں، اسکول اساتذہ اور طلبہ نے بڑی تعداد (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

حب۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا کو محکمہ مائنز اینڈ منرل حب کے ڈائریکٹر محمد ابراہیم بازئی محکمانہ بریفنگ دے رہے ہیں

اسرائیل، سمندری پانی صاف کرنے والے پلانٹس میں کائی آ گئی، پانی کی فراہمی متاثر

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل میں بحیرہ روم کے ساحل پر مائیکروسکوپک کائی کے غیر معمولی پھیلانے سمندری پانی صا (بقیہ 38 صفحہ 7پر)

چیئرمین میونسپل کارپوریشن نے حب شہر میں صفائی مہم کا آغاز کر دیا

مختلف علاقوں، گلیوں اور شاہراہوں سے کچرے کا خاتمہ کیا جائے گا اور شہریوں کو صاف ستھرا اور بہتر ماحول فراہم کیا جائے گا

حب (نمائندہ بولان) چیئرمین میونسپل کارپوریشن نے حب شہر میں صفائی مہم کا آغاز کر دیا، اس موقع پر چیئرمین حب گل حسن محمد حسنی نے کہا کہ صفائی مہم کو تسلسل کے ساتھ جاری رکھتے ہوئے شہر کے مختلف علاقوں، گلیوں اور شاہراہوں سے کچرے کا خاتمہ کیا جائے گا اور شہریوں کو صاف ستھرا اور بہتر ماحول فراہم کیا جائے گا حب کی خوبصورتی اور صفائی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اس لیے (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

خواتین کا کردار ملک کی ترقی کیلئے نہایت ضروری ہے سید محمد نہال ہاشمی

معرکہ حق کے بعد پاکستان کا نام دنیا بھر میں بلند ہوا ہے ڈاکٹر فرحان عیسی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاکٹر عیسی لیبارٹری اینڈ ڈاگناسٹک سینٹر اور نیا ناظم آباد کے اشتراک سے عزمِ پاکستان کے عنوان سے ایک پروقار تقریب اور فیملی کارنیول کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد شہدائے پاکستان کو خراجِ تحسین پیش کرنا، خواتین کے ملکی ترقی میں کردار کو اجاگر کرنا اور نوجوان نسل خصوصا نوجوان کاروباری افراد کی حوصلہ افزائی کرنا تھا اس موقع پر ڈاکٹر عیسی لیبارٹری اینڈ ڈاگناسٹک سینٹر کی جانب سے تمام معزز مہمانانِ گرامی کو خوش آمدید کہا گیا اور ان کی شرکت پر تہہ دل سے اظہارِ تشکر کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی تھے جبکہ اس موقع پر سی ای او ڈاکٹر عیسی لیبارٹری اینڈ ڈاگنا (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7پر)

پیٹرولیم قیمتوں میں ظالمانہ اضافہ فوری واپس لیا جائے، سلمان اکرم

حکومت کی غلط معاشی پالیسیوں کا بوجھ غریب عوام برداشت کر رہے ہیں

پیٹرول اور ڈیزل مہنگا ہونے سے اشیائے خورونوش اور ترسیلی اخراجات بڑھیں گے، سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ حکومت نے پیٹرول مہنگا کر کے عوام کے ہوش اڑا دیئے۔ ایک بیان میں سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 72 پیسے اضافہ معاشی ڈھونگ ہے، پیٹرول اور ڈیزل (بقیہ نمبر 45 صفحہ 7پر)

پاکستان خطے میں امن واستحکام کیلئے پرعزم ہے، ممتاز زہرا بلوچ

پاکستان عالمی امن، سلامتی اور ترقی کے مشترکہ مقاصد کیلئے عالمی تعاون کو مضبوط بنانے پر یقین رکھتا ہے

ہمسایہ ممالک کے ساتھ پرامن اور باہمی احترام پر مبنی تعلقات کے خواہاں ہیں، اپنے دفاع پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے، تقریب سے خطاب

پیرس (این این آئی) فرانس میں پاکستانی سفیر ممتاز زہرا بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی امن، سلامتی اور ترقی کے مشترکہ مقاصد کیلئے بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانے پر یقین رکھتا ہے، ہمسایہ ممالک کے ساتھ پرامن اور باہمی احترام پر مبنی تعلقات کے خواہاں ہیں تاہم اپنے دفاع پر (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7پر)

بیلا میں کنڈا کلچر کے خاتمے لوڈشیڈنگ میں کمی اور شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے اہم پیش رفت

چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلہ میر مبشر عزیز کھوسہ اور وائس چیئرمین طارق علی بلوچ سے کے الیکٹرک حکام کی اہم سی آفس میں اہم ملاقات

شہریوں کو بجلی کی قانونی سہولت کی فراہمی اور ان کے مسائل کا فوری حل ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ طارق علی بلوچ

بیلا (نمائندہ بولان) بیلا میں کنڈا کلچر کے خاتمے لوڈ شیڈنگ میں کمی اور شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے اہم پیش رفت چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلہ میر مبشر عزیز کھوسہ اور وائس چیئرمین طارق علی بلوچ سے کے الیکٹرک حکام کی اہم سی آفس میں اہم ملاقات تفصیل کے مطابق چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلا میر مبشر عزیز کھوسہ اور وائس چیئرمین طارق علی بلوچ سے کے الیکٹرک کے سینئر انچارج محسن ابڑو، (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

وسطی کرم میں مبینہ کواڈ کاپٹر حملہ، دو افراد جاں بحق

کوہاٹ (این این آئی) قبائلی ضلع کرم کی وسطی تحصیل کے علاقے تیندو میں مبینہ کواڈ کاپٹر حملے کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے

وڈیرہ شاہنواز حسن لاسی جاموٹ کی حاجی میر جمعہ خان بادینی کے انتقال پر تعزیت

پاکستان پیپلز پارٹی غم کی اس گھڑی میں بادینی خاندان کے ساتھ کھڑی ہے

بیلا (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلہ کے ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن لاسی جاموٹ نے ایم پی اے نوشکی حاجی میر غلام دستگیر بادینی سے ان کیوالد محترم حاجی میر جمعہ خان بادینی کے انتقال پر ان کی رہائشگاہ بادینی ہاس جناح ٹاؤن کوئٹہ میں ملاقات کی اور گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اس موقع پر وڈیرہ شاہنواز جاموٹ نے کہا کہ حاجی میر جمعہ خان بادینی ایک باوقار، مخلص اور عوامی شخصیت تھے۔ ان کے انتقال سے نہ صرف بادینی خاندان بلکہ پورے علاقے کا بڑا نقصان ہوا ہے۔ اللہ تعالی مرحوم کے درجا (بقیہ 48 صفحہ 7پر)

بغداد، کتابی میلے میں ممالک کی بڑی تعداد میں شرکت، پچھلے تمام ریکارڈ توڑ دیئے

بغداد (این این آئی) عراق کے دارالحکومت بغداد میں 27 واں انٹرنیشنل بک فیئر اس سال ریکارڈ بین الاقوامی شرکت کے ساتھ جاری ہے

سامی فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام یونیورسٹی آف سندھ لاڑ کیمپس بدین میں آواز کارنر کا افتتاح.

کیمپس میں آواز کارنر قائم کرنے کا مقصد نوجوانوں کو ایسا پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے جہاں وہ تشدد کے واقعات اور دیگر سماجی مسائل کی رپورٹ کر سکیں

کاشف رضا منگی نے سامی فاؤنڈیشن کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے اسے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا

بدین (نامہ نگار) یونیورسٹی آف سندھ، لاڑ کیمپس بدین میں آواز کارنر کی افتتاحی تقریب کا باقاعدہ افتتاح ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر بدین کاشف رضا منگی نے کیا آواز کارنر سامی فاؤنڈیشن کی جانب سے آواز II- پروگرام کے تحت قائم کیا گیا ہے، جو کیئر پاکستان کے تعاون اور برطانیہ حکومت کی مالی معاونت سے نافذ کیا جا رہا ہے۔ یہ بدین ضلع کے کسی تعلیمی ادارے میں سامی فاؤنڈیشن کی جانب سے قائم کیا (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

پشاور، پوسٹ گریجویٹ کالج آف نرسنگ کے طلبہ وطالبات کا احتجاج

پشاور (این این آئی) پشاور میں پوسٹ گریجویٹ کالج آف نرسنگ کے طلبہ و طالبات کے احتجاج کے دوران پولیس نے 11 مظاہرین کو گرفتار کر لیا۔ پوسٹ گریجویٹ کالج آف نرسنگ کے طلبہ وطالبات نے ہاسٹل اور کلینیکل (بقیہ 67 صفحہ 7پر)

ساکران پولیس کارروائی، ڈکیتی کا ملزم گرفتار

قبضے سے واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ، چھینی گئی موٹر سائیکل، موبائل فون اور نقد رقم برآمد کر لی گئی

حب (نمائندہ بولان) ساکران پولیس کارروائی، ڈکیتی کا ملزم گرفتار، اسلحہ، چھینی گئی موٹر سائیکل، موبائل فون اور نقدی برآمد اس حوالے سے ایس پی آفس سے جاری پریس ریلیز کے مطابق تھانہ ساکران پولیس نے ڈکیتی کی واردات کے فوری بعد بروقت کارروائی کرتے ہوئے ایک مبینہ ملزم کو گرفتار کر لیا، جبکہ اس کے قبضے سے واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ، چھینی گئی موٹر سائیکل، موبائل فون اور نقد رقم برآمد کر لی گئی امروز مدعی اپنے گھر کے قریب واقع پرچون کی دکان کھولنے کے لیے صبح تقریباً 06.30 بجے اپنی (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

جھل مگسی کے علاقے میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی کے علاقے ہتھیاری میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ضلع جھل مگسی کے علاقے پولیس ہتھیاری کی حدود میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سوار افراد کی فا (بقیہ نمبر 66 صفحہ 7پر)

گڈانی پولیس کی کارروائی، بکری چور گرفتار، چوری شدہ بکری برآمد

پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی

حب (نمائندہ بولان) گڈانی پولیس کی کارروائی، بکری چور گرفتار، چوری شدہ بکری برآمد اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ گڈانی پولیس نے چوری شدہ بکری برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا اور چوری میں استعمال شدہ گاڑی کو قبضے میں لے لیا گیا پولیس نے ملزمان کے خلاف (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

حب۔ گڈانی پولیس کی کارروائی میں پکڑے ملزمان اور برآمد شدہ بکری اور چوری میں استعمال کی گئی گاڑی سے متعلق پولیس آفیسر تفصیلات بتا رہے ہیں

ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہری کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، دو ملزمان گرفتار

مسلسل تفتیش کے نتیجے میں ملزم طالب حسین کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی

حب (نمائندہ بولان) ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہری کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں، دو ملزمان گرفتار، چرس اور چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات اور ایس ڈی پی او حب امام یعقوب بلوچ کی زیرِ نگرانی ایس ایچ او (بقیہ نمبر 52 صفحہ 7پر)

حب۔ ایس ایچ او حب سٹی تھانہ عبدالصمد زہری مختلف کارروائیوں میں پکڑے ملزمان کے حوالے سے تفصیلات بتا رہے ہیں

پشاور میں اربوں روپے کی لاگت سے لائنیں بچھانے کے باوجود شہری سوئی گیس سے محروم

پشاور (این این آئی) پشاور میں سوئی گیس بحران پر قابو پانے کے لئے اربوں روپے کی لاگت سے سوئی گیس پائپ لائنیں بچھانے کے باوجود شہری سوئی گیس کی سہولت سے محروم ہیں اور مہنگے داموں گیس سلنڈر استعمال کرنے پر مجبور ہیں۔ پشاور کے باسی کئی برس سے قدرتی گیس سے محروم ہیں، گیس بحران کو حل کرنے کے لیے پورے شہر میں سوئی گیس کے نئے پائپ بچھائے گئے، رنگ روڈ اور جی ٹی روڈ سے گزرنے والی مین پائپ لائن سے اربوں روپے کی لاگت سے پائپ لائن گلی گلی بچھائے گئے۔

مریم نواز سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے نائب صدر کی ملاقات

پینے کے صاف پانی کی فراہمی، زراعت، ٹیکنیکل ہنر، صحت اور تعلیم جیسے اہم شعبوں میں مل کر چلنے پر اتفاق

نرسنگ تعلیم، اسکولوں میں سٹیم لیبز کے قیام اور کسانوں کو زرعی مشینری کیلئے تین رعایتی قرضوں کے معاہدوں پر بات چیت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے گزشتہ روز (جنوبی، مرکزی اور وسطی ایشیا)، ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے نائب صدر ینگ منگ یانگ نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے نائب صدر ینگ منگ یانگ کا خیر مقدم کیا۔ ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے نائب صدر نے پرتپاک میزبانی پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کیا۔ اے ڈی بی کے نائب صدر نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے عوامی خدمت کے ویژن اور سپیڈ کو سراہا۔ ملاقات میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی، زراعت، ٹیکنیکل ہنر، صحت اور تعلیم جیسے اہم شعبوں میں مل کر چلنے پر اتفاق کیا گیا۔ اس (بقیہ 53 صفحہ 7پر)

حب۔ چیئرمین حب گل حسن محمد حسنی شہر میں صفائی مہم کے آغاز کے موقع پر میونسپل کارپوریشن حب کے عملے کو ہدایات جاری کر رہے ہیں

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ناقابل قبول، حکومت فوری ریلیف دے: سکھر چیمبر

قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ پہلے سے مشکلات کا شکار ملکی معیشت، صنعت وتجارت اور عام آدمی کے لیے مزید سنگین مسائل پیدا کر رہا ہے

سکھر (نمائندہ بولان) سکھر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے پر شدید تشویش اور سخت مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ پہلے سے مشکلات کا شکار ملکی معیشت، صنعت وتجارت اور عام آدمی کے لیے مزید سنگین مسائل پیدا کر رہا ہے۔ موجودہ معاشی حالات میں اس نوعیت کے مسلسل فیصلے کاروباری سرگرمیوں اور عوامی قوت خرید پر براہِ راست منفی اثرات مرتب کر رہے ہیں۔ سکھر چیمبر نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات محض ٹرانسپورٹ کا ذریعہ نہیں بلکہ ملکی معیشت کے تقریباً ہر شعبے سے براہ راست منسلک (بقیہ 62 صفحہ 7پر)

اوپیک پلس کا اکتوبر کے لیے تیل کی پیداوار برقرار رکھنے کا اعلان

ویانا (این این آئی) تیل پیدا اور برآمد کرنے والے ممالک کی تنظیم اوپیک پلس کے سات رکن ممالک نے ستمبر کی مطلو (بقیہ 65 صفحہ 7پر)

روس میں برفانی تودہ گرنے سے 11 افراد ہلاک، 6 لاپتہ

ماسکو (این این آئی) روس کے شمالی قفقاز کے علاقے کاباردینو بلکاریا میں ماؤنٹ میزھرگی سے برفانی تودہ گرنے کے نتیجے میں کم از کم 11 کوہ پیما ہلاک اور 6

مصنوعی مہنگائی اور منافع خوری کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی۔ ملک بہادر خان بنگلزئی

مصنوعی مہنگائی کسی صورت قبول نہیں، شہریوں کو ریلیف اور پرامن ماحول کی فراہمی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے

سیوی (رپورٹ۔ اللہ یار ڈومکی) مصنوعی مہنگائی کسی صورت قبول نہیں، شہریوں کو ریلیف اور پرامن ماحول کی فراہمی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، ضلعی انتظامیہ عوام کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، اسسٹنٹ کمشنر ملک بہادر خان بنگلزئی۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر سیوی والٹری ملک بہادر خان بنگلزئی نے کہا ہے کہ شہریوں کو ریلیف اور پرامن ماحول فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے، اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں مصنوعی مہنگائی اور منافع خوری کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی۔ تاجر حضرات حکومت کی جانب سے جاری کردہ پرائس (بقیہ 54 صفحہ 7پر)

عوامی شکایات پر نیو سکھر میں 3 غیر قانونی پٹرول پمپس سیل، مالکان کے خلاف کارروائی کی ہدایت

کارروائی سکھر ٹاؤن شپ، سٹی پوائنٹ اور بچل شاہ میانی میں قائم غیر قانونی یونٹس کے خلاف کی گئی

سکھر (نمائندہ بولان) عوامی شکایات اور موصول ہونے والی اطلاعات پر اسسٹنٹ کمشنر نیو سکھر محترمہ بشریٰ منصور نے تعلقہ نیو سکھر کی مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے تین غیر قانونی پٹرول پمپس / فیلنگ یونٹس کو سیل کر دیا۔ کارروائی سکھر ٹان شپ، سٹی پوائنٹ اور بچل شاہ میانی میں قا (بقیہ 61 صفحہ 7پر)

کوہاٹ، ایم پی اے جمیلہ پراچہ کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور

کوہاٹ (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ کوہاٹ نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رکن خیبر پختونخوا اسمبلی (بقیہ 64 صفحہ 7پر)

گوجرانوالہ، بڑی کے ہاتھوں چھوٹی بہن کا قتل، ملزمہ کو ورثا نے معاف کر دیا

گوجرانوالہ (این این آئی) گوجرانوالہ میں بڑی بہن کے ہاتھوں مبینہ طور پر چھوٹی بہن کے قتل کیس میں ملزمہ کو ورثا نے معاف کر دیا۔

سکھر: سندھ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کا پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈپارٹمنٹ کے خلاف احتجاج

4 ارب روپے کے ٹینڈر میں مبینہ بے ضابطگیوں کا الزام

سکھر (نمائندہ بولان) سندھ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کی جانب سے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈپارٹمنٹ کے خلاف سکھر میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس میں بڑی تعداد میں کنٹریکٹرز نے شرکت کی۔ مظاہرین نے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی جانب سے مبینہ طور پر سپرا قوانین کی خلاف ورزی (بقیہ نمبر 55 صفحہ 7پر)

پیپلز پارٹی لسبیلہ ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کی قیادت میں فعال و منظم ہوگی

نو منتخب ضلعی صدر باصلاحیت تعلیم یافتہ اور متحرک نوجوان ہیں۔ شاہدہ سرور خاصخیلی

بیلا (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلہ ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کی قیادت میں فعال و منظم ہوگی نو منتخب ضلعی صدر باصلاحیت تعلیم یافتہ اور متحرک نوجوان ہیں ان (بقیہ 60 صفحہ 7پر)

راولپنڈی، پیٹرول پمپ پر 4 مسلح ڈاکو 32 لاکھ روپے لے کر فرار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ وارث خان کے علاقے ٹیپو روڈ پیٹرول (بقیہ 63 صفحہ 7پر)

تحفظ ختم نبوت کانفرنس، ہزاروں افراد کی شرکت، عقیدہ ختم نبوت ﷺ کے تحفظ کے عزم کا اظہار،

عقیدہ ختم نبوت ﷺ اسلام کے بنیادی اور قطعی عقائد میں سے ہے، جس پر امت مسلمہ کا اجماع اور اتفاق ہے

اوتھل (نمائندہ بولان) تحفظ ختم نبوت کانفرنس، ہزاروں افراد کی شرکت، عقیدہ ختم نبوت ﷺ کے تحفظ کے عزم کا اظہار، وایارہ اوتھل میں جمعیت علماء اسلام تحصیل اوتھل کے (بقیہ 57 صفحہ 7پر)

حب۔ پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء میر اکبر زہری، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل حب جاوید جمالی، چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی، وڈیرہ رفیق سیاپاد، سابق وائس چیئرمین حب سرور مگسی، کونسلران ممتاز لہڑی، وہاب رند، ارباب محمد حسنی سمیت سرفراز سومرو و دیگر کا پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء حاجی ملوک بنگلزئی کی بیٹھک پر اجلاس کر رہے ہیں

سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو کے چچا میر عبداللہ جان بزنجو انتقال کر گئے

مرحوم کی نماز جنازہ بزنجو ہاؤس پٹھان کالونی حب میں ادا کی گئی بعدازاں سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں مرحوم کو بھوانی کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں سیاسی وسماجی شخصیات، قبائلی عمائدین، سرکاری افسران، صحافیوں، علاقائی معززین اور عزیز اقارب نے کثیر تعداد میں شرکت کی

حب (نمائندہ بولان) سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو کے چچا میر عبداللہ جان بزنجو انتقال کر گئے ہیں مرحوم کی نماز جنازہ بزنجو ہاؤس پٹھان کالونی حب میں ادا کی گئی بعدازاں سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں مرحوم کو بھوانی کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں سیاسی وسماجی شخصیات، قبائلی عمائدین، سرکاری افسران، صحافیوں، علاقائی معززین اور عزیز اقارب نے کثیر تعداد میں شرکت کی علاوہ ازیں سابق وزیراعلیٰ بلوچستان وسینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو، بزنجو کارواں کے سرپرست اعلیٰ میر جمیل بزنجو، میر عبدالوہاب بزنجو کے چچا، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل آواران میر نصیر جان بزنجو اور جی ایم بی ڈی اے میر منیر بزنجو کے کزن میر عبداللہ جان بزنجو کے انتقال پر مختلف سیاسی، سماجی، کاروباری اور صحافتی شخصیات نے بزنجو ہاؤس پٹھان کالونی حب میں (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

اوتھل، جے یو آئی اوتھل کے زیر اہتمام عظیم الشان کانفرنس سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

قریشی برادری کی سکھر میں زمینوں کے مبینہ غیر قانونی انتقال کے خلاف احتجاجی ریلی

نیو سکھر کی آبائی زمینوں کا مسئلہ صرف ایک گاؤں کا نہیں، بلکہ ہماری تاریخ، وراثت اور جائز حقوق کے تحفظ کا مسئلہ ہے

جامشورو (بولان بیورو) سندھ قریشی ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن جامشورو کی جانب سے سکھر کی قریشی برادری کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنے کے لیے جامشورو ڈسٹرکٹ پریس کلب کے سامنے ایک احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ اس موقع پر احتجاج کی قیادت کرنے والے رہنماں ندیم عرف محمد بخش قریشی، محمد کاظم قریشی، وحید قریشی، اعجاز احمد قریشی، اخلاق احمد قریشی اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سکھر (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7پر)

غیر رجسٹرڈ مائننگ فرمز کیخلاف فوری ایکشن لیا جائے، سائرہ عطا

بلوچستان میں معدنیات اور کان کنی کے شعبے میں مائنز اینڈ منرل کی صنعت ملکی معیشت کی لیبر یونیونیکلیشن میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے

صوبے کی اقتصادی ترقی اور اس صنعت کی معدنی وسائل کو فروغ دینے میں وزیر اعلی کے وژن کے تحت انتظامیہ بھرپور معاونت فراہم کرے گی

حب (نمائندہ بولان) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ بلوچستان میں معدنیات اور کان کنی کے شعبے میں مائنز اینڈ منرل کی صنعت ملکی معیشت کی لیبر یونیونیکلیشن میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے صوبے کی اقتصادی ترقی اور اس صنعت کی معدنی وسائل کو فروغ دینے میں وزیر اعلی (بقیہ نمبر 59 صفحہ 7پر)

کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کو ڈائریکٹر مائنز اینڈ منرل محمد ابراہیم بازئی بریفنگ دے رہے ہیں